زنجانی جنتری 2022

بینُ المذاہب مُحبت کا عالمی سال؟

All's fair in love and war

Subscribe now
Youtube Channel

ASTROLOGY FOR ALL

REGD. CPL NO 134

اپنے اندر بے پناہ علمی و روحانی خزانہ لیے ہوئے 1947 سے ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے

قدیم و جدید ریسرچ پر مشتمل پاک و ہند میں شائع ہونے والا منفرد آفاق، فلکیاتی و روحانی مجا

مومن کو چاہیے کہ وقت موت یا تو وہ قرآن مجید پڑھ چکا ہو یا قرآن پاک کی تعلیم حاصل کر رہا ہو۔ (امام جعفر صادقؑ)

حمد

قمر زیدی

شایانِ شان تری کر سکیں بیاں
اتنی مجال معنی و الفاظ میں کہاں
میں بندہ فقیر و گنہگار اور تو
غفار و پروردگار و مددگار و مہرباں
پروردگار قادر مطلق ہے تیرا نام
اک حرفِ کن سے تو نے بنائے ہیں دو جہاں
یکتا ہے تیری ذات، دوامی تری صفات
قلب بشر میں ہے جو ہے تجھ پہ عیاں
سوچوں تو اردگرد دیکھوں تو آس پاس
محسوس گر کروں تو دل و جان میں ہے نہاں
مالک تری ثنا ہے مرکزِ خیال
ہوتا ہے ہر کرن سے مرے فن کی تو عیاں

نعت

تابش دہلوی

تمام شکل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جلوہ آرا ہے
وہ حسن ذات جو ہر آئینہ سے پیدا ہے
یہ راز مجھ پہ تری رحمتوں سے فاش ہوا
کہ یہ وجود تو محرومیوں کی دنیا ہے
احد نہیں مگر احمد ہیں کیا یہ کیا معلوم
حجابِ میم یہاں کب کسی سے اٹھا ہے
میرے وجود کی تشنگی بجھائے گا
سراب جس کے سحابِ کرم سے دریا ہے
کبھی حرم ہے مدینہ کبھی مدینہ حرم
نگاہِ شوق یہ عالم بھی دیکھنے کا ہے
بہت ملا ہے رؤف و رحیم سے تابش
بتاؤں کیا کہ مرے دامن میں آج کیا کیا ہے

منقبت

کھلے ہیں پھول اور چٹکی کلی ہے
نبی کی گود میں ان کا وصی ہے
علیؑ کا تذکرہ ہے ہر زباں پر
ہوا بھی آج اِٹھلا کر چلی ہے
پڑھو صلے علیٰ مل کر عزیزو
حرم میں آج میلاد علیؑ ہے
ولائت جس کو کعبے سے ملی ہے
کہا حق نے یہی میرا ولی ہے
ولادت کے لیے مخصوص کب تھا
شرف یہ دیکھ کر دنیا جلی ہے
خزاں کا دور چھٹنے کو ہے مظہر
نسیم صبح یہ کہہ کر چلی ہے

بین المذاہب محبت کا عالمی سال؟

سال ہذا کے اس منفرد (خوبصورت) امتزاج کو علم الاعداد کی روشنی میں ہم مثبت اور منفی دونوں پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں یقیناً قارئین ہماری اس ادنیٰ سی کاوش پر غور وفکر کر کے مزید کائناتی راز جان سکتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم نے سورج چاند ستارے کھیل تماشہ کے لئے نہیں بنائے عقل مند لوگوں کے لئے اس میں نشانیاں ہیں۔ **2+2+0+2** = مفرد نمبر **6** ستارہ زہرہ اور **سید الیوم** دن جمعۃ المبارک برج ثور و میزان سے منسوب ہے جبکہ ہنود اسے **لکشمی دیوی** یونانی اسے **فرڈ انیٹ** حسن وجوانی پیار و محبت خوشی وشادمانی دُنیا کی رنگینیوں کا ستارہ مانتے ہیں۔ یہ ستارہ عالمی نسواں (خواتین) کاروباری تجارتی سرگرمیوں سیر وسیاحت اسلام میں جمعۃ المبارک سردار الیوم اس دن کی عبادت عام دنوں کی عبادت سے افضل اسی نسبت سے زیارات مقدسہ حج وعمرہ کی بحالی جیسے خوش کن اقدامات کی قوی اُمید کی جاسکتی ہے۔ کیا **2022**ء بین المذاہب محبت کا عالمی سال بن کر ابھرے گا؟ اپنی تحقیق کو ہم مزید آگے بڑھائیں تو جان کر روحانی خوشی محسوس کر سکتے ہیں کہ نمبر **2** ستارہ قمر آبی برج سرطان سے منسوب تین مرتبہ آیا ہے یوں بھی دُنیا میں تین حصے پانی اور ایک حصہ خشکی پائی جاتی ہے۔ برج سرطان فطرتی طور سے بارہ منطقۃ البروج کا چوتھا برج ماں اور دھرتی ماں کا برج **ستارہ قمر** جسے مون یا چندر ماں بھی کہا جاتا ہے ماں کی محبت، معراج محبت ہے۔ اسی سبب اللہ بھی اپنی مثال ستر (**70**) ماؤں کی محبت سے مشابہ بیان فرماتا ہے۔ تین (**3**) مرتبہ نمبر دو (**2**) کا آنا **ماں ماں اور بس ماں کی عالمی محبت کا مظہر ہے**۔ اب رہا نمبر صفر (**0**) یوں تو یہ الگ کوئی حیثیت نہیں رکھتا مگر جب کسی نمبر سے جوڑ جائے اس کی شان بڑھا دیتا ہے۔ علم الاعداد کے ماہرین نے اسے آبی برج عقرب جسکا مالک ستارہ مریخ آتشی ہے۔ آب و آتش کا یہ ملاپ پٹرولیم والے آب (پٹرول) کی فطرت اختیار کر جاتا ہے جسے آگ لگائی جائے تو یہ بھڑک اٹھتی ہے مزید ہم جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ کیا **2022**ء آسمانی کونسل پر کوئی ستاروں کی جنگ کا نقشہ تو نہیں بن رہا؟ فطرتی زائچہ میں برج جدی دسواں برج عالمی حکمرانوں ڈکٹیٹروں بادشاہوں صدور اور وزراء اعظموں سے منسوب ہے۔ **11** فروری **2021**ء اسی برج میں سات ستارے اور اب **28** فروری **2022**ء پھر چھ ستاروں کا اجتماع اس برج میں ہونے سے خصوصاً **248** سال بعد **4,3,2** مارچ برج جدی میں **مریخ پلوٹو کا منحوس قران** دیگر عجیب وغریب **30** سال بعد قران نحسین مریخ زحل **5,4,3** اپریل ہوگا۔ تب ستارہ زحل اپنے ذاتی جدی میں عروج یافتہ ستارہ مریخ شرف یافتہ ہو کر بھی سعادت کے برعکس نحوست دیں گے۔ فطرتی زائچہ میں برج جدی میں پلوٹو مریخ زحل کا صدیوں بعد مقابل برج سرطان آبی برج پر مکمل نگاہ ڈالنا جبکہ **2022**ء میں تین آبی نمبر ایک آتشی نمبر ہونے کے سبب سپر پاور اپنی برتری دکھانے کیلئے شرکت کر کے اپنے سمندری بحری بیڑوں کو جنگ میں جھونک سکتے ہیں۔ سمندروں میں (عالمی حکمرانوں خصوصاً جنگ عظیم دوئم سے عالمی جنگوں کا خانہ بدوش امریکہ جو حال ہی میں افغانستان کے طالبان سے شکست کھا کر نکلا ہے) آتشی جنگ سمندری حیات کے نقصان سمندر کنارے شہروں میں سونامی اور سطح سمندر سے بالا شہروں کے ڈوبنے کا بھی خدشہ ہے۔ عالمی جنگوں کا خود ساختہ ہیرو امریکہ نے اس مقولے کو سچ کر رکھا ہے کہ **جنگ و محبت میں سب جائز ہے**۔ جب چاہا کوئی بہانہ بنا کر اسلامی ممالک خصوصاً عراق، لیبیا، شام، افغانستان میں گھس گیا اور انجام کار بیس سال کے بعد ذلت آمیز شکست سے دوچار ہوا۔ صرف ایک افغان جنگ میں امریکہ ایک کھرب ڈالر اور لاکھوں جانیں شہید وضائع کر چکا ہے۔ جبکہ دس فیصد ڈالروں سے محبت امن کے گلشن کھلائے جا سکتے ہیں۔ **2022**ء کا مفرد عالمی نمبر علم الاعداد کے کرشمہ قدرت کے تحت **محبت محبت اور بس محبت** کے پھول کھلانے میں مددگار یوں اس سال کو ہم **بین المذاہب محبت کا عالمی سال بھی متوقع کر سکتے ہیں**۔ امریکی حکومت بری مگر عوام اچھی ہے۔ میں از خود مشائخ صحافی ہونے کی حیثیت سے روزنامہ واشنگٹن پوسٹ کی (**DC U.S.A**) بین المذاہب کانفرنس میں شرکت کر کے امن ایوارڈ پا چکا ہوں ہم دُعا کرتے ہیں کہ پوری دنیا میں **2022**ء میں امن ومحبت کے پھول کھلیں اور دُنیا امن کا گہوارہ بن جائے۔

دُعا گو:۔ شہزادہ سید افتخار حسین زنجانی

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی دعا قبول ہو وہ رزق حلال کمائے (امام جعفر صادق)

دُعائے عافیت فجر تا فجر

آپ پُر آشوب دَور میں یہ مجرب اور عظیم الشان دُعا نمازِ فجر کے بعد کچھ بولے بغیر صحیح اعراب اور صحیح قرأت کے ساتھ سات مرتبہ پڑھیں۔ فجر تا فجر کی برکت اِن شاء اللہ پائیں۔ **نوٹ:** یہ دُعا پڑھنے کی عام اجازت ہے۔ خصوصی اجازت کیلئے عامل شاہ زنجانی رابطہ: 0300-9456949

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم کرنے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ اَعْدَآئِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَیِّنْھُمْ لِیْ

یا اللہ! میرے دشمنوں کو میرے لئے مسخر کردے جیسے حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے لئے ہوا کو مسخر کیا تھا اور انہیں میرے لئے

کَمَا اَلَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ علیہ السلام وَذَلِّلْھُمْ لِیْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی علیہ السلام وَقَھِّرْھُمْ لِیْ

یوں نرم کردے جیسے داؤد علیہ السلام کے لئے لوہے کو نرم کیا تھا اور انہیں یوں عاجز کردے جیسے موسیٰ کے لئے فرعون کو عاجز کیا تھا اور انہیں

کَمَا قَھَّرْتَ اَبَاجَھْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ

یوں کچل دے جیسے تو نے ابو جہل کو کچل دیا تھا حضرت محمد ﷺ کے مقابلے میں تجھے واسطہ ہے "کاف ہا یا عین صاد حا میم عین سین قاف" کا اور تجھے واسطہ

وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ صُمٌّۢ بُکْمٌ

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں کا بہرے، گونگے، اندھے تو وہ لوگ دیکھ نہیں سکتے بہرے، گونگے، اندھے وہ لوگ عقل

عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَتَکَلَّمُوْنَ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَفْقَھُوْنَ وَ

نہیں رکھتے بہرے، گونگے، اندھے وہ لوگ بول نہیں سکتے بہرے، گونگے اندھے وہ لوگ جان نہیں سکتے بہرے، گونگے، اندھے وہ لوگ سمجھ نہیں

جَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ وَصَلَّی

سکتے اور ہم نے ان کے سامنے دیوار اور ان کے پیچھے دیوار کھڑی کردی ہے ہم نے انہیں ڈھانپ دیا ہے اب وہ دیکھ نہیں سکیں گے اور اللہ نے رحمت

اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

نازل فرمائی محمد ﷺ اور ان کی پاک اولاد پر کوئی قوت وطاقت بلند وعظیم اللہ کے سوا ہے ہی نہیں۔

Zanjani TV

ZANJANI TV - blaze your soul

AQ TV Knowledge for All

SUBSCRIBE FOR HOROSCOPE

عرس منجم اعظم الحاج شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ

از تحریر: شہزادہ سید محسن علی زنجانی

جشن میلاد النبی ﷺ کے زیر سایہ 10 ربیع الاول / بمطابق 17 اکتوبر بروز بدھ 2021ء بانی ادارہ آئینہ قسمت کا 49 واں عرس بمقام درگاہ شاہ زنجانی بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ شاد باغ لاہور ہر سال کی طرح عقیدت و محبت سے منایا گیا اس کے علاوہ کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II میں محفل میلاد کی صورت میں منایا گیا۔

ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی 10 ربیع الاول / بمطابق 17 اکتوبر بروز بدھ 2021ء نماز ظہر کے بعد محفل میلاد النبی ﷺ کا آغاز شہزادہ سید محسن علی زنجانی نے تلاوت کلام پاک سے محفل کا آغاز کیا۔ اس کے بعد یکے بعد دیگرے ثناء خوانوں علامہ محمد وقاص عطاری قادری، محترم جناب محمد کوثر علی قادری، محترم جناب محمد ناصر علی قادری نے محفل میں جوش و ولولہ روحانی سماں باندھ دیا۔ محفل کے اختتام پر محترم جناب قبلہ علامہ محمد عمیر قادری دامت برکاتہم العالیہ نے خصوصی خطاب سے محفل کو رونق بخشی اور محفل میلاد النبی اور عرس شاہ زنجانی کو رونق بخشنے کیلئے جن مہمانان گرامی نے خصوصی شرکت فرمائی۔ نعیم الدین راٹھور (جج) ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب، محترم جناب علامہ اشفاق قادری، محترم جناب محمد دانیال عطاری قادری، محترم جناب ندیم وائس چیئرمین گوالمنڈی، محترم جناب طلعت محمود صدر لوہا مارکیٹ، صاحبزادہ سید علی رضا سجادہ نشین پیر سید چن پیر قادری صاحب (سجادہ نشین میاں میر لاہور)، محترم جناب جمیل بدر صاحب (برادر مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، جناب محمد یونس صاحب (بھماں جھگیاں)، جسٹس رانا زاہد محمود صاحب (سابق جج لاہور ہائی کورٹ، موجودہ جج الیکشن ٹریبونل پنجاب)، محترم جناب ذوالفقار علی بدر صاحب (صاحبزادہ مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، محترم جناب غلام محمد علی حسن گجر صاحب (وائس چیئرمین گجر برادری، صدر شاہ عالم مارکیٹ تاجر برادری)، صاحبزادہ پیر سید ظہور شاہ کاظمی (سجادہ نشین حضرت صابر شاہ ولی و حضرت ناصر شاہ ولی)، میاں محمد اکرم صاحب (ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ)، خواجہ ندیم سعید صاحب (چیئرمین وال سٹی UC)، علامہ محمد اشفاق عطاری قادری صاحب، جناب سید ریاض علی شاہ گیلانی صاحب، محمد شہزاد بٹ صاحب (چیئرمین مصالحتی عدالت وال سٹی)، محمد فیصل بٹ (چیئرمین کینال پارک بازار)، علامہ عبدالقیوم قادری صاحب، چوہدری محمد خرم ریاض گجر صاحب (چیئرمین گجر یوتھ ایسوسی ایشن)، جناب سید شاہد علی قادری نقشبندی صاحب (کینال پارک)، مفتی محمد ساجد عطاری قادری صاحب، پیر سید ریاض علی شاہ صاحب (شاد باغ)، الحاج محمد خالد محمود صاحب (خلیفہ مرتضیٰ علی حسینی عثمان آباد انڈیا)، معین الحق علوی صاحب، جناب سید اشتیاق حسین بخاری صاحب، محترم جناب حاجی انور صاحب (شادمانی ہال)، جناب سید عاصم بخاری صاحب (اداکار)، جناب سید اویس شاہ بخاری صاحب، محمد حبیب خان (سابق چیئرمین کینال پارک بازار)، جناب سید شجاعت ہاشمی صاحب، جناب سید ریحان شاہ بخاری صاحب، محترم جناب عبدالعزیز صاحب، جناب ڈاکٹر نوازش علی صاحب، علامہ وقار علی قادری صاحب، محترم جناب جمال بدر صاحب، قاری محمد عارف صاحب نے شرکت کی۔ 4 بجے بھی حاضرین محفل درود شریف کا ورد کرتے ہوئے درگاہ چنوں شاہ سے درگاہ شاہ زنجانی کی طرف چادر پوشی کے لیے روانہ ہوئے۔ درود و سلام کے ورد میں سجادہ نشین سید انتظار حسین شاہ زنجانی کے ہمراہ سینکڑوں زائرین کے ساتھ چادر پوشی کی گئی متعدد مرتبہ خصوصی دعائیں بعد از مہمانوں کی لنگر سے تواضع کی گئی۔ یوں یہ روحانی محفل دعاؤں کے ساتھ ہی اختتام پذیر ہوئی۔

توشہ اصحاب کہف

کی پُرنور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں سورۃ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگانِ دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان مصیبت میں ان کی نذر دیتا ہے اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مصیبت کو ان ہستیوں کے صدقے دور فرما دیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیرِ نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نذر دیتے ہیں۔ ضرورت مند اور معتقد حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی مصیبتوں کو دور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلافِ شرع مقصد ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف پانچ سو (500) روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک دو یا تین زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

روحانی مشاورت

خوشی وغمی سے مرتب اور روحانی و جسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رائے کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رائے کیلئے علم نجوم اور دیگر علوم مخفیہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانین فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لمحہ متاثر ہوتے ہیں۔ مصروفیاتِ زندگی مثلاً ذاتی مسائل مال و اسباب، عزیز و اقارب، گھریلو مسائل، معاملاتِ عشق و محبت، غیر متوقع آمدن، انعام وغیرہ، صحت و قرض کے مسائل، شادی اور شراکت، وراثت اور حادثات، سفر و روحانیات، ترقی و روزگار، خواہشات، خفیہ امور، مبارک گھڑیاں اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ و وقتی زائچہ سے نجم و عامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیضیاب ہو سکتے ہیں۔

عطر تسخیر محبوب

آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم و لباس اور باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کر لیں۔ واللّٰہ المستعان علی ما تصفون یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ پس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اسکے بعد عروج ماہ تک عمل جاری رکھنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائیں گے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و اخوت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں ہدیہ ایک ہزار (1000/=) روپے

لوح امساک

چاند و سورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندان عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آرہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیر ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پر کندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنوا لیا جائے۔ اس تختی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے ایسی قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو مقوی سے مقوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح صرف سات سو (700/=) روپے ہے۔ گزشتہ سال چند لوح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند الواح باقی رہ گئی

۳۶۳	۳۵۸	۳۶۶
۳۶۵	۳۶۳	۳۶۰
۳۵۹	۳۶۷	۳۶۲

طلسماتی دھاگہ

چھوٹے بچوں کو نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندان زنجانیہ عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آرہا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں ان کے لئے اکسیر تحفہ ہے۔ اس دھاگے کو جو آئینہ قسمت کے دفتر سے طلب کر کے بچوں (7 سال تک کی عمر) کے گلے میں ڈالنے سے بچے نظرِ بد سے محفوظ رہیں

شہزادہ سید اعجاز حسین زنجانی

2022 کا اسم اعظم

یا علی یا خبیرُ یا ذوالجلال والاکرام

2022ء کی مناسبت سے قارئین کو آج ایک عجیب و غریب مگر پر تاثیر خاندان زنجانیہ عالیہ کا مجرب المجرب اسم اعظم پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

نیا سال 2022ء سب بھن بھائی کو مبارک ہو۔ زنجانی جنتری میں برسوں سے ہم سال کی مناسبت سے ایک اسم اعظم نکال کر قارئین کو ہدیہ کرتے ہیںیہ اسم اعظم صرف اسی سال کے لئے ہے۔ آپ نے اکثر سنا ہوگا کہ تقدیر نہیں بدلی جا سکتی یہ بات سچ ہے۔ ہم سائلین کو علوم الفلکیات یا علم نجوم سے انکی تاریخ پیدائش وقت پیدائش مقام پیدائش یا پھر ان کے ہاتھوں کے پرنٹ سے ان کے زائچے بنا کر انکی تقدیر ہی بتا رہے ہوتے ہیں۔ دُنیا میں جہاں عرب و عجم سپر پاور اور ہر مذہب و نسل کے حکمران اپنی اپنی رعایا پر حکمرانی کر رہے اور اللہ کے بعد ان کی اخلاقی مذہبی، دُنیاوی ذمہ داری بنتی ہے کہ اپنی اپنی رعایا کی خوشحالی کا خیال کریں۔ **2022**ء کا اسم اعظم کچھ یوں روحانی طور سے اخذ ہوا ہے۔ یوں اللہ تعالیٰ کے پاک پیارے **99** اسمائے حسنٰی بہت مشہور و معاروف ہیں۔ اکثر والدین اپنے بچوں کا نام بھی اسمائے حسنٰی سے اتفاقاً یا قصداً رکھتے ہیں۔ میرے بڑے شہزادے سید "**مصور علی**" زنجانی کا نام میں نے اس کی پیدائش پر اسکے پیدائشی زائچہ اور نہایت خوب سوچ سمجھ کر اسمائے حسنٰی میں سے رکھا۔ **مصور** (عدد **236**) **علی** (عدد **110**) تب یہ خیال کیا تھا کہ جب شہزادہ بڑا ہوگا تو اسے بتاؤں گا کہ یہ آپ کے نام کا ذاتی اسم اعظم بھی ہے۔ اس کے کل ابجدی قمری اعداد **346** مرتبہ ورد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شرف پڑھ کر کرتے رہیں۔ یوں کوئی بھی بہن بھائی زنجانی جنتری ہذا میں دیئے گئے اسمائے حسنٰی کے چارٹ سے اپنے نام کے ابجدی نکالنے میں مشکل ہو تو پتہ لکھا جوابی لفافہ ادارہ کے نام بھیج کر ہم سے بھی بلا ہدیہ اپنا ذاتی اسم اعظم معلوم کر سکتے ہیں۔ شرط یہ ہے آپ اسے بلا ناغہ نماز فجر کے بعد پڑھنا پسند فرمائیں تاکہ ہمارے توشہ آخرت میں بھی کوئی ایک نیکی لکھی جا سکے۔ یاد رہے کہ قرآن پاک **28** حروف ابجد میں نازل ہوا ہے اور اسی ابجد قمری کی معین کردہ قوت سے ہی اسم اعظم نکالا جاتا ہے۔ یقیناً جو بہن بھائی اس کا سال بھر ورد کریں گے کوئی غم و پریشانی آپ کے نزدیک ہرگز نہ آئے گی۔ دعائے جوشن کبیر جسکی **100** آیات ہیں ہر آیت میں **10** اسمائے حسنٰی کا دُعا میں وسیلہ اپنایا گیا ہے کبھی آپ کو فرصت ہو تو یوٹیوب پر دُعائے جوشن کبیر ضرور سنیں آپکی **30/40** منٹ کی زحمت راحت میں بدل جائیگی۔ **2022**ء کے لئے ہم نے آپ کی خدمت کے لئے جو اسم اعظم نکالا ہے اس میں گزشتہ سال کی ناگہانی آفات ارضی و سماوی کو بھی مدنظر رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک پاک نام "یا علی" مطلب اے بلند رُتبہ والے اس کے اعداد **110** ہیں۔ کوئی دشمن ہو یا بیمار اس اسم کا پڑھنا آپ کو ہر پریشانی مصیبت سے نجات دلائے گا دوسرا پاک نام "یا خبیرُ" جس کے اعداد **812** ہیں۔ اور تیسرے پاک نام "یا ذوالجلال والاکرام" جس کے اعداد **1100** ہیں۔ عظمت بزرگی والی کی بلند اور یکتا عظیم ذات بے شک اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔ آپ سال نو کے آغاز سے یا جب بھی یہ مضمون آپکی نظر سے گزرے آپ یہ اسم اعظم "یا علی یا خبیرُ یا ذوالجلال والاکرام" **2022** مرتبہ سال ہذا کی نسبت سے اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں روز بروز عزت مرتبہ برکت پائیں۔ نہ صرف ہر قسم کی جسمانی ذہنی روحانی پریشانیوں سے بھی حفاظت میں رہیں گے۔ **سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی داتا گنج بخش**" کا یہ روحانی ادنیٰ سا سیدزادہ شاہ زنجانی بھی آپ کے سب رنج و غم پریشانی دور ہو جانے اور سال نو میں ہر وہ نعمت آپکو مل جانے کے لئے دُعا گو ہوں جسکی آپ کو تمنا ہو۔ اور ہاں اپنے دن کا آغاز صدقہ سے کریں خواہ وہ ایک روپیہ ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ کے ہاں صدق خلوص سچائی ہے وہاں مقدار کا کوئی تعین نہیں حصول تقویٰ کے لئے نہیں بس وہ پاک ذات دلوں کے حال بہتر جانتی ہے اور ہماری ہر نقل و حرکت سے صبح و شام واقف ہے۔

سید افتخار حسین شاہ زنجانی

فالنامہ حافظ شیرازیؒ (دیوانِ حافظ)

فالنامہ لسان الغیب

بانی ادارہ نجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی" جب جون 1951ء میں زیارات مقدسہ کے روحانی سفر پر تشریف لے گئے تو سفرِ عشق (زیارات مقدسہ) کے دوران مشہد مقدس میں ایک بزرگ سے اُن کی ملاقات ہوئی جسے اپنے الفاظ میں یوں تحریر فرماتے ہیں کہ "اللہ تعالیٰ نے جب مجھے ماہ جون 1951ء میں زیارات مقامات مقدسہ سے مشرف فرمایا۔ تو میری ملاقات حرم محترم مشہد مقدس میں ایک خراسانی بزرگ سے ہوئی۔ جو علم جفر کے بہت بڑے ماہر و فاضل تھے۔ مجھے پاکستانی سمجھ کر انہوں نے اپنے پاس بلایا اور فرمایا۔ کہ آپ پاکستان میں کیا کام کرتے ہیں میں نے عرض کیا خاکسار کا مشغلہ "علوم فلکیات" سے متعلق ہے۔ آئینہ قسمت اور "زنجانی جنتری" کا ذکر آیا تو فرمانے لگے

بسم	اللہ	الرّ	حمٰن	الرّ	حیم	ا	ب	ر	گ	ر	ب	ر	ن	م	د
ب	ی	س	د	س	ر	و	ف	ژ	و	ر	ا	ی	ا	ی	ن
ز	س	د	ش	ا	ك	و	خ	و	ی	م	ب	ہ	ا	ق	ق
م	ت	م	ا	ہ	ر	ا	ز	ا	ص	ژ	ج	ژ	م	ج	ا
ی	ج	ر	ر	و	ا	د	د	و	ا	و	ن	ی	ا	ہ	ن
ہ	ا	ر	م	ل	ا	پ	م	ك	ك	ك	ز	ی	د	ك	ب
ر	ل	ا	پ	ا	ت	و	د	و	ا	ا	س	ی	ش	م	م
ش	ك	گ	ا	م	خ	ا	و	د	ن	ب	ا	ن	ص	و	ت
م	ك	ب	ا	ف	م	ب	ق	ب	و	غ	ا	ہ	ء	ر	ا
ا	پ	ا	س	م	ر	ا	ل	ق	ز	د	ی	و	س	ن	و
ر	پ	ت	ت	ص	ك	ن	ت	خ	ل	د	ت	ی	و	پ	ب
و	ب	و	ت	س	ك	ا	ب	ا	ش	ر	ن	ا	م	ب	ا
ر	ر	ب	ا	د	ی	ہ	ا	ز	م	ا	ن	ا	ر	ز	ا
و	م	ہ	م	ا	م	ز	ت	و	د	م	و	د	ہ	ج	ی
ا	ا	ز	ا	ا	ن	م	ن	ر	ا	ا	ا	ی	س	ن	ش
ی	و	ش	ی	م	م	و	ت	و	د	و	ر	د	و	و	و

بسیار خوب! مجھے ان جرائد کے دیکھنے کی سعادت نصیب ہو چکی ہے پاکستان سے جو زائرین آتے ہیں اکثر ان کے پاس ہوتے ہیں۔ پاکستانی زائرین سے مجھے بے پناہ محبت ہے آپ سے اس لئے زیادہ ہے کہ آپ میرے ہم پیشہ ہیں۔ حافظ شیرازیؒ کا مجرب فالنامہ آپ کی وساطت سے پاکستانی بھائیوں کی نذر کرتا ہوں اللہ کرے کہ معتقد حضرات اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید بھی ہو سکیں۔ ایران والوں نے "دیوان حافظ" کا نام "لسان الغیب" رکھا ہوا ہے۔ بوقت ضرورت اس سے فال نکالتے ہیں۔ جو سو فیصد صحیح اور درست ہوتی ہے آپ بھی اسے استفادہ فرمائیں بحمداللہ اس فالنامہ کا جواب بالکل صحیح برآمد ہوگا۔

ترکیب یہ ھے:۔

آپ باوضو ہو کر اور پختہ عقیدے سے اس جدول پر انگلی رکھو۔ اب اس حرف کو چھوڑ کر اس سے آگے والے حرف سے شمار کر کے دسواں حرف لکھتے جاؤ۔ جب نقطہ (جدول) ختم ہو جائے تو جو حرف باقی ہیں۔ ان کو شمار کر کے نقش کے پہلے خانہ میں شامل کر کے اس طرح دسواں حرف لکھتے ہوئے اس جگہ آ جاؤ جس حرف پر انگلی رکھی تھی یا پڑی تھی۔ اب ان تمام حروف کو جوڑ دو گے تو ایک مصرعہ بنے گا۔ جو ان مصرعوں میں سے ایک ہوگا۔ اور آپ کے سوال کا مکمل جواب آخر والے حرف پہلے والے حرفوں پر مقدم رکھیے۔

ابر آزاری برآمد باد نوروزی وزید
وجہ مے می خواہم و مطرب کو میگوید رسید
بیا کہ قصر امل سخت وسعت بنیاد است
بیار بادہ کہ بنیاد عمر برباد است
رسید مژدہ کہ ایام غم نخواہد ماند
چناں ماند چنیں نیز ہم نخواہد ماند
گدا بخت جاں کہ زبس کار دل تمام نہ شد
بسو ختیم دریں آرزوئے خام نہ شد
رسید مژدہ کہ آمد بہار سبزہ رسید
وظیفہ گر برسد مصرف گل است و نبیذ
برنیامد از تمنائے بست کام ہنوز
بر امید جام لعلت درد آشا ہم ہنوز
روز مہجوری شب فرقت یار آخر شد
زدم ایں فال گزشت اختر و کار آخر شد
نفس برآمد و کام از تو بر نمی آید
فغاں کہ بخت من از خواب برنمی آید
مژدہ اے دل کہ دگر باد صبا باز آمد
روش از جناب آصف پیک بشارت آمد
ہد ہد خوش خبر از طرف صبا باز آمد
کز حضرت سلیمانؑ عشرت اشارت آمد

شہزادہ سید افتخار حسین شاہ زنجانی

نوروز عالم افروز سنہ 2022

نوروز نو بہار وہ روز سعید ہے جو مومنوں کے واسطے اک روز عید ہے
سلطان علی کے ماننے کا ہے نشان اور آمد امام زمن کی نوید ہے

بادشاہ سال شمس عالمی سیاسی لیڈروں کا سال عالمی قیام امن کے لئے مشترکہ (U.N.O) کوششیں

بتاریخ 20 مارچ 2022ء اسلام آباد بوقت 20 بجکر 35 منٹ

1: بادشاہ سال	**شمس**	2: وزیر اعظم سال	**مریخ**
3: سپہ سالار سال	**زہرہ**	4: مشیر سال	**عطارد**

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پر نور سید الورا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بصدیق امام المشارق والمغارب امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام یمن نوروز عالم افروز 20 مارچ 2022ء بحساب یونانی نجوم بروز اتوار 20 بجکر 35 منٹ اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 20 مارچ 15 بجکر 35 منٹ اور نیو یارک واشنگٹن ڈی سی 10 بجکر 35 منٹ نوروز عالم افروز مولائے کائنات امیر المومنین علی ابن ابو طالب علیہ السلام امام المشارق والمغارب ہوگا۔ آپ کی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسول ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظام شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادر فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی و روشنی ہر شے کو چرھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ جنہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضا نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق والمغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 20 مارچ 2022ء بوقت 20 بجکر 35 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو 20 مارچ 20 بجکر 35 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔ اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔ (جبکہ بحساب ویدک نجوم نوروز 14 اپریل 2022ء 08 بجکر 10 منٹ طلوع آفتاب کے بعد ہوگا)

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آ رہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے

تھے اور جاتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ حقیقت میں اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز نہایت اہم ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ زائچہ سال نوروز اوتاد اول **حمل** سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان** سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان** چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجے کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصل نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے اوصیاء کار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطے میں بھی عجیب و غریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذربائیجان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔

30 مارچ **2009** میں کینیڈین پارلیمنٹ نے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔

البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکتاشی فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی پیدائش کا دن سمجھا جاتا ہے۔

کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ **15** مارچ **2010** کو **384** ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فنظر نظرة فی النجوم ٥ فقال انی سقیم ٥

ترجمہ: پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

فضیلت عید نوروز

حضرت معلیٰ بن خنیسؓ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

(1) یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک نہ کریں گے۔

(2) یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

(3) اسی دن حضرت نوحؑ کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہ جودی پر قرار پکڑا۔

(4) اسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے۔ خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم ان ہڈیوں پر پانی چھڑکو۔ تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو با قدرت خدا وہ سب زندہ ہو گئے۔ اسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ **30** ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حزقیلؑ تھے۔

(5) اسی دن حضرت علیؑ نے دوش مبارک رسول خداؐ پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔

(6) نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

(7) نوروز کے ہی دن حضرت امیر المومنینؑ کو خلافت ملی۔

(8) نوروز کے ہی دن امیر المومنینؑ نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔

(9) انشاءاللہ اسی روز امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔

(10) اسی روز باقی سارے امامؑ دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

(11) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

فلکیاتی احکامات نوروز عالم افروز

زائچہ نوروز عالم افروز 2022ء آسمانی کونسل (Tropical) طالع برج عقرب کا نقشہ سیارگان اپنے اندر عجیب وغریب پر اسراریت خرابیاں تبدیلی نظام کے اشارے اور مستقبل کے تبدیل شدہ حالات کے سبب کچھ اچھے اُمید افروز واقعات خوش بختیاں بھی لانے کا باعث بنے گا یوں بھی ستارہ زہرہ سے منسوب عدد نمبر 6 کا سال اندرون ملک خوشیاں لانے کا بھی باعث بنے گا۔ نویں مذہب آئین نظام بینکنگ (I.M.F) خارجہ پالیسی کا حاکم ستارہ قمر بارہویں نحس گھر جبکہ دسویں سربراہ مملکت صدر، وزیر اعظم، وزراء جمہوریت انتخابات بھاری صنعتیں لوہا فولاد کمرشل امور اسلحہ ساز فیکٹریوں سے منسوب ستارہ شمس چھٹے نحس گھر میں حالت شرف ہونے سے مندرجہ بالا بھی امور 2022ء میں اہم اور آزمائش طلب رہیں گے۔ خصوصاً حکمرانوں کے لئے یہ سال کچھ اچھا دکھائی نہیں دیتا ان کی سیاسی عزت ساکھ متاثر ہو۔ طالع چھٹے کا مشترکہ حاکم برج چوتھے اپنے مخالف ستارہ زحل سے حالت قران ہونے سے اندرون ملک ہسپتالوں کی حالت زار کو بہتر بنانے کا اشارہ ہے۔ اندرون ملک عوام وخواص ارضی سماوی امراض سیلاب زلزلے تخریب کاری کے واقعات بڑھیں ٹریفک حادثات ریل و مال گاڑیاں کم ہونے کے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ حزب اختلاف اپوزیشن سیاستدانوں میں پھوٹ ڈلوانے کے لئے حکومت خفیہ حربے استعمال کرے یا کسی آئینی شق کے تحت بعض اہم سیاسی شخصیات پر قدغن لگائے جانے کے اشارے ہیں۔ پبلک مقامات تفریح گاہوں اندرون ملک سڑکوں کی تعمیرات خصوصاً سی پیک منصوبے پر بیشتر کام مکمل کرلیا جائے گا۔ ستارہ مشتری 5,2 گھروں کا مشترکہ حاکم 12 سال بعد پانچویں گھر عروج یافتہ ہمراہ عطارد ہونے سے ملکی معیشت قومی تفریحات تعلیم ستاک شیئرز ادیب دانشور (شعور تھینک ٹینک) اور ملکی پرنٹ و الیکٹرانک سوشل میڈیا کی مثبت کارکردگی نہایت اہم ہوگی۔ کاروباری سرکل رواں ہونے سے محصول کسٹم اور دیگر ذرائع سے معیشت خزانہ کی حالت بتدریج بہتر ہوگی۔ نئے پرائز بانڈز نئی قومی سیونگ اسکیمیں متعارف کرائی جائیں جو مقبول ہوں بچوں کی تعلیم وتربیت ان کے لئے مشترکہ نصاب اور صحت عامہ خصوصاً ماں اور بچہ کی زندگی کے تحفظ جیسے ہیلتھ پروگرام میڈیکل سہولتیں اندرون ملک دور دراز علاقوں تک پہنچائی جائیں گی۔ خطاطی مصوری کی حوصلہ افزائی سپورٹس کے ہر شعبہ پر خصوصاً توجہ دینے سے نئے جواں سال کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نامور کھلاڑیوں کی کارکردگی پر انہیں انعامات سے نوازا جائے۔ طالع میں 18 سال بعد کیتو مقابل ساتویں راہو کا شرف یافتہ تاہم نیرین شمس وقمر کا کمزور پوزیشن میں عوام الناس کی حوصلہ مندی بے چینی اضطراب کم کرنے کے لئے حکومت کو مہنگائی کم کرنے عدل و انصاف قائم کرنے (بلدیاتی الیکشن کروانے) اور لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کو بہتر بنانے کی طرف خصوصی توجہ دینی ہوگی۔ کشمیر، فاٹا، وزیرستان اور بلوچستان کے کم ترقی یافتہ علاقوں میں پانی بجلی تعلیم صحت کی سہولتوں میں اضافہ صوبائی حکومتیں مرکز کی مدد سے انجام دیں۔

زائچہ کا سب سے اہم ستارہ زحل 30 سال بعد اپنے ذاتی برج دلو اور وتد الارض میں ہونے کے سبب مضبوط ملکی دفاع ملکی سمندری فضائی زمینی سرحدوں پر افواج چوکس رہے۔ ملکی عزت ووقار میں اضافہ مسلم امہ دوست ممالک اور سپر پاور کے لئے وطن عزیز مضبوط خارجہ پالیسی سیاسی جغرافیائی دوستانہ سچائی سے خدمت پاکستان کی عالمگیر برادری میں عزت وتوقیر میں اضافہ یکم، 16 مئی، 25 اکتوبر اور 08 نومبر لگنے والے چاند وسورج گرہن زلزلے بارشوں کی کثرت طوفان باد باراں سیلاب سے جہاں جہاں آزمائش لائیں وہاں ارضی سماوی تبدیلی زمین اپنے اندر معدنیات کے چھپے خزانے کھل دے 2023ء تک 2024ء سے پاکستان کا اٹھارہ سالہ خوشحالی کے دور کا آغاز ہوجائیگا۔

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ومسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت ودعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک وپاکیزہ صاف ستھرے ہوکر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک وپاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبرو صندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دسترخوان پر سرخ وسپید وسبز اور سیاہ رنگ کی

مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم 46 مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُقَلِّبَ
[illegible]
الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا مُفَرِّجَ
[illegible]
الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّيْ وَفَوَّضْتُ اِلَيْكَ
[illegible]
اَمْرِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا بَاسِطُ يَا رَازِقُ يَا قَاضِيْ يَا كَرِيْمُ
[illegible]

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ازاں اپنی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین 2،2 رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربۃً الی اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ سورہ قل یا ایہا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر 2 رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیٰ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات و کوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق 18 ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی 18 مارچ تھی۔ قمری و عیسوی دونوں تواریخ (18) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق 17 مارچ تھی)۔ نوروز عموماً 20 یا 21 مارچ کو آتا ہے۔ 10ھ کی 18 ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ 24 ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مطابق یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔ الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الی مکانہ (روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

نوٹ: خصوصی تحفۂ نوروز سب کے لیے مہر نبوتؐ بمعہ ذاتی طلسماتی نقش صفحہ 86,87 سے کاٹ لیں۔ ترکیب استعمال صفحہ 87 پر درج ہے۔

نوروز نو بہار روز کا خاص طلسم

ا لا // 9||| 9||| // ||| یُحطی

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروز یہ طلسم زعفران سے لکھ کر باوضو پاس رکھیں۔

پاکستان کی 74 ویں سالگرہ "ماضی، حال، مستقبل" علم نجوم کی روشنی میں

پاکستان کا عروج کب شروع ہوگا؟ نئے الیکشن، ایمرجنسی یا مارشل لاء؟

زائچہ پاکستان بتاریخ 15 اگست 1947ء بوقت صفر بجکر 01 منٹ کراچی

بنیادی زائچہ پاکستان 20 دسمبر 1971ء بوقت 14 بجکر 58 منٹ 20 سیکنڈ اسلام آباد

یکم اگست 2021 تا 08 جولائی 2022 پاکستانی ریاست میں زیادہ تر آزمائش طلب وقت، اہم شخصیات حساس نوعیت کی تنصیبات پر حملے تخریب کاری دہشت گردی سے متعلق خدشات، دفاعی ہائی الرٹ، حساس ادارے، وزارت داخلہ، خارجہ کی خدمات قابل توجہ رہیں گی

قیام پاکستان کا زائچہ اب مؤثر نہیں رہا جب کہ پاکستان کے اکثر منجمین اسی زائچے پر زور دیتے نظر آتے ہیں لیکن ہمیں اس زائچے سے حسب توقع نتائج نہیں ملتے۔ ابتداء ہی سے پاکستان کے ایک سے زیادہ زائچے منجمین کے درمیان زیر بحث رہے ہیں، اکثر منجمین اس غلط فہمی کا شکار رہے کہ پاکستان 14 اگست 1947ء رات صفر بجکر صفر منٹ بمقام کراچی وجود میں آیا، اس حوالے سے ٹھوس بنیادوں پر تحقیق کی گئی تو ثابت ہوا کہ یہ خیال غلط ہے۔ **دستاویزی ثبوت و شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں ایک ہی تاریخ 15 اگست 1947ء** شب صفر بجکر صفر منٹ پر وجود میں آئے۔ **پاکستان کا نیا زائچہ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد بنانا چاہیے** اور اس حوالے سے بھی تین موقف ہو سکتے ہیں اول یہ کہ سقوط ڈھاکہ کی تاریخ 16 دسمبر 1971ء شام 04:41PM بمقام ڈھاکہ یا 41:03PM بمقام اسلام آباد لی جائے یا پھر ٹرانسفر آف پاور کی تاریخ 20 دسمبر 1971ء لی جائے یا پھر آئین پاکستان کے نفاذ کی تاریخ لی جائے جو 14 اگست 1973ء ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ تینوں صورتوں میں **طالع ثور** ہی زائچے میں طلوع ہوتا ہے اور اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس زائچے کے مطابق پاکستان کا پیدائشی برج **ثور 3 درجہ 33 دقیقہ** ہے۔ گزشتہ چند سال سے ہم اس زائچے کو جانچتے پرکھتے رہے ہیں اور موجودہ یا ماضی کے حالات کا تجزیہ اس کی روشنی میں کرتے رہے ہیں ہم نے اس کے نتائج کو بہت بہتر پایا ہے، دیگر اہل علم بھی اس پر اعتبار خیال کر سکتے ہیں۔ اس زائچے میں طالع برج ثور 3 درجہ 33 دقیقہ طلوع ہے لہٰذا ہمارے طریق کار کے مطابق زائچے کا ہر گھر تقریباً 3 درجہ تصور کیا جائے گا۔ طالع کا حاکم اگرچہ سیارہ زہرہ ہے لیکن وہ چھٹے گھر کا بھی حاکم ہے لہٰذا اپنے اثرات میں فعلی منحوس قرار پائے گا کیوں کہ زہرہ کا مول ترکون برج چھٹے گھر میں گرتا ہے۔ اس کے علاوہ مریخ، مشتری اور راہو کیتو اس زائچے کے فعلی منحوس سیارگان ہیں جو اپنے دور میں اچھا اثر نہیں دیں گے اور ٹرانزٹ کے دوران میں بھی نقصانات

کا باعث ہوں گے، مشتری اس زائچے کا سب سے منحوس سیارہ ہے کیوں کہ آٹھویں گھر کا حاکم ہے۔

قمر، شمس، عطارد اور زحل زائچے کے فعلی سعد سیارگان ہیں جو اپنی طاقت کے مطابق اپنے دور میں مثبت اور سعد اثر دیں گے۔ سیارہ زحل طالع میں نویں دسویں گھر کا حاکم ہو کر اگرچہ اچھی جگہ مضبوط پوزیشن میں ہے لیکن نویں گھر سے راہو کی نظر قبول کر رہا ہے، کیتو تیسرے گھر میں اور عطارد اور مشتری ساتویں گھر میں ہیں، عطارد مضبوط اور طاقت ور ہے اور اچھی جگہ ہے لیکن مشتری کمزور ہے۔ سیارہ شمس آٹھویں گھر میں ہے اور نہایت کمزور اور خراب جگہ ہے، طالع اور چھٹے گھر کا حاکم زہرہ ہے اگرچہ اچھی جگہ ہے یعنی نویں گھر میں لیکن کمزور ہے، قمر مضبوط اور اچھے گھر میں ہے یعنی نویں میں لیکن زہرہ کی قربت سے متاثرہ ہے، زہرہ نویں اور تیسرے گھر کو بھی متاثر کر رہا ہے۔ یہاں راہو بھی موجود ہے، سیارہ مریخ گیارھویں گھر میں تقریباً 3 درجے پر ہے اور کمزور ہے، مریخ کی نظر دوسرے، پانچویں، چھٹے اور گیارھویں گھر پر ہے اور یہ بارھویں گھر کا حاکم ہے جو نقصان کا گھر ہے، اسی وجہ سے فوج اور بیوروکریسی کا عمل دخل ابتدا ہی سے زیادہ رہا اور نئے پاکستان کا آئین نافذ العمل ہونے کے بعد بھی طویل عرصہ معطل رہا یا اس میں نظریہ ضرورت کے تحت ترامیم ہوتی رہیں، مریخ کی نظر کا بگاڑ مالی عدم استحکام، فضول اور بے مقصد سرگرمیوں میں وقت کا زیاں، علمی شعور کی کمی، غفلت شعاری، کرپٹ انتظامیہ اور اسمبلی میں ذاتی مفاد پرستی کا رجحان ظاہر کرتا ہے۔

زائچے میں نہایت دلچسپ پوزیشن نویں دسویں گھر کے حاکم سیارہ زحل کی ہے جو سربراہ مملکت (صدر یا وزیر اعظم) اور حکومتی کابینہ کی نشان دہی کرتا ہے' زحل زائچے کا فعلی سعد سیارہ ہے اور طالع میں ہونے کی وجہ سے اچھی پوزیشن رکھتا ہے لیکن راہو کی نظر کا شکار ہے' راہو سیاست کا نمائندہ ہے اور مکر و فریب اس کی بنیادی خصوصیات میں شامل ہے، کرپشن' اسکینڈل' اخلاقی پستی، عیاشی، جوا، سٹہ وغیرہ بھی راہو کا طرۂ امتیاز ہیں لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ سربراہ مملکت خواہ کتنا ہی مضبوط اور طاقت ور کیوں نہ رہا ہو اس پر مختلف بدعنوانیوں کے الزامات ضرور لگے اور کوئی نہ کوئی رسوائی اس کے حصے میں آئی' یہ سلسلہ نئے پاکستان کی ابتدا ہی سے جاری ہے اور اب انتہا کو پہنچ گیا ہے' پہلے صدر اور وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو بھی الزامات سے نہیں بچ سکے پھر محترمہ بے نظیر بھٹو' جناب نواز شریف' جنرل پرویز مشرف' صدر آصف علی زرداری' وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی' راجہ پرویز اشرف اور اب ایک بار پھر جناب محمد عمران خان نیازی بہت سے الزامات کی زد میں ہیں، یہ سب پراسرار راہو کا کمال ہے' گویا آئندہ بھی کسی صدر یا وزیر اعظم کی عزت و شہرت محفوظ نظر نہیں آتی' یہی صورت حال ماضی یا حال کی ہر کابینہ کی بھی نظر آتی ہے جس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ زائچے کا تیسرا گھر نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے، یہ پہل کاری اور کوشش یا اقدام کو ظاہر کرتا ہے' قمر اس گھر کا مالک ہو کر نویں گھر میں سیارہ زہرہ کے ساتھ ایک قریبی قران کی حالت میں ہے' قمر فعلی سعد سیارہ ہے لیکن زہرہ فعلی منحوس ہے' چھٹے گھر کا تعلق فوج، عدلیہ، پولیس اور دیگر انتظامی مشینری کے علاوہ اختلافات' تنازعات اور مختلف عوارض سے ہے اور تیسرے اور چھٹے گھر کے مالکان کا یہ اجتماع نویں آئین و قانون اور قسمت کے گھر میں ہو رہا ہے لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ ملک کا مجموعی ذہنی رجحان اختلافات اور تنازعات یا مختلف عوارض سے عبارت ہے' آئین اور قانون کی کوئی قدر و منزلت نہیں ہے اس کا مشاہدہ بجٹ اجلاس **2022/2021** قومی اسمبلی سے براہ راست ٹی وی پر پوری قوم دیکھ چکی ہے۔ عام لوگوں کے لیے قوانین کچھ اور ہیں اور خواص کے لیے کچھ اور، نئے فیصلے اور اقدام ہمیشہ متنازع ہو جاتے ہیں، خواہ وہ ملک و قوم کی بہتری کے لیے ہی کیوں نہ ہوں اس کی مثال کشمیر کا زیر گزشتہ سال اسمبلی میں دیکھنے میں آئی یہ سلسلہ تا حال جاری ہے۔

اس زائچے کے زیر اثر آنے کے فوراً بعد لسانی اختلافات نمایاں ہوئے، پاکستانیت کی اہمیت کم ہوئی اور علاقائی شناخت کو ابھارا گیا' سندھ میں لسانی بل نے وہ طوفان اٹھایا جس کا نتیجہ آج ایم کیو ایم کی صورت میں موجود ہے' دیگر صوبوں میں بھی ایسے ہی مسائل موجود ہیں اور بلوچستان میں بھٹو صاحب نے گورنر راج لگا کر شدید اختلافی صورت حال پیدا کر دی تھی اور بلوچستان سرحد میں بھی جمہوری حکومت کو ختم کیا گیا اور منتخب قیادت کو جیلوں میں ڈال دیا گیا' یہاں ہمارا مقصد بعض اہم واقعات کی نشان دہی کرنا ہے' پاکستان کی **1971**ء سے شروع ہونے والی تاریخ دہرانا نہیں ہے' **اہل نظر خود قمر اور زہرہ کے قران سے پیدا ہونے والی خرابیوں کا جائزہ لے سکتے ہیں کہ آج اس ملک پاکستان میں ہمیں کوئی پاکستانی نظر نہیں آتا' پاکستانی فوج کے علاوہ چند سالوں میں چھ ہزار سے**

زیادہ شہادتیں اس کی مثال ھیں۔ زائچے کا چھٹا گھر مقدمات، قرض اور انتخابات سے بھی متعلق ہے، **1971**ء سے اب تک ہمیں ورلڈ بینک کا محتاج ہی رہنا پڑا ہے اور **1977**ء سے **2018**ء تک کوئی بھی الیکشن ایسا نہیں ہوا جس پر اتفاق و اتحاد رائے پایا جاتا ہو۔ یہ تمام مسائل تیسرے گھر کے حاکم قمر اور چھٹے گھر کے مالک زہرہ کی نویں گھر میں پوزیشن کا باعث ہیں۔ **زائچے کی بنیادی کمزوریوں اور خرابیوں کے بعد خوبیوں پر نظر ڈالنا بھی ضروری ھے** 'طالع ثور ایک ثابت برج ہے جو استحکام اور مضبوطی کی علامت ہے لیکن زہرہ زائچے میں کمزور ہے، قمر، زحل اور عطارد کی اچھی پوزیشن ملک کی ترقی کے سفر میں معاون و مددگار ہے' ہر چند کے چوتھے گھر کا حاکم شمس آٹھویں گھر میں کمزور ہے جس کی وجہ سے ملک میں ابتدائی تعلیم کا معیار نہایت غیر تسلی بخش ہے اور ہم ملک میں موجود قدرتی وسائل سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھا رہے لیکن پانچواں گھر جو اعلیٰ تعلیم سے متعلق ہے اور عمدہ شعور عطا کرتا ہے اس کا حاکم عطارد ساتویں گھر میں مضبوط اور اچھی جگہ ہے، ساتواں گھر بیرون ملک سفر کا گھر ہے لہٰذا اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک جانا ضروری ہو گیا ہے ایجوکیشن کمشنرز اگر تے ہوتو محکمہ تعلیم کی وزارت تعلیمی معیار کو بہ آسانی بلندی کی سطح پر لے جا سکتی ہے۔ زائچے میں عطارد ہمراہ مشتری ساتویں طاقتور ہے۔ ملکی خارجہ/ داخلہ پالیسیاں بیرون ملک سے کنٹرول کی جاتی ہیں اصل خرابی کی وجہ غالباً نہیں یقیناً ایسا ہے؟ **I.M.F** اس کی سادہ مثال ہے۔ مریخ کی پانچویں گھر پر نحس نظر اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں رکاوٹ کا باعث ہے' مزید یہ کہ ہمیں جو بھی شعور حاصل ہوتا ہے وہ بیرون ملک ہی سے ہوتا ہے' حد یہ کہ اکثر وزیر اعظم یا دیگر اہم باشعور افراد بھی ہمیں باہر سے ہی منگوانے پڑتے ہیں، یہ بھی کسی ملک میں کبھی نہیں ہوا ہوگا کہ کسی اور ملک کے شہری اس ملک کے وزیر اعظم، گورنر یا دیگر اہم عہدوں پر فائز ہوں، بیک وقت دو ملکوں کی شہریت رکھتے ہوں اور ان سے باز پرس کرنے والا کوئی نہ ہو، ملک کی باشعور کہلانے والی سیاسی اشرافیہ کی رہائش اور کاروبار دوسرے ملکوں میں ہو۔ **74** سالوں میں کیا ہم بنگلہ دیش سے ہی سیکھ کر ٹیکنیکل تھینک ٹینک بنالیں حکومت کوئی بھی ہو سوچ کر بنائے گئے ترقی کے منصوبوں پر عملدرآمد کا تسلسل جاری رہنا چاہیے کوئی بھی سربراہ ہو آئین کے تحت ترقی کے عمل کا ہر دور میں نگران اعلیٰ عدلیہ اور عسکری اداروں کے حاضر یا ریٹائرڈ افراد کی کمیٹی نگران شمار ہو کر اپنی اس قومی خدمت کو اولین عبادت کا درجہ دے۔ زحل زائچے میں سربراہ مملکت اور کابینہ کے علاوہ پیشہ ورانہ معاملات اور عزت و وقار کا بھی نمائندہ ہے' زائچے کے تیسرے' ساتویں اور دسویں گھر کو ناظر ہے جس کی وجہ سے بہت سے اچھے اقدام اور مثبت کاموں کی ابتدا ہوتی ہے مگر چونکہ راہو کی نگاہ پر قریب زحل پر ہے لہٰذا انجام بخیر نہیں ہوتا' موجودہ سی پیک پاک چین معاہدات جیسے مفید منصوبے پہلی مرتبہ اس ملک میں شروع نہیں کیے گئے' ماضی میں بھی بڑے بڑے شاندار منصوبوں کی بڑی دھوم دھام سے ابتدا ہوتی رہی ہے اور عوام کو سہانے خواب دکھائے جاتے رہے ہیں لیکن عوام کا اور ملک کا آج بھی وہی حال ہے جو برسوں پہلے تھا' ہماری نظر میں اس خرابی کی بھی بڑی وجہ تیسرے اور چھٹے گھر کے مالکان قمر و زہرہ کے درمیان بگاڑ ہے' ملکی تعمیر میں مضمر ہے یہی صورت خرابی کی ہے۔

آیئے ہم زائچے کی تازہ صورت اور مستقبل قریب میں ہونے والے قانونی آئینی مذہبی اور سیاسی مشاہدات واقعات کو زائچے میں تلاش کرتے ہیں۔ زائچے میں سب سے منحوس ستارہ مشتری جو آٹھویں نحس گھر کا حاکم کی مہادشا **30** نومبر **2008**ء تا **30** نومبر **2024**ء جاری ہے۔ اس میں انتردشا قمر یکم اپریل **2020**ء تا یکم اگست **2021**ء جو تیسرے الیکشن لینے کے گھر کا حاکم اور زائچے میں نویں وبال یافتہ زہرہ رہا ہو سے متاثر اس کے دور میں مزید سب پریڈ پر تنتردشا ستارہ زہرہ **17** اپریل **2021**ء تا **07** جولائی **2021**ء تک چھٹے نحس گھر کی رہی۔ مہادشا نحس دور میں جب بھی نحس دور کبیر یا صغیر آئے ملک کے اندر نحس واقعات جنم لے سکتے ہیں۔ دو نحس ستاروں کے ادوار کا یکجا ہونا قومی صوبائی اسمبلیوں میں شدید ہنگامہ آرائی کا باعث بنا۔ یوں نئے زائچہ پاکستان کے اثرات حکمرانوں مذہبی راہنماؤں عدلیہ الیکشن کمشنر اسمبلی سینٹ ممبران اور عام عوام کو وقتاً فوقتاً متاثر کرتے رہتے ہیں۔ اس زائچہ پاکستان میں سالگرہ پاکستان کے مہینہ اگست سے یکم اگست **2021**ء مہادشا مشتری میں انتردشا مریخ یکم اگست **2021**ء تا **08** جولائی **2022**ء رہیگی۔ دونوں یکجا اور آٹھویں بارھویں گھروں سے منسوب نہایت نحس ثمرات کے نتائج کی نشاندہی کرتے ہیں۔ موجودہ سیاسی نظام گر سکتا ہے۔ جلد الیکشن ایمرجنسی مارشل لاء یا پھر سیاسی نظام طرز حکومت میں تبدیلی آسکتی ہے۔ ماضی میں صدارتی نظام کے بھی بہت نعرے لگ چکے ہیں ان دو نحس ادوار میں تیسرا نحس دور جب یکجا ہوگا تو یہ نحس اوقات پاکستانی

سیاسی تاریخ میں نہایت نحس ثابت ہو سکتے ہیں دانشور طبقہ حکمرانوں کو اس کا دفاع کرنا ہوگا۔ پہلا نحس دور مہادشا مشتری میں مریخ پرنتر دشا یکم اگست 2021ء تا 20 اگست 2021ء دور صغیر مشتری میں مشتری ہی 10 اکتوبر 2021ء تا 25 نومبر 2021ء تیسرا نحس دور صغیر مشتری 27 مارچ 2022ء تا 23 مئی 2022ء دور صغیر زہرہ رہیگا۔ پاکستانی عوام وخواص حکمرانوں سیاسی اشرافیہ اور عسکری اداروں کے لئے بھی آزمائش لا سکتا ہے۔ سپر پاور یہود و ہنود کی ملکر سازشیں جنگ کے بادل بھی چھانے کی سازشیں۔ ہماری حساس نوعیت کی تنصیبات پر حملہ یا تخریب کاری دہشت گردی کے نہایت افسوسناک واقعات پیش آسکتے ہیں۔ اہم شخصیات پر حملے زائچہ پاکستان میں نحس مہادشا مشتری جس کا دور 30 نومبر 2008ء تا 30 نومبر 2024ء تک رہیگا پاکستان میں کوئی بھی حکمران ہوا سے معیشت اپوزیشن سپر پاورز ہمسائیہ ممالک عوامی انتقامی معاملات الغرض ہر حکومتی خارجی داخلی آزمائش کے امتحانات سے گزرنا پڑے گا۔ اب ہم اپنے ان نجم دوستوں کو جو 14/15 اگست 1947ء کے زائچہ کو موثر مانتے ہیں۔ اس کے زائچہ کے تازہ ادوار سیارگان سے مطلع کرنے کی سعادت حاصل کرتے رہیں۔ اس میں ان دنوں دس سالہ مہادشا قمر کی جاری ہے۔ جو 10 ستمبر 2015ء تا 10 ستمبر 2025ء تک رہیگی۔ جو زائچہ میں ارض وطن کا مالک ہو کر چوتھے اپنے ہی گھر ہمراہ شمس عطارد زہرہ زحل مقیم ہے۔ مہادشا قمر میں انتردشا عطارد جس کا چھٹے نحس گھر سے تعلق ہے۔ یہ گھر ملکی قرضوں، ملکوں کے ساتھ خارجہ اختلافات جھگڑوں، وبائی ارضی وسماوی امراض کے ساتھ ساتھ الیکشن کا بھی گھر ہے۔ دور قمر میں انتردشا عطارد 11 جولائی 2021ء تا 11 دسمبر 2022ء تک رہیگا۔ یوں ہر دو زائچوں میں مشترکہ 2021 / 2022ء ملک وقوم سلطنت کے لئے آزمائش طلب وقت ہے۔ **ایک امید کی کرن ستارہ زحل کا 30 سال بعد اپنے ذاتی برج دلو وتد السماء عزت قوت طاقت کے گھر آنا ہے۔ ستارہ زحل 29 اپریل 2022ء کو یہاں آکر ڈھائی سال 29 مارچ 2025ء تک یہاں مقیم رہیگا۔ خدا کرے ہم اس نہایت خراب دور سے بخوبی گزر جائیں**۔ ہر بیماری کی شفاء ہوتی ہے۔ اس نحوست کی چھتری بروز منگل اور بدھ ملک بھر میں لگائی گئی قربانی کی بندش کو توڑنا ہوگا بے شک یہ نہایت آسان صدقہ پوری قوم و ملک کا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ ہم اس نحوست بھرے ایام سے گذر جائیں گے۔ اب ہم اس سوال کا جواب ہدیہ کرتے ہیں جو ہم سے بہت پوچھا جاتا ہے۔ ستارہ زحل زائچہ پاکستان میں طالع میں طاقتور اور نویں عدلیہ مذہب قانون مقدر بدلنے اور دسویں ملکی عزت وقار کامیابی تعمیر وترقی کے 19 سالہ دور مہادشا زحل کا نہایت مبارک اور سعد دور کا آغاز 30 نومبر 2024ء تا 30 نومبر 2043ء تک رہیگا۔ تب کوئی بھی حکومت ہو وطن عزیز پاکستان ترقی کرے گا۔ پاکستانی ترقی کے لئے زمین اپنے خزانے کھول دے گی۔ قدرتی معدنیات تیل گیس کے بڑے بڑے ذخائر دریافت ہونگے۔ قیمتی جواہرات سونا یا سونے جیسی معدنیات کی دریافت اور اعلیٰ لیڈر شپ قانون کی حکمرانی پر عملدرآمد سے ملک کی تقدیر بدل جائیگی۔ یہ انیس سالہ دور نہایت مبارک سعد ایام میں ستارہ زحل 30 سال بعد اپنے ذاتی گھر برج دلو میں 29 اپریل 2022ء تا 12 جولائی 2022ء اور پھر 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک رہیگا۔ ان سعد ایام کی ابتداء اسی دور میں ہو رہی ہے۔ یوں یہ بھی سعد دور کا حامل ہوگا۔ قوم کو محب وطن قیادت میسر آئیگی جو ملک وقوم کی تقدیر بدل دے گی۔ حالیہ تناظر میں عوام اور حکومت کی مشترکہ اور خصوصاً میڈیا کی ذمہ داری کچھ یوں ہونی چاہیں امریکہ کو اڈوں کے انکار کے بعد امریکہ، انڈیا، اسرائیل سمیت غیر ملکی دشمن ایجنسیاں پاکستان کے خلاف ہائبرڈ وار اور ففتھ جنریشن وار کا خطرناک آغاز کر چکی ہیں۔ اس سے نمٹنے کیلئے ہمیں ہر وقت تیار رہنا ہوگا۔ دشمن کی ڈھیر چالاکیوں کو ناکام کرنے کیلئے اس پاکستان مخالف کیمپین کو کاؤنٹر کریں۔ سوشل میڈیا پر نظر رکھیں۔ کوئی بھی پاکستان مخالف پیغام کسی بھی جگہ نظر آئے تو اس کا فوری مثبت انداز میں جواب دیں اداروں کے بارے میں غلط خبریں پیدا کر کے اداروں کا ایک دوسرے سے اعتماد ختم کرنے کی کوششیں شروع ہو چکی ہیں مذہبی شخصیات اور سیاسی شخصیات کو ٹارگٹ کر کے اداروں پر الزام لگ کے لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف لڑوانے کی کوشش شروع ہو چکی ہیں اس لئے محتاط رہیں اور آپسی اختلافات بھلا کر پراپیگنڈے کا مدلل جواب دیں اور ایسے شرپسند عناصر جو ہمارے درمیان غلط فہمیاں پیدا کر رہے ہیں انہیں کاؤنٹر کریں اور یاد دلاتا چلوں یہ لوگ ہماری ہی سیاسی پارٹیوں کا لبادہ اوڑھ کے پہلے کسی نہ کسی پارٹی کا روپ دھاریں گے اعتماد حاصل کریں گے اور ہمیں لڑوائیں گے اس لئے ایسی کسی بھی غلط فہمی کو جلد کاؤنٹر کریں اور عام فہم پاکستانیوں کو غلط فہمیوں کا شکار ہونے سے بچائیں۔

ماہ بہ ماہ رنگ بدلتا 2022

ترقی کے سفر میں آنے والے وقت کے اُتار چڑھاؤ

تحریر: سید انور فراز (کراچی)

2022ء زحل کی سعد پوزیشن خارجہ کامیابیاں مضبوط اپوزیشن وزیر اعظم تحریک عدم اعتماد سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

برسوں پہلے کسی شاعر نے کہا تھا ؎

دنیا بدل رہی ہے آنسو بہانے والے

آج اگر ہم یہ کہیں کہ دنیا نہایت تیزی کے ساتھ تبدیلی کے مراحل طے کر رہی ہے تو غلط نہیں ہوگا، شاید اتنی تیز رفتار تبدیلی کی لہر پہلے کبھی مشاہدے میں نہ آئی ہوگی، ممکن ہے ماضی میں زمانوں کو بدلنے والے عظیم سیاروی قرانات بھی اس طرح نہ ہوئے ہوں جیسا کہ گزشتہ دو سالوں میں ہوئے، عام روایات کے مطابق 6 یا 6 سے زائد سیارگان کا اجتماع تقریباً بیس سال میں ایک بار مشاہدے میں آتا رہا ہے لیکن 26 دسمبر 2019 کے عظیم اجتماع کے بعد فوراً ہی 11 فروری 2021ء کو بھی ایسا ہی اجتماع برج جدی میں دوبارہ دیکھنے میں آیا ہے شاید پچھلے سو سال کی تاریخ میں ایسے عظیم اجتماع اور اس قدر قریب ہماری نظر سے نہیں گزرے، ان دونوں عظیم سیاروی اجتماعات کے نتیجے میں پوری دنیا ایک انقلاب عظیم سے دوچار ہے۔

2020ء میں کووڈ 19 نے پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا، ساری دنیا جانی و مالی نقصانات کے عذاب جھیلتی رہی، کام، دھندے کاروبار بند ہونے لگے، لوگوں کا گھروں سے باہر نکلنا ممکن نہیں رہا، حکومتوں نے اس وبا کو روکنے کے لیے لاک ڈاؤن جیسی سختیاں شروع کیں جو ابھی تک جاری ہیں مگر یہ طوفان تاحال ہمارے سروں پر سوار ہے۔

خیال رہے کہ پہلا عظیم سیاروی اجتماع دسمبر 2019 میں برج قوس میں ہوا تھا جو فطری زائچے میں نواں گھر ہے اور ”بھاگیا استھان“ کہلاتا ہے، گویا قسمت کا کھیل اس سے وابستہ ہے، ہم دیکھتے ہیں کہ قسمت نے دنیا کے ساتھ ایک ایسا کھیل کھیلا جو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا، بڑے بڑے توانا اور قد آور درخت لرزنے لگے، سپر پاورز گھٹنوں پر آگئیں، دوسرا عظیم سیاروی اجتماع گیارہ فروری 2021ء کو برج جدی میں ہوا، یہ فطری زائچے کا دسواں گھر ہے، اس کا تعلق عزت و وقار اور پیشہ ورانہ سرگرمیوں سے ہے، برج جدی ایک منقلب اور خاکی برج ہے، گویا زمینی تبدیلیاں اور نئے زمینی اتار چڑھاؤ کے علاوہ عزت و وقار اور پیشہ ورانہ امور اس سے متعلق ہیں، چناں چہ ہم نے دیکھا کہ بڑے بڑے مضبوط پوزیشن رکھنے والے ملک اپنی عزت و وقار گنوا بیٹھے، سال 2021ء میں بھارت کا جو حال ہوا اور مزید ہو رہا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے، برطانیہ عظمیٰ اور امریکا کے علاوہ دیگر مغربی ممالک اپنی ساکھ اور عزت کھو رہے ہیں، خاص طور پر اگست میں جو کچھ ایک چھوٹے سے ملک افغانستان میں ہوا اس نے امریکا اور اس کے اتحادیوں کا غرور خاک میں ملا دیا، 75 70 ہزار افغان مجاہدین جنہیں امریکا اور اس کے اتحادی دہشت گرد قرار دیتے رہے اور جن کے مقابلے پر جدید اسلحے سے لیس تین لاکھ فوج موجود تھی، اچانک پورے افغانستان پر قابض ہو گئے، امریکا کی قائم کردہ حکومت چند روز میں تحلیل ہو گئی، اس کا صدر اشرف غنی اور کابینہ کے دیگر افراد بیرون ملک فرار ہو گئے، زمینی تبدیلی کے ایسے حیرت انگیز تماشے شاید چشم فلک نے کم کم ہی دیکھے ہوں گے اور ہمیں کہنے دیجیے، آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا۔

غیر معمولی سیاروی اجتماعات کے حوالے سے ہم نے گزشتہ سال بھی زنجانی جنتری 2021 میں اپنی گزارشات پیش کی تھیں اور عرض کیا تھا۔

"اب دنیا نظریاتی طور پر تبدیل ہونے جا رہی ہے، عالمی معاشی بحران کے ساتھ معاشرتی ٹوٹ پھوٹ بھی اپنی انتہا کو پہنچ رہی ہے"

اپنے اسی مضمون میں آگے چل کر یہ بھی لکھا تھا۔

"مجموعی طور پر اس اجتماع کا اثر دنیا بھر میں عملیت پسندی اور تبدیلی کا رجحان لائے گا اور یہ تبدیلیاں مفادات کی بنیاد پر ہوں گی، نظم و ضبط اور اصول و قواعد پر زور دیا جائے گا، لوگ زیادہ پریکٹیکل ہو جائیں گے، خیالی دنیا سے نکل کر میدان عمل میں سرگرم ہوں گے، توہماتی، قیاسی، باتوں سے زیادہ حقیقت پسندانہ یا دوسرے معنوں میں سائنسی سوچ اور فکر پر توجہ دی جائے گی اور یہ ایک مثبت رجحان ہوگا، بہت سے جذباتی رویوں، نظریوں اور فلسفوں کا خاتمہ ہوگا اور ایسی رسومات و روایات کی بھی حوصلہ شکنی کی جائے گی جو عملی طور پر عام انسان کے لیے محض وقت کا زیاں ہوں اور بے فائدہ ہوں مگر اس کے ساتھ ہی دنیا بھر میں خود پرستی اور خود غرضی بہت زیادہ بڑھ جائے گی، لوگ صرف نفع و نقصان کی بنیاد پر قدم آگے بڑھانے کو ترجیح دیں گے، اس سے قریبی رشتے ناطے بھی بری طرح متاثر ہوں گے، یہی صورت حال ملک اور قوموں کی بھی ہوگی"۔

عظیم سیاروی قرانات کے ساتھ ہی گزشتہ دو سال سے دیگر اہم سیارگان مشتری، زحل، مریخ، پلوٹو، یورینس، نیپچون اور راہو کیتو بھی خلاف معمول غیر معمولی زاویے بناتے رہے ہیں جن میں سب سے اہم زمینی سیارے زحل کے ساتھ راہو کیتو کے اشتراک سے قائم ہونے والے زاویے نہایت اہم ہیں، سال 2020 میں کیتو اور زحل 18 سال تقریباً حالت قران میں رہے اور اس سال تقریباً سارا سال راہو سیارہ زحل سے ناظر رہا ہے، بہر حال زحل کی 2020-21 میں نویں گھر میں موجودگی خارجہ پالیسی میں بہتری کا باعث بنی ہے اور پاکستان اپنی افغان پالیسی میں مکمل طور پر کامیاب رہا ہے جب کہ اس کے برعکس بھارت کو سخت ناکامی کا سامنا رہا، **سیارہ زحل کی یہ پوزیشن 2022 میں خارجہ پالیسی کے محاذ پر مزید کامیابیوں کا سبب بنے گی،** افغان حکومت سے بہتر تعلقات پاکستان کو بلوچستان کی صورت حال کو بہتر بنانے میں مدد دیں گے، مغربی بارڈر پر جو بے اطمینانی کی صورت حال تھی وہ ختم ہوگی، اسی طرح سیارہ مشتری کا اپنے برج ہبوط سے گزرنا بھی اہمیت کا حامل ہے، مشتری وسعت و ترقی سے متعلق سیارہ ہے، 2020-21 میں اپنے برج ہبوط جدی سے گزرا ہے جہاں اسے ہبوط کی کمزور ترین پوزیشن حاصل ہوتی ہے، چناں چہ ساری دنیا میں ترقی کا عمل زوال پذیر رہا ہے اور پاکستان بھی اس کا شکار ہوا۔

پاکستان

ہم پہلے بھی نشان دہی کر چکے ہیں کہ پاکستان اپنے زائچے کے منحوس ترین سیارہ مشتری کے دور اکبر سے گزر رہا ہے، اس دور کا خاتمہ 2024 میں ہوگا، جب کہ آغاز 2008ء میں ہوا تھا، ہم دیکھتے ہیں کہ اس کے بعد سے مسلسل پاکستان معاشی تنزل کا شکار ہے، دنیا بھر میں اس کی ساکھ بری طرح متاثر ہوئی ہے، خاص طور پر 2019 تک سیارہ زحل کی ناقص پوزیشن بھی پاکستانی حالات و واقعات میں خرابیوں کا سبب بنی، 2020ء سے اگرچہ سیارہ زحل پاکستانی زائچے کے بہتر گھر میں ہے اور یہ سست رفتار سیارہ آہستہ آہستہ ہمیں ایک مثبت راہ دکھانے میں مددگار ثابت ہو رہا ہے لیکن 2021ء میں سارا سال راہو کے ساتھ اس کی نظر مسائل میں پیچیدگیوں کا باعث رہی ہے، خاص طور پر اپریل 2021 اور ستمبر تا دسمبر 2021 نہایت ہی خراب اثرات کے حامل مہینے رہے ہیں، 2021ء میں اکتوبر سے دسمبر تک راہو کیتو کی مستقیم پوزیشن کی وجہ سے بھی **پاکستانی حکومت خصوصاً وزیراعظم پاکستان اور ان کی کابینہ اور پارلیمنٹ کی صورت حال خاصی تشویش ناک ہوسکتی ہے، اس دوران میں اگر اپوزیشن کوئی تحریک عدم اعتماد لے آئے تو حیرت نہیں ہونی چاہیے۔**

نیا سال 2022ء اس اعتبار سے بہتر سال ہوگا کہ سیارہ زحل زائچہ پاکستان میں زیادہ بہتر اور طاقتور پوزیشن میں اثر انداز ہوگا اور خیال رہے کہ سیارہ زحل زائچہ پاکستان میں نویں دسویں گھر کا حاکم ہے جو بنیادی ترقی کے

اعتبار سے نہایت اہم گھر ہیں۔ سیارہ زحل دسمبر 2022 تک برج جدی میں اور اس کے بعد 5 سال تک برج دلو اور حوت میں حرکت کرے گا، گویا ملک میں وسعت و ترقی اور استحکام کا سفر شروع ہوگا، اس میں شک نہیں کہ زائچے کا سب سے منحوس سیارہ مشتری بھی اس دوران میں آئندہ دو سال تک ان ہی گھروں سے گزرے گا اور مختلف اوقات پر نحس اثرات کا باعث بنے گا لیکن ایسا محدود مدت کے لیے ہوگا، وہ لوگ جو پاکستان کی سال بہ سال گرتی ہوئی معیشت اور مجموعی ساکھ سے مایوس ہیں وہ یقیناً دیکھیں گے کہ ملک میں آہستہ آہستہ ترقی اور استحکام پیدا ہو رہا ہے، انشاءاللہ۔

دسمبر 2020 سے ہی سیارہ مشتری زائچے کے دسویں گھر پر اثر انداز ہے اور جنوری 2022ء تک حکومت اور عوام کے لیے مشکلات اور پریشانیوں کا باعث ہے لیکن نئے سال جنوری سے گزشتہ سال کی مشکلات میں کمی آئے گی، خاص طور پر 15 جنوری کے بعد سے ایسے مسائل اور مشکلات پر قابو پالیا جائے گا جو گزشتہ سال کے آخری مہینوں میں پیدا ہوئے تھے، اس حوالے سے اہم ترین نظر قرانزٹ کرتے ہوئے راہو اور پیدائشی قمر اور زہرہ کے درمیان گزشتہ سال اکتوبر سے قائم ہے، یہ نظر اعلیٰ قیادت کو متحرک کرنے والی اور نئے فیصلے سامنے لانے والی ہے، ایسے فیصلے اور اقدام جن کا آغاز گزشتہ سال کے آخر سے ہی ہوگیا تھا، نئے سال کے آغاز پر نمایاں نظر آئیں گے۔

جنوری: بے شک جنوری کا پہلا نصف خصوصاً وزیراعظم اور ان کی کابینہ اور پارلیمنٹ کے لیے اچھے اثرات کا حامل نہیں ہے، نومبر دسمبر 2020 سے وہ جس دباؤ کا شکار ہوں گے وہ جنوری تک جاری رہے گا لیکن ٹرانزٹ کرتا ہوا سیارہ زحل بہرحال اپنا مثبت اثر بھرپور طریقے سے ڈالے گا جس کی وجہ سے صورت حال پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ خیال رہے کہ مشتری اور سیارہ مریخ کی پوزیشن بین الاقوامی صورت حال کے حوالے سے جنوری کے مہینے تک نہایت اہمیت کی حامل رہے گی کیوں کہ افغانستان کی صورت حال نے پوری دنیا میں جو نیا منظرنامہ پیش کیا ہے، پاکستان اس میں نہایت اہم پوزیشن رکھتا ہے، اس موقع پر پاکستان کی اعلیٰ قیادت کو نہایت تدبر اور دانش مندی کے ساتھ نئے منظرنامے کی مناسبت سے درست فیصلے کرنے کی ضرورت ہوگی، راہو کی پوزیشن درست فیصلوں کے راستے میں مسائل پیدا کرسکتی ہے، چناں چہ دعا کرنا چاہیے کہ ہمارے مقتدر حلقے پاکستان کے مفاد میں درست فیصلے کرسکیں اور خصوصاً ہمارے اہل سیاست بہتر کردار ادا کریں، بہ صورت دیگر پاکستان دوبارہ کسی نئی اور پیچیدہ صورت حال میں الجھ سکتا ہے۔

فروری: جنوری کے بعد فروری بھی کوئی آسان مہینہ نظر نہیں آتا اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے حالات و واقعات جو نیا رُخ اختیار کریں گے، اس پر کسی کو اختیار نہیں ہوگا، ہم ایک تند و تیز وقت کے دھارے میں محض ہاتھ پاؤں مارتے نظر آئیں گے، خصوصاً بین الاقوامی صورت حال اور بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کے سامنے خاصی بے بسی کا سامنا ہوسکتا ہے، ملک میں داخلی طور پر انتظامی امور میں بھی فروری تا مارچ خاصی اکھاڑ پچھاڑ نظر آتی ہے، بہت سے پرانے چہرے منظر سے غائب ہوں گے اور نئے چہرے سامنے آسکتے ہیں۔

مارچ: مارچ کا مہینہ نہایت اہم ہے کیوں کہ اسی مہینے میں راہو کیتو برج تبدیل کریں گے اور زائچہ پاکستان کے بارھویں اور چھٹے گھر میں اپنے سفر کا آغاز کریں گے، یہ اہم تبدیلی پاکستان کے لیے بہتر ہوگی لیکن مارچ کا آخری ہفتہ حکومت کے لیے کچھ نئے مسائل اور پریشانیاں لاسکتا ہے، خاص طور سے وزیراعظم کے لیے اور اعلیٰ عہدوں پر فائز افراد کے لیے، امکان ہے کہ اس عرصے میں بعض صاحب حیثیت افراد کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑے، وزارتوں میں تبدیلیاں دیکھنے میں آئیں، ملکی اور عوامی معاملات میں بہرحال مثبت پیش رفت جاری رہے گی۔

اپریل: اپریل کا ابتدائی نصف بہتر ہوگا، مثبت رجحانات اور ترقیاتی امور میں پیش رفت ہوگی لیکن 15 اپریل کے بعد صورت حال خراب ہوسکتی ہے خصوصاً میڈیا سے متعلق معاملات میں خرابیاں دیکھنے میں آئیں گی اور داخلی صورت حال میں بھی حادثات و جرائم میں اضافہ ہوسکتا ہے، سول و ملٹری اسٹیبلشمنٹ اور حکومت کے درمیان کوئی تنازع جنم لے سکتا ہے جو زیادہ عرصے تک جاری نہیں رہے گا۔

مئی: مئی کے ابتدائی 15 دن ہی سنسنی خیز خبریں لاسکتے ہیں، اس دوران میں پہلے سے بگڑی ہوئی صورت حال کو سنبھالنے کے لیے نئے فیصلے اور اقدام

دیکھنے میں آئیں گے، البتہ 15 مئی کے بعد سے صورت حال میں بہتری آئے گی، ترقیاتی معاملات پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور عوام کو سہولتیں فراہم کرنے کے لیے اقدام کیے جائیں گے۔

جون: سیارہ زحل جو 30 اپریل سے دسویں گھر برج دلو میں آ گیا تھا اور جون تک ابتدائی درجات ہی پر حرکت کر رہا تھا، حکومت کے استحکام اور مثبت اقدام کا باعث ہوگا، عوام کے لیے قانون سازی اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے اس مہینے میں اہم فیصلے ہو سکیں گے، اسی مہینے میں فوج اور بیوروکریسی سے متعلق بعض اہم معاملات زیر بحث آ سکتے ہیں، خصوصاً بعض اہم عہدوں پر تعینات افراد کی ریٹائرمنٹ یا تبدیلی موضوع بحث ہو سکتی ہے، وزیر اعظم اور ان کی کابینہ اس مہینے میں اہم فیصلے کر سکتے ہیں۔

جولائی: اس ماہ کے آغاز ہی میں بعض چونکا دینے والی خبریں میڈیا میں آ سکتی ہیں جن کا تعلق فوجی معاملات یا بیوروکریسی کے معاملات سے ہو سکتا ہے، اس کے علاوہ بیرون ملک خارجہ پالیسی اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے حوالے سے بھی نئے رجحانات سامنے آئیں گے، بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کسی مسئلے میں پاکستان پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کر سکتی ہے لیکن سیارہ زحل کی برج جدی میں واپسی خارجہ امور یا بیرون ملک معاملات کو سنبھالنے میں معاون ثابت ہوگی۔

اگست: اس مہینے کا آغاز مثبت اور خوش گوار ہوگا لیکن 14 اگست کے بعد بعض معاملات میں نئے مسائل جنم لے سکتے ہیں جو حکومت کی بدنامی کا باعث بن سکتے ہیں، عوام کی پریشانیوں میں اضافہ ہوگا اور داخلی صورت حال حادثات و سانحات کی نشان دہی کرتی ہے، کسی غیر ملک سے تعلقات میں خرابی یا تناؤ کی صورت حال پیدا ہو سکتی ہے۔

ستمبر: مہینے کا آغاز مثبت انداز میں ہوگا، بین الاقوامی معاملات اہمیت اختیار کریں گے، خارجہ پالیسی کے محاذ پر حکومت کو زیادہ توجہ دینا پڑے گی، مخالف پروپیگنڈے کا جواب دینے کے لیے خصوصی اقدام کی ضرورت ہوگی، میڈیا پر شدید دباؤ آ سکتا ہے، اس مہینے میں غیر ملکی ایجنسیوں کی کارروائیاں ملک میں بڑھ سکتی ہیں، اس کے نتیجے میں حادثات و سانحات کا سامنا ہو سکتا ہے، انتظامیہ کو خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہوگی۔

اکتوبر: ابتدائی 15 دن معمول کے مطابق رہیں گے، ملکی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے دانش ورانہ سوچ اور فکر ملک میں نظر آئے گی، خاص طور سے انٹرٹینمنٹ کی دنیا میں نئے تجربات ہو سکتے ہیں، پروگرامز کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوششیں دیکھی جائیں گی، البتہ اکتوبر کے آخری دس دن بعض معاملات میں تشویش اور فکر مندی لا سکتے ہیں خاص طور سے معاشی معاملات اور آئین و قانون سے متعلق مسائل خصوصاً 15 اکتوبر سے ایسا وقت شروع ہوگا جس میں نت نئے مسائل اور تنازعات جنم لیں گے۔

نومبر: اکتوبر کے آخر سے جن مسائل اور تنازعات کی ابتدا ہوگی وہ نومبر میں بھی جاری رہیں گے، اس حوالے سے نئے فوجی سربراہ کا معاملہ بھی اہم ہوگا، اپوزیشن جماعتیں زیادہ شدت پسندی کا مظاہرہ کریں گی اور حکومت پر دباؤ بڑھانے کی کوشش کریں گی، اس معاملے میں بھی آئینی و قانونی نئے مسائل جنم لے سکتے ہیں، اس موقع پر بھی بیرونی مداخلت اور ریشہ دوانیاں عروج پر نظر آئیں گی خیال رہے کہ سیارہ مشتری اپنی مستقیم پوزیشن میں زائچے کے تیسرے، پانچویں، ساتویں اور گیارھویں گھر کو بری طرح متاثر کر رہا ہوگا اس موقع پر اعلیٰ قیادت کے لیے مشکل صورت حال پیدا ہو سکتی ہے۔

دسمبر: اس مہینے کا آغاز گزشتہ مہینے کے مسائل اور پیچیدہ صورت حال سے نمٹنے کی کوششوں میں ہوگا جن پر اگرچہ قابو پا لیا جائے گا لیکن ان کے اثرات بہر حال ختم نہیں ہوں گے، 15 دسمبر سے ایسی صورت حال پیدا ہو سکتی ہے جس کے نتیجے میں ملک کی ترقی میں رکاوٹ پیدا ہو جائے اور اس کا سارا بوجھ عوام پر آ جائے، یہ صورت حال نئے سال 2023 کی ابتدا تک جاری رہے گی۔

عزیزان من! انتہائی اختصار کے ساتھ زائچہ پاکستان میں سیاروی گردش اور سیاروی ادوار کی صورت حال پر روشنی ڈالی گئی ہے، یقیناً گزشتہ سالوں کی طرح یہ کوئی آسان سال نہیں ہوگا، بہت سی مشکلات اور حادثات ہمیشہ کی طرح اس سال بھی ملک و قوم کے سامنے رہیں گے لیکن اس کے باوجود ملک کی ترقی کا سفر جاری رہے گا، سیارہ زحل کی سعادت اس ترقی کے سفر میں معاون و مددگار ہوگی، حکومتیں بنتی بگڑتی اور آتی جاتی رہتی ہیں، ترقی کا سفر جاری رہنا چاہیے۔

قارئین ابھی غور و فکر کریں تو تمام دُنیا کے ممالک اور شہر ایک خاص طول بلد عرض بلد پر قائم ہیں۔ اس طرح اس صدی اور اس سال عالمی خبروں میں نمایاں رہنے والا ملک **افغانستان جس کا دارالخلافہ کابل 34 درجہ 31 دقیقہ شمال عرض بلد اور 69 درجہ 12 دقیقہ مشرق طول بلد** پر واقع ہے۔ اس طرح پورے گلوب کا مشاہدہ کریں تو آپ کو کہیں ڈکٹیٹر شپ کہیں بادشاہت اور کہیں جمہوریت اور کہیں جمہوریت + آمریت ملے گی۔

دُنیا کے نقشہ پر کابل کا طول بلد عرض بلد ابتک کسی سپر پاور کو راس نہیں آیا برطانیہ سامراج ہو یا روسی کیمونزم یا پھر سپر پاور امریکی جمہوریت نام نہاد انسانیت دوست عالمی ہمدرد اور خیر خواہ اس کے ماتحت خاموش تماشائی **U.N.O** ہو یا چلیں نیٹو افواج نے جب بھی کبھی لشکر کشی کی تو نتیجتاً افغانستان عالمی طاقتوں کا قبرستان بنا اور آئندہ بھی ایسا ہی ہوگا۔ امریکی انخلاء سے افغانستان میں چین اور روس کی راہ ہموار ہوئی بھلا امریکہ کھربوں ڈالر ضائع کرنے کے بعد اپنی ہتک کب بھولے گا۔ ایک بھی امریکین افغانستان میں مرا تو پھر اسے مارنے چلا آئے گا۔ دُنیا بھر میں پہلے **800** کے قریب جنگی امریکی ایئر بیس اور سمندری جنگی بحری بیڑے ان سے کئے گئے ڈرون حملے دُنیا میں کسی بھی مقام اور کسی بھی فرد کو نشانہ بنا سکتے ہیں۔ دین اسلام میں قصاص میں حیات ہے۔ مگر خود اہل اسلام بھی اس پر مکمل عمل نہیں کرتے۔

ہر سال فلکی مشاہدات کے بعد عالمی منجمین اپنے ملکوں کے علاوہ عالمی پیشگوئیاں کرتے ہیں۔ یہ اٹل حقیقت ہے کہ زمین کے کسی بھی طول بلد عرض و بلد پر کوئی عالمی سیاسی جغرافیائی جنگ و جدل کا نقشہ نہیں بنتا جب تک آسمانی کونسل پر عرف عام میں یوں کہہ لیں **ستاروں کی جنگ نہیں ہوتی** یہ الگ بات ہے کہ کوئی منجم اپنے کم مشاہدہ علم کے سبب بروقت پیش گوئی نہ کر پائے لیکن واقعہ ہو جانے کے بعد با آسانی ستارے راہنمائی کرتے ہیں۔ اور قبل ازیں پیش گوئی کرنا ہی اصل فن نجوم ہے۔ انفرادی پیش گوئیوں کے ساتھ سیاسی نجوم یا کائناتی علم نجوم دُنیا کے سائنٹیفک علوم میں سے ایک علم ہے۔ علم الفلکیات ماضی اور مستقبل کے کئی سو سالوں کی تقویم سیارگان جدید ریسرچ **NASA** سے با آسانی مل جاتی ہیں۔ ستاروں کی بارہ منقطقہ

البروج میں رفتار سیارگان سے ہی منجمین انفرادی یا سیاسی زائچہ بنا کر پیش گوئیاں کرتے ہیں یہی قواعد علم نجوم کہلاتے ہیں۔ یوں علم الفلکیات کی مدد سے علم نجوم کے زائچے مرتب کیے جاتے ہیں۔ یوں تو ہر ملک کا یوم آزادی اس ملک کا زائچہ کہلاتا ہے۔ مگر جب انقلابات یا جغرافیائی تبدیلیاں آئیں تو ملکوں قوموں کے زائچے بھی بدلتے رہتے ہیں۔ جیسے **ایران، پاکستان، بنگلہ دیش** اور مستقبل میں نیا زائچہ **افغانستان** آج ہم فطرتی علم کی روشنی میں اپنے قارئین کو کچھ اہم خاص نقاط آگہی اور طلبہ نجوم کیلئے ہدیہ کریں گے۔ جبکہ اساتذہ نجوم سے ہم ہمیشہ کچھ سیکھنے کی جستجو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

آسمانی کونسل پر صدی میں پانچ چھ سات مرتبہ ستاروں کے اجتماعات کسی نہ کسی برج میں ہو کر اپنی فطرت کے مطابق اہل دُنیا کو متاثر کرتے ہیں۔ گزشتہ صدی میں **1908,1921,1941,1962,1981,2000** اور **اس صدی میں 26 دسمبر 2019ء 11 فروری 2021ء اور اب 28 فروری 2022ء کو پھر برج جدی میں ستاروں کا اجتماع ہونے جارہا ہے**۔ نہ صرف بلکہ گزشتہ سال کی طرح برج جدی میں ستاروں کے اس عظیم اجتماع میں منحوس کال سروپ یوگ بھی لگا ہوا ہوگا۔ برج جدی آسمان کی چھت گزشتہ سال کی جنتری **2021**ء میں ہم نے صفحہ نمبر **25** تا **32** آٹھ اجتماعات سیارگان کے زائچے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ ہمارے پیش نظر فی الحال بیسویں اور اکیسویں صدی کے دیکھ ہوتے اور **مستقبل قریب اور 28 فروری 2022ء کو اجتماع سیارگان کے آسمانی کونسل پر ستاروں کی جنگ کے متوقع سیاسی اثرات اختصار کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔**

(1) 03 مئی **2000**ء کو برج حمل میں چھ ستاروں کے بداثرات نے **09** ستمبر **2001**ء امریکہ میں نیویارک ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی تباہی اور افغان جنگ کا آغاز ہوا۔ **(2) 26** دسمبر **2019**ء برج قوس میں سات ستاروں کے بداثرات ساتھ ہی اس دن سورج گرہن لگنے سے دُنیا میں کورونا وائرس نے قیامت صغریٰ کا منظر پیش کیا۔ موجودہ زندہ انسانوں نے اس سے پہلے ایسا خوفناک منظر پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ **AQ tv** پر میں نے **26** ستمبر **2019**ء کو **26** دسمبر **2019**ء کو بننے والے ستاروں کے خوفناک اثرات کا مشاہدہ کرتے ہوئے "قیامت صغریٰ" کے نام سے پروگرام کیا تھا جو یوٹیوب **AQ Tv** پر آج بھی موجود ہے۔ بہر حال میرے اندازے سے بھی زیادہ عالمی خوفناک تباہی بربادی ہوگی۔ الحفیظ الامان **(3) 11** فروری **2021**ء چھ ستاروں کا برج جدی میں بداثرات دُنیا سپر پاور امریکہ کی بیس سال بعد افغانستان سے شکست نیکی اتحادی **40** ممالک کی نیٹو افواج کا انخلاء **(4)** امسال پھر چھ اہم ستاروں کا اجتماع برج جدی میں **28 فروری 2022ء** کو ہوگا۔ اس کے متوقع بداثرات مستقبل قریب کے آنے والے سالوں میں کچھ یوں دکھائی دیتے ہیں۔

2022ء آسمانی کونسل پر ستاروں کی جنگ کا نقشہ بنا ہوا اور ستاروں کا منحوس کال سپر روپ یوگ بھی لگا ہوا ہے۔ فطرتی زائچے میں برج جدی دسواں برج عالمی حکمرانوں ڈکٹیٹروں بادشاہوں صدور اور وزراء اعظموں سے منسوب ہے۔ **11** فروری **2021**ء اسی برج میں سات ستارے اور اب **28** فروری **2022**ء پھر چھ ستاروں کا اجتماع اس برج میں ہونے سے خصوصاً **248** سال بعد **4,3,2** مارچ برج جدی میں **مریخ پلوٹو کا منحوس قران** دیگر عجیب و غریب **30** سال بعد **قران نحسین مریخ زحل 5,4,3** اپریل ہوگا۔ جب ستارہ زحل اپنے ذاتی برج جدی میں عروج یافتہ ستارہ مریخ شرف یافتہ ہو کر بھی سعادت کے برعکس دُنیا والوں کو نحوست دیں گے۔ **فطرتی زائچہ میں برج جدی میں پلوٹو مریخ زحل کا صدیوں بعد مقابل برج سرطان آبی برج پر مکمل نگاہ ڈالنا جبکہ 2022**ء میں تین آبی نمبر ایک آتشی نمبر ہونے کے سبب سپر پاور اپنی برتری دکھانے کیلئے دشمن ممالک کے خلاف جسارت کرکے اپنے سمندری بحری بیڑوں کو جنگ میں جھونک سکتے ہیں۔ آتشی جنگ سمندری حیات کے نقصان سمندر کنارے شہروں میں سونامی اور سطح سمندر سے بالا شہروں کے ڈوبنے کا بھی خدشہ ہے۔ اہم عالمی لیڈروں کے دماغ پر جنگ کا جنون سوار رہیگا۔ جنگ کی تباہ کاریاں دُنیا میں غذائی اجناس کی قلت اور مہنگائی کا سبب بنیں گی۔ ارضی وسماوی امراض دُنیا کو گھیرے رہیں گے۔ ہماری دُعا ہے کہ علم الاعداد قدرت کی کرشمہ کاریاں قدرت **2022**ء کے مفرد نمبر **6** سے منسوب ستارہ زہرہ محبت کو دُنیا میں اُجاگر کر دے اور **2022**ء بین المذاہب محبت کا سال ثابت ہو۔ ہر مذہب محبت کا پیغام دیتا ہے۔

تبصرہ نگار: چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)

منجم شاہ زنجانی کی سچی پیش گوئیاں

گزشتہ سال کی معذرت کے ساتھ ہر سال کی طرح منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی کے وارث شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی کی پیش گوئیوں پر تبصرہ کے ساتھ حاضر ہوں۔ میرے پیشِ نظر زنجانی جنتری 2020ء اور 2021ء اور ادارہ کے بھی ماہنامہ آئینہ قسمت کے شمارے پیشِ نظر ہیں۔ 26 دسمبر 2019ء سورج گرہن اور آٹھ ستاروں کے اجتماع کی عالمی نحوست اور III ورلڈ متاثرہ ممالک کا نقشہ دیا گیا تھا۔ جنگ عظیم تو نہ ہوئی مگر کورونا وائرس نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا یوں یہ تباہی کسی جنگ عظیم کے بعد ہونے والی تباہی بربادی سے کم نہ تھی۔ زنجانی جنتری

2021ء کے سال کو منحوس سال قرار دیتے ہوئے ارضی و سماوی آفات اور 2021ء **تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات قبلہ اوّل عرب و عجم قرار دیا**۔ اور پھر کچھ یوں ہوا کہ 27 رمضان المبارک 2021ء کو قبلہ اوّل بیت المقدس پر عبادت کرتے نہتے مسلمانوں پر یہودی اسرائیلی افواج نے حملہ کر دیا جنگ کے شعلے شدید بھڑکنے کے قریب تھے کہ جنگ مزید بڑھ جاتی جنگ شروع کرانے اور شہ دینے والا امریکہ U.N.O نے جنگ بندی کرائی پورے عالم اسلام کے علاوہ میری اور شاہ زنجانی کی فیملی ان ساتھوں پر دُکھی دل سے دُعا گو ہے کہ امام زمانہؑ کا جلد ظہور ہو اور دُنیا میں امن قائم ہو۔ فلسطین کے ساتھ ساتھ اسلامی دُنیا کشمیر، یمن، شام اور افغانستان کے مسائل نہایت حساس چل رہے ہیں۔ دُنیا واضح تقسیم ہو چکی ہے۔ شاہ زنجانی نے فرمایا ہے کہ 28 فروری 2022ء پھر ستاروں کا اجتماع ہو رہا ہے اور انہوں نے ستارہ زہرہ محبت کا سال ہونے سے دُعا بھی دی ہے کہ 2022ء بین الاحباب محبت کا سال ثابت ہو۔ آمین

چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے) چک بارکلاں (نارنگ منڈی) کالا خطائی روڈ ضلع شیخوپورہ) Mob# 0300-4259249

منجم شہزادہ سید افتخار حسین شاہ زنجانی چیف ایڈیٹر فلکیات

عالمی و سیاسی حالات 2022

6

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ (سورہ 7/اعراف آیت 54)

بے شک تمہارا پروردگار خدا ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا

2022ء پھر عالمی آزمائش منحوس کال سرپ یوگ برج جدی 11 نومبر 2021ء تا 28 جنوری 2022ء ستاروں کا عظیم آخری اجتماع

248 سال بعد برج جدی میں پلوٹو اور 30 سال بعد برج دلو میں زحل شرفی برجی منحوس قرانات جغرافیائی تبدیلیاں متحدہ امریکہ، برطانیہ، یورپی ایشیائی ممالک کے اتحاد کو خطرات

2022ء عالمی جنگی خطرات کے بادل منڈلاتے رہیں دنیا کی واضح تقسیم

نیٹو اتحاد کو خطرہ امریکی صدر کی تنزلی یا قاتلانہ حملہ امریکہ مقابل روس، چین اور اتحادی ممالک میں گرم جنگ

2022ء گلوبل موسمی خطرات سمندروں میں تیزی طغیانی کی ساحلی شہروں کے ڈوبنے کا اندیشہ خراب موسمی اثرات غذائی اجناس کی قلت

بھارت علیحدگی پسند تحریکوں کا زور تحریک آزادی کشمیر میں تیزی

2022ء افغانستان مضبوط جمہوری حکومت کے قیام میں امریکی مداخلت افغان تقسیم کی سازشیں

وزیراعظم عمران خان اور انکی کابینہ مشکلات میں، اپوزیشن کا دباؤ تحریک عدم اعتماد فروری تا اگست خطرہ، سول ملٹری اسٹیبلشمنٹ تنازعات

دعا ہے 2022ء بین المذاہب محبت کا عالمی سال ثابت ہو (دعا گو شاہ زنجانی)

سیاسی نجوم آسمانی کونسل پر گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی سال نو کے آغاز **28 فروری 2022ء** پلوٹو، زحل، مریخ، عطارد، زہرہ اور قمر کا برج جدی میں پھر آنا اور منحوس کال "**سروپ یوگ**" کا لگنا عالمی لیڈران کے جنگی جنون میں اضافہ کرے گا دُنیا واضح دو حصوں میں تقسیم ہو چکی ہے اور مزید ہو جائیگی۔ سپر پاورز امریکہ کا زوال اور چین کا عروج اتحادی ممالک میں کیمیائی و عسکری جنگ و جدل کی سورش عروج پر ہوگی۔ پاکستانی عوام و خواص آج کل ہم سے یہ سوال بہت پوچھ رہے کہ پاکستان کا عروج اور حالات کب تک بہتر ہو نگے؟ فن علم نجوم کی روشنی میں ہم پر لازم ہے کہ ہم اپنے کرم فرماؤں کی فرمائش کی تکمیل ضرور کریں۔ **26** دسمبر **2019**ء اور پھر **11** فروری **2021**ء آسمانی کونسل پر ستاروں کے سات، آٹھ اجتماع سیارگان اور اس دوران لگنے والے گرہن نے پوری دُنیا عالم اسلام ایشیائی ممالک خصوصاً پاک بھارت افغانستان کو ارضی و سماوی ناگہانی آفات و بلیات سے بہت متاثر کیا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ کسی عالمی جنگ ہونے کے بعد جیسے اثرات پوری دُنیا نے بھگتے ان میں ہمارا وطن عزیز پاکستان بھی معاشی اقتصادی سیاسی بیروزگاری مہنگائی اور خصوصاً کورونا جیسی ناگہانی امراض سے بری طرح متاثر ہوا **2020**ء اور **2021**ء دُنیا کے ساتھ پاکستانی عوام کے لئے بھی **2021**ء مایوس کن سال ثابت ہوا زنجانی جنتری **2021**ء کی سالانہ عالمی و سیاسی حالات پیش گوئیوں صفحہ نمبر **33** پر ہم نے آسمانی کونسل پر ستاروں کے بد اثرات دیکھتے ہوئے **2021**ء کو منحوس عالمی سال کال سرپ یوگ تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات قبلہ اوّل کے فلکیاتی اندیشے ظاہر کیے تھے۔ اور پھر دُنیا نے دیکھا **27** رمضان المبارک مسجد اقصیٰ قبلہ اوّل میں عبادت کرتے ہوئے نہتے مسلمانوں کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ کاش ہماری یہ پیش گوئی غلط ثابت ہوتی۔ آسمانی کونسل پر **2019,2021** کے بعد اب پھر آسمانی کونسل کا نقشہ عالمی سیاسی خراب حالات کی نشاندہی کر رہا ہے۔ **28** فروری **2022**ء چھ ستاروں مریخ، زحل، پلوٹو، عطارد، زہرہ، قمر کا **11** فروری **2021**ء کے بعد پھر ستاروں کا اجتماع برج جدی میں ہوگا۔ نہ صرف منحوس یوگ کال سروپ یوگ کے بدترین اثرات **2022**ء میں بھی دُنیا والوں کو بھگتنے پڑ سکتے ہیں۔ ارضی و سماوی آفات زلزلے، سونامی، کورونا وائرس سے بھی مہلک وائرس سپر پاورز عالمی لیڈران کی غلطیاں دُنیا کو عالمی جنگوں میں مبتلا کرنے کا باعث ہیں۔ **عالمی جنگجوں کا خانہ بدوش امریکہ** جو حال ہی میں بیس سال کے بعد افغانستان سے نکلا چین، روس، بھارت، ترکی مڈل ایسٹ عرب ممالک اور پاکستان کو عالمی جنگوں میں جھونکنے کی سازشیں کرے۔ **11** فروری **2021**ء اور **28** فروری **2022**ء برج جدی میں ستاروں کے عظیم اجتماع تیسری عالمگیر جنگ کا آغاز" دُنیا میں ایک بڑی جنگ ہو کر رہے گی" دُنیا کے قیام امن کیا **U.N.O** کسی بڑی عالمی جنگ کی منتظر ہے؟ تا کہ بعد از جنگ، جنگ بندی کرائی جاسکے اسے مظلوم کشمیری، فلسطینی، افغانستانی برما عراقی شامی اور یمن کی مظلوم عوام کیوں دکھائی نہیں دیتے۔

پاکستان 2022ء:۔ زائچہ پاکستان آسمانی کونسل پر سالانہ زائچہ (ورش پھل) میں طالع برج دلو حاکم ستارہ زحل جو فطرتی طور سے حکومت سیاست سیاسی مزاحمت و مخالفت خصوصاً بڑی عمر کے سیاستدانوں، زراعت کان کنی اور معدنیات سے منسوب ستارہ زحل بارہویں اپنے ہی ثانوی گھر برج جدی میں طلوع ہوگا۔ سیاسی نجوم میں بارہواں گھر حکومت سیاسی مخالفین اہم ملکی نقصانات ملک کے خلاف سازشوں خفیہ اور مخفی خطرات اور ملکی تعمیر و ترقی میں رکاوٹوں کا اشارہ بارہویں گھر سے وزارت صحت شفاء خانے ہسپتال، جیل خانہ جات اور خانقاہوں کا انتظام محکمہ اوقاف نہ صرف بلکہ ملک دشمن خفیہ تحریکیں تخریب کاری، جاسوسی کے بھی ادارے انٹیلی جنس ماضی کے ترقیاتی فنڈز میں خورد برد سخت چیک اینڈ بیلنس جانچنے احتسابی عمل جیسے بھی حساس امور کی وابستگی سالانہ ورش پھل میں حسن اتفاق سے طالع بارہویں کے حاکم زحل کا ابتداء سال طلوع جب کہ زائچہ پاکستان میں زحل عدلیہ قانون مذہب اور حکمرانی سیاست کا ستارہ ہے۔ یوں **2022**ء عام سالوں کی بہ نسبت سیاستدانوں کے لئے تخت یا تختہ کا سال ثابت ہو سکتا ہے اور بڑی عمر کے سیاستدان عوامی

احتسابی (الیکشن) غم و غصہ کا شکار ہو گئے۔ (یوں تو زحل کا قیام 30 سال بعد برج جدی 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء تک رہیگا) تاہم سالانہ ورش پھل بھی سیارگان 2022ء کے ادوار کا ثمرہ آسمانی کونسل پر کچھ یوں دکھائی دیتا ہے۔

20 دسمبر 2021ء تا 08 جنوری 2022ء دور زحل:۔ 20 دسمبر تا 31 دسمبر 2021ء مریخ زحل تسدیس خارجہ امور نہایت حساس اور اہم فیصلے خصوصاً کشمیر افغانستان شعوری بیداری سے کرتے اور عالمی سطح پر کشمیر کا مظلوم کشمیریوں کی پاکستانی حکومت کی جانب سے متحرک منظم پلیٹ فارم 2022ء کی اہم ضرورت ہے ہماری ایجنگ کی کشمیر پر تاکام سفارت کاری کا بھرم قائم رکھنا ہوگا۔ ابتداء سال سے ہی اندرون ملک وزارت صحت گزشتہ سال کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے ہسپتالوں کے انتظامات کو بہتر بنانے عوامی صحت کے تحفظ کے لئے شعور و آگاہی کا پروگرام جاری و ساری رہیگا۔ **W.H.O** کی صحت عامہ کی پالیسیوں بیرون ملک سفر کرنے کے لئے صحت کے تحفظ سری انشورنس کو لازمی و آسان شرائط، بھاری ملکی قرضوں کی **I.M.F** کی ادائیگی کے سبب غیر اعلانیہ عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ پٹرولیم گیس بجلی ٹیرف مزید بڑھایا جا سکتا ہے۔ ملکی سروسز کے تمام ادارے خصوصاً سول سروسز بیورو کریٹ پولیس اور عسکری اخراجات میں اضافہ الیکشن کمشنر اور عدلیہ کے اداروں کی جدید و فعال کارکردگی کے لئے ترجیحی پروگرام بحث و مباحثے ان کے لئے بجٹ میں اضافہ جیسے بھی مفید پروگرام ابتداء سال سے ہی دکھائی دیتے ہیں۔

08 جنوری 2022ء تا یکم مارچ 2022ء دور عطارد:۔ پارلیمنٹ، دوست ممالک ملک کے مستقبل تعمیر و ترقی کے منصوبہ جات کے گھر عطارد شمس کا یکجا ثمرہ پارلیمانی سرگرمیوں میں اضافہ ممبران کے درمیان سخت بحث و مباحثے تلخی نا اتفاقی قانون سازی قدرے آسان نہ ہوگی۔ ملکی دفاع کاروباری تجارتی سرگرمیوں کو مفید اور آسان کرنے کے لئے قانون سازی کی جا سکے گی۔ وزارت تعلیم ایجوکیشن کے ہر شعبہ ہائے میں مفید اصلاحات تجارتی ترقی سے ملکی معیشت میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔ ایکسپورٹ بڑھے آئی ٹی کی سہولیات دور دراز علاقوں تک پہنچائی جائیں۔ یکساں نصاب تعلیم کے سلسلے میں یکجہتی اور رکاوٹوں کو دور کرنے میں مدد ملے۔

یکم مارچ 2022ء تا 22 مارچ 2022ء دور کیتو:۔ اٹھارہ سال بعد کیتو کا دسویں گھر شرف یافتہ ہمراہ عروج یافتہ مریخ کا ہونا ادھر زائچہ پاکستان کے طالع ساتویں بھی راہو کیتو 17 مارچ 2022ء تک شرف یافتہ ہونے سے عوامی سہولتوں میں ریلیف کے لئے اپوزیشن جماعتوں سوشل میڈیا کا حکومت پر دباؤ رہیگا۔ ملکی سیاست انتظام و اہتمام طرز حکمرانی میں صوبوں اور مرکز کے مابین اہم مثبت سیاسی تبدیلیاں صوبائی سطح پر پھر سے یونین کونسل جیسے آسان اور سادہ عوامی سہولتوں کے معیار کو بہتر بنانے کی جانب متوجہ فعال قوانین بنائے جائیں گے۔ ستارہ مریخ زائچہ میں مواصلات، ریلوے ٹرانسپورٹ اخبارات میڈیا اور پڑوسی ممالک کی نمائندگی کرتے ہوئے سعد پوزیشن کے سبب بھی شعبوں کی کارکردگی فعال بنانے کے لئے متعلقہ وزارت محکمہ جات بہتر کارکردگی کی جانب متوجہ رہیں۔ پڑوسی ممالک افغان، بھارت سے تجارتی ثقافتی کوئی اہم سیاسی معاہدہ ممکن ہے۔ افغان ٹریڈ اور سی پیک کے اہم تجارتی معاہدے پورے کرنا حکومت وقت کو کسی تنگی سے بچنے کے لئے طے شدہ معاہدوں کو پورا کرنا اور مستقبل قریب کے لئے کوئی غیر ذمہ دارانہ معاہدہ کرنا ناقابل معافی ہوگا۔

22 مارچ تا 22 مئی 2022ء دور زہرہ:۔ وبائی ارضی و سماوی امراض کی روک تھام کے لئے اندرون ملک موسم بہار کے ایام میں ہسپتالوں شفاء خانہ کو اپ گریڈ اور ملک کے دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولتوں کو بہتر بنانے حکومتی "ہیلتھ کارڈ" کی اضافی تقسیم عوامی فلاحی اداروں کی خدمات سے عام آدمی کی زیادہ سے زیادہ آسان رسائی امدادی اور فلاحی منصوبوں میں چندے میں اضافہ سے مستحق غرباء کی امداد کا انتظام اور بلاسود

قرضوں کی فراہمی میں اضافہ ستارہ زہرہ کے ساتھ ستارہ زحل کا 30 سال بعد قیام بارہویں قران تحسین زحل مریخ 3 تا 6 اپریل اوزائچہ پاکستان میں دسویں ہونے سے حکومتی غلطیاں حکمرانوں کو مہنگی پڑ سکتی ہیں۔ عام عوام طبقات اپوزیشن حکومت کے خلاف منظم طور سے تحریک شروع کر سکتے ہیں جس کے ناخوشگوار اثرات تخریب کاری، مزدوروں میں بے چینی پھیلے ہوئے عوام حکومت کی ناانصافی پر سخت احتجاج کریں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 13 اپریل 2022ء تا 22 اپریل 2023ء سالانہ زائچہ ملکی معیشت جبکہ زائچہ پاکستان کے پارلیمانی گھر میں آنے سے دوست ممالک سے تجارتی روابط مزید بڑھیں۔ ملکی ایکسپورٹ میں ریکارڈ اضافہ سے معیشت مضبوط ہو نہ صرف بلکہ بین الاقوامی ٹریڈنگ امپورٹ ایکسپورٹ کی نئی راہیں کھلیں سی پیک پاک چائنہ تجارت کے بلواسطہ فوائد بھی ملیں۔

22 مئی 2022ء تا 09 جون 2022ء دورِ شمس:۔ ایوان بالا سینٹ اور قومی اسمبلی کی سیاسی جوڑ توڑ سرگرمیوں میں اضافہ اپوزیشن حکومت کو دباؤ میں لانے کے لئے عجیب وغریب حربے اسکینڈل سامنے لائیں۔ میڈیا اور ملکی احتسابی ادارے نیب، اینٹی کرپشن ایسے عناصر کے خلاف متحرک فعال رہے۔ 21 تا 24 مئی مریخ پلوٹو تسدیس ملکی حساس دفاع مقامات کے تحفظ اور انھیں مزید بہتر بنانے کے لئے عسکری وایڈمنسٹریشن کے دیگر متعلقہ شعبہ ہائے حکومتی سرپرستی میں متحرک فعال رہیں۔

09 جون 2022ء تا 09 جولائی 2022ء دورِ قمر:۔ پانچویں اور دا مچھتر پر قمر کا طلوع الیکٹرانک پرنٹ میڈیا اپنی آزادی رائے حکومتی اشتہارات اور اپنے جائز حقوق کیلئے صحافتی برادری مشترکہ کوشش واحتجاج کریں 9,8 جولائی عطارد مشتری تربیع ایسے صحافیوں کو بھی بے نقاب کرے جو ملک دشمن ممالک کے لئے وطن میں بے چینی پھیلاتے ہیں۔ خصوصاً سوشل میڈیا کا چیک اینڈ بیلنس اور احتساب سزا کا عمل ممکن ہو۔ سینئر نامور صحافی حضرات کو انکی خدمات پر اعزازات سے نوازا جائے۔ اندرون ملک تعلیمی تحقیقی اور صحت مندانہ تفریحی سرگرمیوں کی جانب عوامی رجحانات بڑھیں نجی اور حکومتی ادارے نئی نسل کو بین الاقوامی جدید تعلیمی آسان آگاہی سے روشناس کرائیں آئی ٹی فلم تھیٹر ٹی وی اور اسٹیج ڈراموں کی رونقیں بحال وبہتر ہوں۔ پاکستانی فلم زیاڈاکومنٹری بین الاقوامی ایوارڈ پائیں۔

09 جولائی 2022ء تا 31 جولائی 2022ء دورِ مریخ:۔ ستارہ مریخ کا ملکی دفاع کے مضبوط گھر ہونا 2022ء میں مریخ 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ 27 جون تا 16 اکتوبر عروج یافتہ ہونے سے اندرون ملک سامان حرب کی تیاری کرنے والی فیکٹریوں کو اپ گریڈ الیکٹرانک میزائل کی رفتار کو تیز اور دفاع کو مضبوط کیا جائے جنگی ہوائی جہازوں اور بحری جنگی جہاز کی تیاری پر خود کفالت حاصل کی جاسکے۔ دشمن ممالک کی جانب سے اندرون ملک خانہ جنگی تخریب کاری کی سازشوں کو ناکام بنایا جاسکے گا وزارت خارجہ سفارتکاروں سے سلگتے کشمیر کی بین الاقوامی سطح پر وکالت کے لئے متحرک ہو اور کشمیر کے آبرومندانہ حل کیلئے دوست سپر پاورز کے علاوہ U.N.O کے ایک کے کردار کو بھی جھنجوڑا جائے۔

31 جولائی 2022ء تا 24 ستمبر 2022ء دورِ راھو:۔ وتدالارض پر شرف یافتہ راھو گزشتہ سال سے 17 مارچ 2022ء تک رہا اور اب اپنے سالانہ دور میں زرعی ایگریکلچر انقلابی ایجوکیشن کے پروگراموں کا آغاز عام کسانوں کو جدید سائنسی اصولوں کم رقبہ میں ذرخیز فصل واجناس کے حصول کے لئے کی گئی کوششوں کے ثمرات مستقبل میں ملنے لگیں نئے باغات پبلک پارک کی تعمیر محکمہ بحالیات اندرون ملک پل مواصلات ریلوے لائنز، ہوائی اڈوں کی مرمت دیکھ بھال خصوصاً نئے گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کی آزمائشی پروازوں کا سلسلہ اسکول کالجز یونیورسٹیوں میں نئے ایجوکیشنل کورسز کا تعارف حزب اختلاف حکومت کے مابین سیاسی تناؤ خفیہ معاہدے بھی ممکنات دکھائی دیتے ہیں۔ 9,8 جولائی مشتری عطارد تربیع ترقیاتی فنڈز کو خرد برد کے اسکینڈل

گندم اجناس کی سمگلنگ ذخیرہ اندوزی کے افسوسناک واقعات تشہیر پائیں۔

24 ستمبر 2022ء تا 11 نومبر 2022ء دور مشتری:۔ بارہ سال بعد مشتری کا ذاتی برج حوت میں 13 اپریل 2022ء تا 22 اپریل 2023ء سے مجموعی طور سے دوست ممالک کے تعاون سے غیر معمولی ترقیاتی کاموں میں اضافہ اور اپنے اس سالانہ دور مشتری میں مفید تعمیری کاموں میں بہتری ملکی عزت و وقار میں بین الاقوامی سطح پر اضافہ جدید سائنسی ٹیکنالوجی بینکنگ ثقافت، سیاحت اور سپورٹس کے شعبوں میں نمایاں کارکردگی ملک و قوم کا نام روشن ہو۔ کان کنی، معدنیات زراعت کے شعبوں میں حکومتی اہم توجہ مستقبل قریب آنے والے دو تین سالوں میں زیر زمین پوشیدہ خزانوں تک حکومتی نجی پرائیویٹ اداروں کی رسائی سے پیٹرولیم تیل گیس، جپسم، قیمتی پتھر اور دھاتوں کوئلے ہیرے و جواہرات اور نئے سونے کے ذخائر کے انکشافات اور ان کا حصول آنے والے دو تین سالوں میں ملکی معیشت میں اضافہ ہو سکے گا۔

11 نومبر 2022ء تا 20 دسمبر 2022ء دور زحل:۔ ستارہ زحل 30 سال بعد اپنے ذاتی برج جدی میں 17 جنوری 2023ء تک رہتے ہوئے یوں تو ملکی طرز سیاست بزرگ سیاستدانوں کی جگہ نئے سیاسی چہرے لائے تاہم سالانہ دور زحل میں اس کا قیام بارہویں نحس گھر جبکہ یہ طالع کا بھی حاکم ہے۔ ستارہ زحل کا بارہویں آنا کسی بھی لحاظ سے نیک ثمرہ نہیں ہسپتال شفاخانوں میں ارضی وسماوی امراض کے سبب اچانک رش بڑھ سکتا ہے۔ جرائم قتل و غارت گردی تخریب کاریاں اغواء، تشدد ہنگامے ہڑتالیں مذہبی سیاسی فرقہ ورانہ فسادات تشدد جیسے واقعات پیش آنے کے خدشات حکومت وقت ایڈمنسٹریشن کو ان پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ 12,11 نومبر زحل نحس تربیع حکومت کے لئے آزمائش کا وقت سیاسی فیصلے دانشمندانہ اہمیت کے حامل ہوں گے۔ مشکل وقت مشکلات سے نکالنے کے لئے دُعا کے ساتھ ذہین محب وطن افراد پر مستقل اور تسلسل کے ساتھ تھینک ٹینک کی ضرورت کو دفاع اندرونی اور خارجہ مثبت پالیسیوں کے لئے لازم بنانا ماضی حال اور مستقبل کے لئے لازم قرار دینا ہوگا۔

روحانی و اسٹرالوجیکل مشورہ

علم النجوم کی روشنی میں زائچہ پاکستان سے نظام حکومت کا نیا حل یوں ہو سکتا ہے کہ آئینی ترمیم کر کے موجودہ آرمی چیف کی مدت ملازمت کی توسیع کرنے کی بجائے انہیں آئندہ تین سال کے لئے صدر پاکستان بنا دیا جائے یوں فوج اور ایوان صدر، ایوان وزیر اعظم کے مابین فضاء خوشگوار رہیگی۔ نتیجتاً نہ صرف مارشل لاء کی روک تھام ہو جائیگی اور نہ ہی کوئی سیاسی حکومت آئندہ مارشل لاء آمریت کے وار سے متاثر ہوگی۔ آرمی کے قابل سے قابل جرنیل اپنی پیشہ ورانہ خدمات بہ آسانی بہتر طور سے انجام دے سکیں گے۔ اور صدر پاکستان کی کرسی اس شخصیت کے حصہ میں آئے گی۔ جو پیشہ ورانہ وسیع علاقائی جغرافیائی بین الاقوامی سیاست کا تجربہ رکھتا ہو۔ یقیناً ایک سپاہی کو جرنیل بننے تک کا طویل عرصہ طویل پیشہ ورانہ آزمائش سے گزرنا ہوتا ہے۔ ہمارے ملک کی موجودہ/ماضی کی سیاسی حکومتوں اور شائد آنے والی حکومتوں کو بھی یہ روحانی تجویز بھلی معلوم نہ ہو۔ تاہم ایسا کر لینے سے سیاسی جمہوری حکومت کی مدت انشورنس پانچ سال ہو جائیگی۔ اسی زائچہ سے روحانی مشورہ ہے کہ سیاسی حکومت کی مدت بھی پانچ سے چار سال کی جانی چاہئے۔ نیز سیاسی عسکری سینئر محب وطن جن میں دانشور بھی ہوں ایک ایسا بورڈ یعنی تھینک ٹینک بنانا ہوگا۔ جس کا کام ملکی دفاع کی حفاظت تعمیر و ترقی کے جاری پروگرام خارجہ بین الاقوامی تعلقات اور ملکی معیشت کو بہتر سے بہتر بنانے کی تجاویز پر عمل کرانے کے لئے سفارشات مرتب کرنا ہوگی۔ کوئی بھی سیاسی حکومت آئے یا جائے ملکی ترقی کے مندرجہ بالا جیسے کاموں کا تسلسل جاری رہنا چاہئے۔ بلاشبہ وطن عزیز گزشتہ چند سالوں سے سخت اقتصادی آزمائش سے گزر رہا ہے ملک کو ہر قسم کی مشکلات سے نکالنے کے لئے اسی شعبہ کے ماہرین کی سربراہی کو لازمی قرار دیا جائے۔ ایک مشہور چینی کہاوت ہے کہ ایک عالم کی موت ایک عالم کی موت ہے۔ جبکہ اس کے برعکس ہزار عالم مر جائیں زمانہ کو فرق نہیں پڑتا مگر ایک نااہل شخص کسی ادارے کا سربراہ یا سربراہ مملکت بن جائے۔

بھارت:۔ آسمانی کونسل پر زائچہ میں 2020 / 2021ء بھارت سرکار عوام وخواص بھی کے لئے نہایت آزمائش طلب وقت رہا اور مزید بھی مخدوش ادوار ابھی باقی ہیں۔ طالع برج ثور 8 درجے 2 دقیقے جبکہ طالع میں راہو مقابل کیتو 5 درجے 45 دقیقے بوقت آزادی ہند شرف یافتہ تھے اور اب بھی اٹھارہ سال کے بعد اگست 2020ء تا مارچ 2022ء چلت کے راہو کیتو نے 1947ء میں قتل وغارت کروائی اور اب ارضی وسماوی امراض نے پورے ملک میں 1947ء کی یاد تازہ کروادی ایک چار لاکھ افراد کورونا سے لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ اور یہ قدرت کا معجزہ ہے جو کٹر قسم کے ہندو مقبوضہ کشمیر اور اپنے ہی ملک میں مسلمانوں کی جان کے دشمن بنے ہوئے تھے مسلمانوں سے اپیل کر رہے ہیں کہ اپنے خدا سے ہماری مصیبت دور ہو جانے کے لئے دعائیں کریں۔ زائچہ میں ستاروں کے بد اثرات پہلے 11,9,7,5,3 گھروں کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں بین الاقوامی عزت ووقار میں کمی مقبوضہ کشمیریوں پر ظلم کے سبب اخلاقی سیاسی طور سے دیوالیہ کشمیر سے ملحقہ اور چین پاکستان کی سرحدوں کے علاوہ اپنی عسکری زمینی فضائی اور بحری نقل وحمل میں اضافہ اور کورونا جیسی ارضی وسماوی امراض کے سبب ملکی معیشت بری طرح متاثر ہوگی تین دوست ٹرمپ بینجمن یاہو اور مودی عالم اسلام کے کھلے دشمنوں میں دو کی چھٹی اب مودی سرکار کی چھٹی کا وقت بھی آن پہنچا ہے۔ اندرون ملک جرائم افواہوں کی کثرت کے سبب سٹاک شیئرز کا کاروبار پورا سال ہی اُتار چڑھاؤ مجموعی طور سے خسارے کا بزنس سوشل میڈیا فلم آرٹ تھیٹرز کے بزنس بھی خسارے میں رہیں غیر صحت مندانہ بچوں کی ولادت والدین وزارت صحت کے لئے آزمائش رہے۔ بھارت سرکار کی خارجہ پالیسی بین الاقوامی سطح پر ناکام رہے۔ کشمیریوں کے ساتھ سکھوں کی حق خود ارادیت کو دبانے سے عالمی حقوق انسانی کی تنظیموں کی تنقید کا مسلسل نشانہ رہے۔ اندرون ملک درجن بھر علیحدگی پسند تحریکوں میں تیزی آئے اعلیٰ عدلیہ سرکار کے خلاف متعدد سیاسی اور غیر سیاسی فیصلے لاگو کرے اندرون ملک مساجد، گرجے اور اقلیتوں کی عبادت گاہوں کو جنونی ہندو تنظیمیں وقتاً فوقتاً نقصان پہنچاتی رہیں۔ 01 مئی سورج گرہن بارہویں لگنے سے ارضی وسماوی امراض کے سبب شفاخانوں ہسپتالوں میں ایمرجنسی جیسی صورتحال رہیگی خفیہ علیحدگی پسند تحریکیں زور پکڑ سکتی ہیں۔ 16 مئی چاند گرہن ساتویں لگنے سے حکومت کے قوم سے کئے گئے وعدوں کی عدم تکمیل پر حکومت کے خلاف تحریک چل سکتی ہے۔ خارجہ تعلقات خاصے مخدوش دشمن ممالک کے علاوہ دوست ممالک سے بھی اختلافات بھی اس دور میں ممکن ہیں۔ زائچہ بھارت میں مہادشا قمر 10 ستمبر 2015ء تا 10 ستمبر 2025ء دس سالہ جاری دور میں انتردشا عطارد 11 جولائی 2021ء تا 11 دسمبر 2022ء تک جاری رہیگی۔ عطارد دوسرے پانچویں کا مالک ناکام ملکی معیشت خارجہ وداخلہ مشکلات 2020 / 2021ء کے داخلہ خارجی اور انٹیلی جنس کے ناکام تجربات خصوصاً کشمیر، افغانستان میں نیز ہمسایہ ممالک بھوٹان، نیپال، سری لنکا، بنگلہ دیش خصوصاً پاکستان کے خلاف سازشوں کی ناکامی، مہنگائی معیشت کا انحطاط اندرون ملک بڑھتی ہوئی بیروزگاری کے مسائل حل کرنے کی بجائے عسکری جنونی پن پاک کشمیر بارڈر پر مسلسل محاذ آرائی اور دھمکیوں کا بخار چین نے اُتار دیا ہے۔ نیز کسانوں کے عظیم احتجاج ناگہانی مرض کورونا اور وزیراعظم نریندر مودی کے غرور وتکبر اور ہمسایہ ممالک سے نامعلوم دشمنی کے سبب بھارت کے زوال کی فرد واحد ذمہ داری مودی سرکار اور اس کے وزراء کی جانب سے اشارہ جاتا ہے۔ ستارہ عطارد پیدائشی زائچہ میں تیسرے زحل زہرہ شمس وقمر میں گھرا ہوا ہے۔ اسی سبب بھارت سرکار کو اپنے سے زیادہ ہمیشہ ہمسائے ممالک کی خواہ مخواہ کی فکر گیری رہتی ہے۔ پڑوسی ممالک عالمی ابلاغ عامہ مواصلات کا سیارہ قمر تیسرے اپنے ذاتی گھر اس بات کا اشارہ کہ بھی ہمسایہ ممالک کا بہترین تعاون آسانی سے مل جاتا اور آئندہ بھی رہ سکتا ہے اگر بھارتی سرکار اپنی نیت درست کرے ابتداء سال گزشتہ سال کی طرح آٹھویں کا فعلی منحوس ستارہ مشتری دسویں طالع دوسرے پانچویں دسویں گھروں کو نحوست زدہ رہتے ہوئے متاثر کرے گا۔ قوم ملک سلطنت

کے لئے **2022**ء کی ابتداء ایک آزمائش طلب سال کا دکھائی دینا خصوصاً پورا جنوری طالع کے درجات کو ناظر ہونے سے ملکی معیشت پر نہایت بری نظر ڈالے گا۔ محصولات میں کمی کرنسی کی گراوٹ اسٹاک ایکسچینج پر منفی اثرات افواہوں کی بھرمار ہے عوام الناس میں بے چینی بڑھے وبائی امراض کا خوف سارا سال رہے۔ ساحلی علاقوں پر سونامی کا خوف بھی رہے۔ اندرون ملک اشیاء خورد و نوش کی قلت سے روزمرہ کی اشیاء ضرورت مہنگی ہوں اندرون ملک معاشرتی رہن سہن رسومات میں تبدیلیاں دیکھنے کو آئیں ملکی تاریخ کے بڑے مالیاتی اسکینڈل منظر عام پر آئیں۔ جس سے حکومت کی بکی مودی کے زوال کا سبب بنے۔ قومی تفریحات فلم اسٹیج ڈرامے اور اسی شعبہ سے تعلق رکھنے والے بھی افراد کسی نہ کسی حوالے سے متاثر ہوں بچوں کی شرح پیدائش میں دوران زچگی امراض کے سبب بچوں کی شرح اموات میں اچانک اضافہ سکول کالج انتظامیہ طلبہ کے معیار تعلیم میں کمزوری حکومت کے لئے لمحہ فکریہ بین الاقوامی عزت وقار میں کمی حکمرانوں پر دباؤ بڑھنے سے وزیر اعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک یا پھر جلد انتخابات کرانے پر سیاسی پارٹیوں کا زور بڑھے **25** اکتوبر سورج گرہن ساتویں میں لگنے سے سیاحتی مقامات پر تخریب کاری حادثات بین الاقوامی خارجہ تعلقات میں بکی ملک کی عزت وقار میں کمی مرکزی حکومت کی ناانصافی سے علیحدگی پسند تحریکوں کا زور **08** نومبر چاند گرہن بارہویں لگنے سے ملکی معیشت پر اس کے برے اثرات سرحدوں پر ہوں اسلحہ بارود کی خریداری پر بھاری اخراجات اٹھیں۔ ملک دشمن خفیہ سازشوں کا زور بڑھے آسمانی کونسل خصوصاً زائچہ بھارت **26** دسمبر **2019** آٹھویں **11** فروری **2021**ء نویں اور اب پھر **28** فروری **2022**ء ستاروں کا عظیم اجتماع نویں ہی گھر ہونے جا رہا ہے قریب ترین سالوں میں یکے بعد دیگرے ستاروں کے اجتماعات نے ملک کے استحکام نظام کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ علیحدگی پسند تحریکیں کشمیریوں پر محاذ آرائی کسان تحریک، چین پاکستان سے محاذ آرائی افغانستان سرمایہ کاری اربوں کا نقصان اور اب چین امریکہ کے مابین جنگی کردار سے بھارت کی سالمیت خطرے میں رہے۔ ستارہ زحل کا **30** سالہ سرکل اپنے نویں ذاتی گھر **24** جنوری **2020**ء تا **29** اپریل **2022**ء اور **12** جولائی **2021**ء تا **17** جنوری **2023**ء رہتے ہوئے ملکی قوانین مذہبی تعلیمی حلقوں پر بری طرح اثر انداز ہو چکا ہے۔ حکمران پارٹی مودی سرکار کی غلط پالیسیوں خصوصاً کشمیر افغانستان نے بین الاقوامی طور سے رسوا کر دیا ہے۔ حکمران پارٹی یا سیاسی حکومت کے تختہ اُلٹ جانے کا سال معلوم ہوتا ہے بینکنگ انڈسٹری میں بہتری تاہم جہازوں کے ٹکرانے سے جانی مالی نقصانات بحری جہازوں کا سونامی طوفانوں میں گھر جانا اندرون ملک حکومتی غلط پالیسیوں کے سبب گزشتہ سال کی لیبر یونین یا کسانوں کی ہڑتال جیسے مزید واقعات دیگر صوبوں میں ہونے سے اندرون ملک بے چینی کا باعث بنیں فسادات ہڑتالیں۔ آزادی و خودمختاری ملک کے صوبوں یا ریاستوں میں علیحدگی پسند تحریکیں زور پکڑیں اہم اعلیٰ و سیاسی شخصیات کی موت مذہبی تعلیمی قانونی اداروں میں بے چینی رہے۔ **2022**ء میں دور عطارد جون، جولائی، اگست کے سبب حکومت ساز ادارے نئے چیلنجز سے نپٹنے کے لئے باشعور اعلیٰ دانشوروں افراد کو یکجا کر کے بھارت ماتا کی تقدیر بدلنے غربت افلاس بیماری بیروزگاری ملک کے مضبوط دفاع اور ملکی ترقی کے لئے مستقبل کی مضبوط منصوبہ بندی کی جائیگی۔ خصوصاً معیشت کی مضبوطی امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کے فروغ کے لئے صنعت کاروں کو مراعات فلم آرٹ کی رونقیں بحال و جاری رکھنے اور عالمی معیار کی فلم سازی ادیب دانشور افراد کو سول و اعلیٰ اعزازات سے نوازا جائیگا۔

افغانستان:۔ برج جدی میں **11** فروری **2021**ء اور اب **28** فروری **2022**ء سات کے بعد چھ ستاروں کا اجتماع عالمی حکمرانوں خصوصاً اُبھرتے ہوئے طالبان گروہوں میں **2022**ء غیر فعال اتحاد اندرون ملک عوامی سیاسی بے چینی کا تسلسل ہمسائیہ ممالک چین، روس، ایران، تاجکستان، ازبکستان اور خصوصاً پاکستان افغان عدم امن سے کسی نہ کسی حوالے سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ بین الاقوامی بدلتے سیاسی حالات پچھلی

صدی کا غیر اہم ملک افغانستان موجودہ صدی میں غیر معمولی اہمیت اختیار کرتا جارہا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف 20 سالہ امریکی اور اس کے اتحادی ممالک کو گمان بھی نہ تھا کہ اس نام نہاد جنگ میں 20 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان اور سبکی اُٹھانی پڑے گی۔ زائچہ افغان بوقت قیام حکومت طالبان 22 دسمبر 2001ء طالع برج سنبلہ حکمرانوں اور معیشت کے مالکان عطارد و زہرہ تحت الشعاع غروب قمر اور مریخ کے چھٹے ہونا طویل مسلط کردہ جنگ اپنے انجام کو پہنچی۔ 2022ء کا سورج آپس کی طویل خانہ جنگی اور روایاتی افغان جرگوں اور ہمسایہ ممالک کی مثبت خارجہ پالیسی سے قیام امن اور نئے سیاسی سیٹ اَپ بننے سے نومبر 2021ء تا نومبر 2022ء ستارہ مشتری کے بارہ سال بعد ساتویں اپنے گھر کا حاکم ہونے سے انجام و تنظیم کی گئی۔ کوششیں کامیاب ہونگی۔ اور ستارہ زحل 30 سالہ بعد اپنے ذاتی فعلی برج دلو میں ڈھائی سالہ قیام رجعت و استقامت کے بعد یکم جنوری تا 29 اپریل اور پھر 12 جولائی 2022ء تا 17 جنوری 2023ء تک قیام کے دوران دوست اور ہمسایہ ممالک سے خارجہ تعلقات میں بہتری اختلافات اور آپس کے تنازعے ٹریڈ تجارت سرحدوں کی حفاظت جیسے اقدامات کے حل کی جانب توجہ رہے۔ خطے کے سبھی ممالک خصوصاً چین، روس، پاکستان کی کوشش ہوگی کہ سرحدوں پر امن قائم ہو ایشیائی تجارت کو ون بیلٹ ون روڈ سے فوائد کا حصول ہو۔ امریکی افواج کے انخلاء اور قیام امن کے ساتھ نئے اُبھرتے افغانستان اور قیادت افغانی ترقی کے لئے جنوبی ایشیائی اور وسط ایشیائی ممالک میں عالمی ٹریڈنگ کے لئے پل کا کردار ادا کرنے کی پوزیشن میں ہوگی۔ افغان قیادت 2022ء کے اختتام تک یہ راز پالے گی کہ قیام امن اور ملکی از سر نو تعمیر و ترقی کے لئے دوست اور ہمسایہ ممالک سے مشترکہ وابستہ تجارتی سفارتی تعلقات میں بہتری لانے سے ہی ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا۔

چین:۔ لازوال ترقی صد سالہ جشن دُنیا کی سب سے بڑی (سیاسی) کیمونسٹ پارٹی کرشاتی گڈ گورنس جس کے بانی ماؤزے تنگ نے اپنے ملک کو غربت منشیات کی لت سے نکالنے کی اَن تھک محنت سے تعمیر و ترقی کے سفر کی بنیاد رکھی۔ اپنے جہان فانی سے جانے سے قبل خواہش کی کہ میرے مرنے پر چھٹی نہ کی جائے بلکہ اس دن چھ گھنٹے مزید کام کیا جائے ایسی لیڈرشپ یقیناً اپنے ملک و قوم کو ترقی سے ہمکنار کرتی اور بیسویں صدی میں یہ ثابت ہو چکا ہے۔ بیجنگ میں قائم انسٹیٹیوٹ مستقبل کے ہر شعبہ کی قیادت کی تربیت کا فریضہ (تھینک ٹینک) انجام دیتی ہے۔ قابل تعریف تربیت یافتہ افراد کی تعیناتی چین کی ترقی کا اصل راز ہے۔ زائچہ میں مہادشا کیتو میں انتردشا زحل 19 اکتوبر 2021ء تا 28 نومبر 2022ء تک جاری رہیگی۔ کیتو زائچہ میں نویں (خارجہ تعلقات) اور چین کا راہو پانچویں (شعور پلاننگ عالمی بازار حصص قومی تفریحات تعلیم) جبکہ کیتو گیارہویں تجارت ترقی آمدن دوست ممالک سے تعلقات ملک کے مستقبل کے منصوبہ جات خوشحالی اور دفاع عسکری پلاننگ سے ہے۔ زائچہ چین میں اتفاق سے راہو کیتو ان گھروں میں 17 مارچ 2022ء تک شرف یافتہ رہیں گے۔ اندرون ملک بھی ادارے ملکی ترقی دفاع کیلئے چوکس رہیں گے۔ جدید بستیاں کاروباری شہر خشکی اور سمندر پر آباد کئے جائیں گے۔ یونیورسٹیاں اور تحقیقی مراکز کی تعداد سہولتوں میں اضافہ اور خصوصاً ٹیکنالوجی میں قائدانہ صلاحیت حاصل کر لینے کی دھن جلد ہی اسے عالمی قائدانہ مقام دلادے گی۔ 1400 سال قبل فرمان رسول ﷺ کی صداقت علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے۔ 17 مارچ 2022ء تا 29 نومبر 2023ء راہو کیتو برج تبدیل کر کے چوتھے دسویں آجائیں گے۔ اور 11 فروری 2021ء کے بعد 28 فروری 2022ء سات کے بعد چھ ستاروں کا اجتماع زحل، مریخ، پلوٹو، عطارد، زہرہ اور قمر برج جدی میں ہوگا جبکہ امریکہ کا طالع برج سرطان ہونے سے چین امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک میں خصوصاً بھارت، پاکستان، ایران، ترکی عسکری محاذوں اور سرد جنگ سے متاثر ہونگے۔ سپر پاورز کی عسکری حکمت عمل کھل کر سامنے زمینی اور سمندری حدود بھی جنگ و جدل سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ چین کے خلاف عالمی میڈیا افواہیں

پھیلا تا رہیگا۔ ستارہ مشتری بارہ سال بعد 20 نومبر 2021ء تا 13 اپریل 2022ء دوسرے ملکی معیشت اور پھر 13 اپریل 2022ء تا 22 اپریل 2023ء تیسرے بڑے ممالک ذرائع مواصلات 2022ء میں یکے بعد دیگرے سعد ستارے مشتری کی آمد سے چین دُنیا کی سب سے بڑی دوسری معیشت بن کر اُبھرا اور 2049ء صد سالہ یوم آزادی پر پہنچنے سے پہلے یہ ملکی معیشت کے لحاظ سے دُنیا میں صفِ اول میں چلا جائیگا۔ چین میں کاروباری تجارتی نمائشوں کا فروغ اور سیاحت کو مزید فروغ حاصل ہوگا اپنی بحری قوت میں دوگنا اضافہ کرے گا۔ چین جلد ہی دُنیا کی سب سے بڑی بحری قوت بن کر اُبھرے گا۔ سی پیک ون بیلٹ ون روڈ کے ساتھ ساتھ سمندری حدود میں تجارت کو محفوظ بنانے کے لئے مضبوط بحریہ 2022ء تا 2025ء اس کا ٹارگٹ اول دکھائی دیتا ہے۔ جس میں یہ کامیاب رہیگا۔

کشمیر:۔ کشمیر اور فلسطین کو برباد کرنے کا ہنود و یہود گٹھ جوڑ انجام کار مسلم اُمہ کی بیداری ضرور بنے گا۔ 05 اگست 2019ء مقبوضہ کشمیر کو ہڑپ کرنے کی بھارتی سازش کا اسلامی قد آور لیڈران ترکی کے رجب طیب اردگان ملائیشیا کے مہاتیر محمد ایران کے صدر روحانی پاکستان کے وزیر اعظم عمران خان نے مظلوم کشمیریوں کے حق میں آواز اُٹھا کر اس کے تاریخی انسانی حقوق کو اُجاگر کیا اقوام متحدہ کا رویہ مایوس کن ہے۔ یوں تو کشمیر کا کوئی الگ زائچہ نہیں تحقیق کی ایک ٹیم نے مشترکہ طور سے بھارتی افواج کے کشمیریوں پر حملہ کی تاریخ سے جو زائچہ 22 اکتوبر 1947ء سری نگر 13 بجکر 22 منٹ کا تعین کیا ہے۔ طالع برج جدی 2 درجہ طلوع ہے۔ تحقیق کے مطابق 05 اگست طالع جدی کا حاکم زحل طالع سے بارہویں خفیہ سازشوں ہمراہ کیتو قران مقابل راہو ہونے سے بھارت سرکار نے سازش کے تحت مقبوضہ کشمیر کی پہلے سے متنازعہ کشمیر کو مزید متنازعہ بنا دیا۔ U.N 1947ء سے ابتک پاک بھارت دونوں اطراف اقوام متحدہ کے سات دہائیوں سے مہمان یوں لگتا ہے یہاں پکنک منا رہے ہوں۔ برج جدی 05 فروری 1962ء آٹھ ستارے 03 مئی 2000ء چھ ستارے 11 فروری 2021ء سات ستارے منحوس چھتر کال سروپ اور اب پھر 2022ء میں 28 فروری 2022ء برج جدی چھ ستارے اور منحوس کال سروپ لگنے سے کشمیری کی آزادی کی تحریکیں تقویت پائیں۔ حضرت نعمت شاہ ولی اللہ کی صدیوں قبل کردہ پیش گوئیاں کہ افغان سے کالے جھنڈے والے جذبہ جہاد سے سرشار لوگ اُٹھیں گے اور ہندوستان کی طرف فاتحانہ انداز سے بڑھیں یوں غزوہ ہند کا آغاز ہو جائیگا یہ وقت اب قریب دکھائی دیتا ہے۔ برج جدی میں یکے بعد دیگرے دو سالوں میں ستاروں کا اجتماع اور ہر دو بوقت اجتماع سیارگان میں منحوس کال سروپ یوگ کا لگنا مقبوضہ کشمیر کی آزادی کی جانب بڑھتے ہوئے آسمانی کونسل کے اشارے ہیں۔ طالع کا حاکم زحل ڈھائی سال برج جدی اور پھر دلو میں 30 مارچ 2025ء تک رہتے ہوئے کشمیر کی تقدیر کا فیصلہ کن آبرو مندانہ حل نکل سکے گا۔ کشمیر کے مظلوموں کی دُعاؤں کے ثمرات کا آغاز 2021ء سے ہو چکا ہے۔ 2022ء کشمیر کی تقدیر آزادی کی طرف بڑھتے قدم بھارت میں اندرون ملک علیحدگی پسند تحریکوں میں تیزی کشمیریوں کی دُعاؤں کے ثمرات انہیں ملیں گے۔

امریکہ:۔ آسمانی کونسل پر فطرتی زائچہ خصوصاً امریکی تحقیقی زائچہ برج سرطان کے مقابل 248 سال بعد برج جدی میں پلوٹو مریخ قران مارچ جبکہ اپریل میں اسی برج میں شرف یافتہ مریخ عروج یافتہ زحل اپنی سعادت کے برعکس عظیم قران نحسین بنا رہے ہیں۔ جو ابتک کی عظیم سپر پاور کے زوال کا باعث بنے گا۔ جنگ و جدل تباہی بربادی لانے والے یہ ستارے امریکی صدر جو بائیڈن کی صحت و سلامتی خطرے اور ان پر قاتلانہ حملہ کا بھی اشارہ ہے۔ حکومت پر عوامی اور عالمی تنقید جاری رہے امریکی سرپرستی میں 40 ممالک کا نیٹو افواج کا اتحاد ٹوٹ جائے گا۔ تقسیم دُنیا 2019ء سے جاری عمل 2022ء میں امریکی اتحادی مخالف ممالک کے سبب مزید واضح ہو جائے گا۔ عالمی جنگوں کا خانہ بدوش امریکہ نے جاپان پر ایٹم بم گرنے کے بعد تب سے ابتک نامعلوم دشمن کی تلاش میں پوری دُنیا میں گھوم کر اپنے اربوں کھربوں ڈالر تباہ و برباد کرنے کے علاوہ تیس سے زیادہ ممالک کے لاکھوں انسانوں

کی موت (شہادت) کا باعث بنا تحقیقی زائچہ امریکہ طالع برج سرطان کے مقابل جدی میں 11 فروری 2021ء سات ستارے پلوٹو، زحل، مشتری، عطارد، زہرہ، شمس وقمر کا اجتماع کی جنگی اور طویل جنگ افغانستان فی قیادت جو بائیڈن کا اچانک افغانستان سے انخلاء پورے خطے کو تباہ کن خانہ جنگی کے دہانے پر چھوڑ کر نکل جانا بھی قریبی ممالک کے لئے باعث تشویش 2021ء کے بعد 28 فروری 2022ء پھر انہی ستاروں کا اجتماع برج جدی میں (ماسوائے مشتری) ہو رہا ہے۔ 2021ء کی طرح 2022ء بھی امریکہ کی عالمی عسکری اور سیاسی قیادت کی سبکی کا باعث بنے گا۔ عالم اسلام اور چین کے خلاف صیہونی سازشوں اور نیٹو افواج کی حمایت باوجود آسمانی کونسل میں بننے والی نحس نظرات قران مریخ پلوٹو 4,3,2 مارچ برج جدی قران نحسین مریخ زحل 6,5,4,3 اپریل بھی برج جدی میں ستارہ مریخ یہاں شرف یافتہ اور زحل عروج یافتہ سعادت کے برعکس طالع کو مکمل نحس ناظر ہونے سے 2022ء میں سپر ور پاور امریکہ کا زوال شروع ہو جائیگا۔ عالمی جنگی جنون کا ہیرو نیٹو افواج کا سربراہ عالم اسلام کے خلاف بلواسطہ یا بلاواسطہ اور چین کوریا سے سمندری فضائی اور زمینی محاذوں پر جنگی محاذ کھول سکتا ہے۔ اسی دن سے یوں عظیم سپر پاور کے زوال کے دن شروع ہو جائیں گے۔ تاہم نصیب کے گھر میں بارہ سال بعد مشتری 13 اپریل 2022ء تا 20 اپریل 2023ء اپنے قیام کے دوران ملکی قوانین خصوصاً امیگریشن قانون میں مثبت تبدیلیاں اعلیٰ عدلیہ کے جج صاحبان حکمران کو انکی غلطیوں پر سرزنش کریں اقلیتوں کو تحفظ حقوق پہلے سے بڑھیں ملکی و غیر ملکی بین المذاہب وقتاً فوقتاً کانفرنسوں میں قیام امن انسانی حقوق کی پاسداری پر زور دیا جائے بحری شپنگ تجارت میں مزید بہتری ملکی امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ بڑھے مزید سائنسی ایجادات اور خلائی مخلوق سے روابط کے نت نئے دعویٰ کیے جائیں گے۔ امریکی محکمہ خارجہ امریکی ایجنسی برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے عالمی ترقیاتی فنڈز میں اضافہ خصوصاً ان ترقی یافتہ ممالک میں جہاں امریکہ مخالف آوازیں ہوں وہاں اپنے فنڈز کی تعداد میں اضافہ کرے یکم مئی سورج اور 08 نومبر چاند گرہن دسویں لگنے سے سربراہ مملکت معاونین پر قاتلانہ حملے یا انکی ناگہانی اموات کے صدمات اندرون ملک باغات مال مویشی اور زراعت بھی سخت موسمی اثرات سے متاثر ہو 25 اکتوبر وتد الارض پر سورج گرہن لگنے سے اندرون ملک فضائی آلودگی درجہ حرارت بڑھنے آندھیاں سمندری طوفان سے اچانک مہلک وبائی امراض بڑھیں۔ اشیائے خوردنی کی قلت مہنگائی بڑھے۔ امریکہ کی عالمی عسکری سیاسی سبکی کا سال دکھائی دیتا ہے۔ اچانک تبدیلیوں کا مالک ستارہ یورانس جب امریکی زائچہ کے دسویں یکم جون 2024ء تا 19 مارچ 2025ء رہتے ہوئے ارض وطن کو ناظر ہونے سے امریکہ ریاستوں میں پھوٹ اور علیحدگی سیاسی بغاوت جیسے آثار رونما ہوں گے۔

یورپ، روس، کوریا، مڈل ایسٹ، فار ایسٹ

آسمانی کونسل پر 11 فروری 2021ء کے بعد 28 فروری 2022ء دوبارہ فطرتی عالمی خصوصاً سپر پاور کے بھی لیڈران کا تعلق برج جدی اور جدی میں ستاروں کا عظیم اجتماع یکے بعد دیگرے دو سالوں میں منحوس کال سروپ کے ساتھ لگنا برج جدی میں ہی 248 سال بعد مارچ میں پلوٹو مریخ قران اور دیگر اپریل میں 30 سال بعد عجیب و غریب شرف و عروج یافتہ (منحوس قران نحس زحل مریخ) یورپی ایشیائی ممالک کی سیاست جغرافیہ پر برا اثر ڈالے گا۔ امریکہ کوریا ایک بار پھر آنے سامنے روس کی خارجہ پالیسی جوہری ایٹمی جنگ کی روک تھام کے لئے نہایت اہم موثر ہو۔ امریکہ کی عالمی سبکی متحدہ ہائے امریکہ کو اپنی پچاس ریاستوں کا اتحاد برقرار رکھنا ممکن نہ ہوگا۔ امریکہ کے بعد برطانیہ یورپ کے بعض ملک میں بھی یہ لہر اٹھے گی۔ مڈل ایسٹ کے حکمران اپنے نظام بادشاہت کو بچانے اور عوامی فلاح ملکی دفاع تعمیر و ترقی کی طرف متوجہ رہیں۔ فار ایسٹ ممالک کی آپس میں تجارت کا حجم بڑھے سیاحت کو فروغ حاصل ہو سمندری ساحلی شہروں میں ارضی و سماوی امراض سونامی کے خطرات مارچ تا اگست رہیں۔

جفری پیشگوئیاں 2022ء

یاعلیؑ مدد: کیا امریکہ ایران پر حملہ کرے گا؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
سطراساس	ک	ی	ا	م	ر	ھ	ن	پ	ح	ل	ھ	س	ت	د
مؤخرصدر	د	ک	ت	ی	س	ا	ھ	م	ل	ر	ح	ھ	پ	ن
مستحصلہ	ل	ھ	ح	م	ی	ک	ر	ھ	ن	ر	ب	ھ	ی	ک
ترتیب	ح	م	ل	ھ	ن	ھ	ک	ر	ی	پ	ھ	ڑ	ک	ی
جواب	حملہ				نہ		کرے			بھڑکے				

یعنی: امریکہ ایران پر حملہ نہیں کرے گا۔ بس بھڑکتا رہیگا۔ (واللہ اعلم)

یاعلیؑ مدد: انڈیا کے لئے سن عیسوی 2022ء کیسا ہے؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
سطراساس	ا	ن	د	ی	ک	ل	س	ع	و	ز	ھ	ج	ر	ت	غ
مؤخرصدر	غ	ا	ت	ن	ر	د	ج	ی	ھ	ک	ز	ل	و	س	ع
مستحصلہ	م	ک	ل	ش	ا	و	م	ع	ی	و	ر	ل	و	م	ت
ترتیب	م	ش	ک	ل	ع	و	ا	م	ل	ی	ڈ	ر	م	و	ت
جواب	مشکل				عوام				لیڈر				موت		

یعنی: انڈیا کی عوام اور حکمران کے لئے مشکل سال ہے۔ مختلف حادثات میں ہلاکتیں بڑھ جائیں گی۔ انڈیا کے کسی بڑے لیڈر کی موت واقع ہوگی۔

(واللہ اعلم)

یاعلیؑ مدد: وزیراعظم پاکستان عمران خان کی حکومت کو خطرہ ہے؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
سطراساس	و	ر	ا	ح	ب	س	خ	ح	م	ت
مؤخرصدر	ت	و	م	ر	ح	ا	خ	ع	س	پ
مستحصلہ	د	و	ی	ش	ط	ا	خ	ر	ھ	ی
ترتیب	ش	د	ی	د	خ	ط	ر	ا	ھ	ی
جواب	شدید				خطرہ				ہے	

(واللہ اعلم)

یاعلیؑ: پاکستان کے لئے سن عیسوی **2022**ء کیسا ہے؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطر اساس	ا	ک	س	ن	ق	ل	ت	ی	ع	و	د	ھ	ب
موخر صدر	ب	ا	ھ	ک	د	س	و	ن	ع	ق	ی	ل	ت
مستحصلہ	غ	و	م	م	س	ا	ک	م	ھ	ن	ض	ر	م
ترتیب	خ	م	و	س	م	م	ھ	ن	گ	ا	م	ر	ض
جواب	خراب			موسم			مہنگائی				مرض (امراض)		

یعنی: خرابیِ موسم اور مہنگائی اور امراض میں اضافہ کی طرف اشارہ ہے۔ (واللہ اعلم)

یاعلیؑ: پاکستان سے چین کی دوستی مضبوط رہے گی؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطر اساس	ب	ا	ک	س	ج	ی	ن	ت	د	و	ض	م
موخر صدر	م	پ	ض	ا	و	ک	د	س	ت	ج	ن	ی
مستحصلہ	ب	خ	و	د	د	س	ت	ا	ت	ج	ر	ت
ترتیب	خ	و	ب	د	و	س	ت	ت	ج	ا	ر	ت
جواب	خوب			دوستی					تجارت			

یعنی: چین **2022**ء میں مزید مضبوط دوستی ہوگی۔ پاکستان اور چین کے درمیان تجارت میں اضافہ ہوگا۔ (واللہ اعلم)

یاعلیؑ: **2022**ء بداثرات سے حفاظت کا وظیفہ کیا ہے؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطر اساس	د	ھ	ز	پ	ث	ا	ف	ظ	ر	ظ	ی	ف
موخر صدر	و	د	ی	ھ	ظ	ز	ر	پ	ظ	ث	ف	ا
مستحصلہ	و	ک	ف	ر	ا	و	س	ر	ت	س	ن	ا
ترتیب	ک	ا	ف	ر	و	س	و	ر	ت	ن	ا	س
جواب	کافرون					سورت				ناس		

یعنی: سورۃ الکافرون اور سورۃ الناس **6-6** مرتبہ پڑھیں۔ انشاءاللہ ہر بداثرات سے حفاظت ہوگی۔ (واللہ اعلم)

فلسفۂ دعا

از انتخاب: شہزادہ سید محمد علی زنجانی

دعا اللہ کا پسندیدہ عمل ہے

أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ (النمل ۶۲)
بھلا کون ہے کہ جب مضطر اسے پکارے تو دعا قبول کرتا ہے اور مصیبت کو دور کرتا ہے

☆ دعا کا لغوی معنی "پکارنا" ہے۔ اصطلاحاً اس کائنات کے خالق و مدبر کی بارگاہ میں اپنی فریاد پہنچانا، اس ذات کی بارگاہ میں ہاتھ پھیلانا، اس کی مشیت سے درخواست کرنا تا کہ وہ اپنی لوح محو و اثبات میں اس کی تقدیر کی برائی کو بھلائی سے بدل دے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ (الرعد ۳۹) (اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے برقرار رکھتا ہے)

☆ دعا کا فلسفہ حقیقی یہ ہے کہ محتاج بندہ کائنات کے مصدر طاقت اور سرچشمہ قوت اور منبع فیض سے مستفیض ہو کیونکہ وہ تمام علتوں کی علت ہر سبب کا مسبب اور پوری کائنات کا حقیقی مالک ہے اور اس کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں۔

☆ دعا کی طاقت اور قوت کے ضمن میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں

الدُّعَاءُ يَرُدُّ الْقَضَاءَ بَعْدَمَا أُبْرِمَ إِبْرَامًا (دعا قضا کو بھی ٹال دیتی ہے جب وہ حتمی ہو چکی ہو تب بھی ٹل جاتی ہے)

☆ دعاؤں کے معلم زبور آل محمد حضرت امام سجاد علیہ السلام کا دعا کی اہمیت کے بارے میں ارشاد ہے

فَسَمَّيْتَ دُعَاءَكَ عِبَادَةً وَتَرْكَهُ اسْتِكْبَارًا وَتَوَعَّدْتَ عَلَى تَرْكِهِ دُخُولَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ
تو نے دعا کا نام عبادت اور اسکے ترک کو غرور سے تعبیر کیا ہے اور اسکے ترک پر جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہونے سے ڈرایا

☆ انسان کو اپنی زندگی کے نشیب و فراز میں ایسے لمحات سے دوچار ہونا پڑتا ہے جن میں تمنائیں اور آرزوئیں ناامیدی کی چٹانوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتی ہیں اور اضطراب و بے تسلی دینے کے تمام سہارے اور امیدوں کے سارے بندھن ایک ایک کر کے ٹوٹ جاتے ہیں اس عالم وبی اور پریشانی کے عالم میں انسان فطرتاً کوئی سہارا ڈھونڈتا ہے جو اس کے قلق و اضطراب کیلئے تسلی و تسکین کا سامان مہیا کرے اسی وسیلے کا نام "دعا" ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ (المائدہ ۳۵) اور اس کے قرب کا وسیلہ تلاش کرو

☆ حضرت خضر علیہ السلام کی دعا جو حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے صحابی حضرت کمیل ابن زیاد کو تعلیم فرمائی تھی جو "دعائے کمیل" کے نام سے مشہور ہے اس میں ارشاد ہے

الْعَوْنَ الْعَوْنَ يَا مَنْ لَا يَمْلِكُ إِلَّا الدُّعَاءُ (اے وہ کہ جس کو دعا کرنے کے سوا اور کوئی اس نہیں چلتا)

☆ دعا کرنے والا اس شعور و ادراک کے ساتھ دعا کرے کہ کائنات کے مالک حقیقی سے سوال کر رہا ہے کہ جس کے قبضۂ قدرت میں زمین و آسمان کے خزانوں کی کنجیاں ہیں جیسا کہ ارشاد ہے

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ "سارے آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں" (الزمر ۶۳)

☆ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا لَوْ عَرَفْتُمُ اللَّهَ حَقَّ مَعْرِفَتِهِ لَزَالَتْ بِدُعَائِكُمُ الْجِبَالُ
(اگر تم اللہ کی اس طرح معرفت حاصل کرو جیسا کہ اس کا حق ہے تو تمہاری دعاؤں سے پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ٹل سکتے ہیں)

☆ اس رحیم و کریم نے دعا کی قبولیت کا وعدہ فرمایا ہے جیسا کہ اس کی ذات کا ارشاد ہے

أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ (البقرہ ۱۸۶) میں دعا کرنے والوں کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکاریں

☆ دعا کی اجابت و قبولیت پر مزید برآں ارشاد قدرت ہے قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ

☆ ایسی معرفت کے ساتھ دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور وہ یقیناً اپنے وعدے کو پورا کرتا ہے ایسی دعا انسان کو جان و مال کے ساتھ دنیوی و اخروی مصائب سے حفاظت اور بہترین نتائج کی ضمانت فراہم کرتی ہے دنیوی و اخروی اور جسمی و مادی جملہ قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ و مامون رہنے کیلئے حفاظت خود اختیاری کے عمل کو علمی اصطلاح میں "دعا" سے تعبیر کیا جاتا ہے اس اہم ترین و عظیم ترین عمل کا نام "دعا" ہی ہے۔

☆ بعنوان تجلیات حکمت حضرت امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے

مَنْ قَرَعَ بَابَ اللَّهِ فُتِحَ لَهُ جو اللہ کا دروازہ کھٹکھٹائے گا اس کے لئے وہ کھول دیا جائے گا

☆ بعنوان تجلیات حکمت حضرت امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے

الدَّاعِي بِلَا عَمَلٍ كَالرَّامِي بِلَا وَتَرٍ بغیر عمل دعا کرنے والا ایسا ہے جیسے بغیر کمان تیر چلانے والا

☆ دعا مکمل بھروسہ، کامل اعتماد، شوق اور حسن عقیدت کیساتھ ہونی چاہیے پس اس کی رحمت سے مایوس ہونا امید ہونا نہایت ہی اوچھی بات ہے اس کی رحمت بہت وسیع ہے جیسا کہ ارشاد ہے

لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ (الزمر ۵۳) تم لوگ اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا

☆ دعا گنہگار کے لئے مشکلات و دوزخ سے محفوظ رہنے کے لئے ایک ہتھیار اور ڈھال ہے

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ الدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ دعا مومن کا اسلحہ ہے

☆ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ الدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ دعا عبادات کی جان ہے

☆ اگر جان کو جسم سے نکال لیا جائے تو وہ بیکار ہو جاتا ہے یعنی دعا کے بغیر عبادات ہی بیکار ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے الطاف و احسانات کے شکر کا نام "دعا" ہے۔

☆ دعا اللہ کو اس قدر پسند ہے کہ اگر کوئی نماز کے بعد دعا نہ مانگے تو وہ نماز اس کے منہ پر ماردی جاتی ہے

☆ اللہ ایسے بندوں کو بہت چاہتا ہے جو اپنی حاجتوں کے لئے بار بار اس کی بارگاہ میں گڑگڑا کر رجوع کرتے ہیں جیسا کہ (سورۂ انبیاء ۹۰) میں رب العزت کا ارشاد گرامی ہے

وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا "اور ہم کو بڑی رغبت (ترغیب) اور خوف کے ساتھ پکارا کرتے ہیں

☆ حضرت علیؑ کے ارشادات میں سے یہ ارشاد نہایت ہی اہمیت کا حامل و اصول تحفہ ہے۔

اِعْمَلُوا الْعَمَلَ يَنْفَعُكُمْ وَالدُّعَاءَ يَنْفَعُكُمْ وَالتَّوْبَةُ تَرْفَعُكُمْ (غرر الحکم)
نیک عمل کرتے رہو کہ نیک کام فائدہ دیتے ہیں اور دعا قبول ہوتی ہے اور توبہ کو رفعت ملتی ہے

☆ دعا میں خضوع و خشوع اور گریہ کا طاری ہونا لازمی ہے اگر بحالت دعا ایک قطرہ کے برابر بھی آنسو آ جائے تو موجب قبولیت ہے جیسا کہ (سورۂ فرقان ۷۷) میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے

قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ کہہ دیجئے میرا پروردگار تمہاری پرواہ نہ کرتا اگر تمہاری یہ دعائیں نہ ہوتیں

☆ آج پوری قوم عدم تحفظ کا شکار ہے قتل و غارت گری، دہشت گردی، مصائب، مشکلات، فسادات، حادثات، ڈکیتیاں، پریشانیاں، بے چینیاں، زیادتیاں اور لاتعداد بیماریوں نے انسان کو بری طرح گھیر رکھا ہے ان حالات سے حقیقی نجات اور مکمل تحفظ کیلئے ہمیں اپنے خالق کی طرف رجوع کرنا چاہیے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کا محکم ترین ذریعہ "دعا" ہے۔

☆ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مومنین و مومنات کی دعاؤں کو مستجاب فرمائے۔ (آمین)

2022ء میں المذاہب کے حوالے سے امام زمانہ کا تعارف

یا امام زمانہ العجل

دُنیا کو عظیم مصلح کا عالمگیر انتظار

از قلم: علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی، اسلام آباد

آج غزوہ ہند تیسری جنگ عظیم کی باتیں میڈیا پر عام ہیں، دُنیا دکھوں سے بھر رہی ہے، ذہن میں خیال آتا ہے کہ دُنیا کو مظالم سے کون نجات دلائے گا؟ ہر قوم میں ایک نجات دہندہ کا تصور پایا جاتا ہے۔

دنیا کی تمام قومیں ایک عظیم انقلابی رہبر کے انتظار میں ہیں ہر قوم اس کو ایک مخصوص نام سے یاد کرتی ہے لیکن اس کے بنیادی اوصاف اور اس کے پروگراموں کے بارے میں سب متفق ہیں۔ ایک عظیم نجات دہندہ کے ظہور پر ایمان کا مسئلہ صرف مسلمانوں ہی میں نہیں پایا جاتا بلکہ ایسی اسناد اور دستاویز موجود ہیں جن سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ ایک پرانا عالمگیر اعتقاد ہے جو مشرق اور مغرب کے تمام مذاہب اور اقوام میں پایا جاتا ہے یہ بھی مسئلہ کے فطری ہونے پر ایک دلیل ہے ہم یہاں بہت ہی اختصار کے ساتھ مختلف مذاہب اور اقوام کے درمیان اس عقیدے کے عکاسی کی طرف اشارہ کریں گے۔

"تب جنگل کے سب درخت خوشی سے گانے لگیں گے۔ خداوند یعنی بادشاہ کے حضور کیونکہ وہ آرہا ہے۔ وہ زمین کی عدالت کرنے کو آرہا ہے۔ وہ صداقت سے جہان کی اور اپنی سچائی سے قوموں کی عدالت کرے گا۔

سکھ مذہب میں مسئلہ انتظار

غیر مسلموں میں پہلے سکھوں ہی کو لیجئے ان کے ہاں "کلنکی اوتاروں کا انتظار ہو رہا ہے خود سکھ مذہب کے بانی "گورو جی" نے اپنے ہاں "گرنتھ صاحب" میں لکھا ہے کہ آخری زمانے میں ظاہر ہونے والا راہبر مہدی میر ہوگا یہ "اوتار" "کلنکوں" یعنی جرموں گناہوں" کو دور کرے گا۔ اسی کی پیروی میں فلاح و نجات پوشیدہ ہوگی۔

"گورو" کے اس بیان پر مہر تصدیق گورو نانک جی نے ان الفاظ کے ساتھ ثبت فرمائی ہے آپ فرماتے ہیں کہ مہدی "میر" سادات سے ہوں گے اور وہ آخر کے سردار اور تاج امامت کے وارث ہوں گے۔

برھموں اور ہندوؤں کی کتابوں میں اس عقیدہ کی تجلیاں

ہندوؤں کی کتابوں میں سے "وشنو یگ" میں تحریر ہے کہ۔

(۱) "آخرکار دنیا اس کے ہاتھ میں ہوگی جو خدا کو دوست رکھتا ہے اور اس کے خاص بندوں میں سے ہے اور اس کا نام "مبارک اور میمون" ہے۔

(۲) "وید" نامی ایک دوسری کتاب میں آیا ہے کہ۔ دنیا کے خراب ہو جانے کے بعد آخری زمانہ میں ایک ایسا بادشاہ ظاہر ہوگا جو پیشوائے خلائق ہوگا۔ اس کا نام منصور ہے وہ تمام دنیا پر قبضہ کرکے سب کو اپنے آئین کا پیروکار بنائے گا۔

(۳) برھمو کی مقدس کتابوں میں سے "دواتگ" نامی کتاب میں آیا ہے۔ دست حق نکلے گا اور "ممتاطا" نامی کتاب میں آیا ہے مشرق و مغرب اس کے قبضہ میں ہوگا اور خلائق کی ہدایت کرے گا۔

(۴) ہندوؤں کی کتابوں میں سے "پاتیکل" نامی کتاب میں آیا ہے۔

جب ان کی مدت ختم ہو جائے گی اور پرانی دنیا حق اور زندہ ہو جائے اور ایک نئے بادشاہ کا ظہور ہو جائے دنیا کے دو پیشوا کے فرزندوں میں سے ایک آخری زمان کی آبرو...... اور دوسرا...... حتیٰ کہ ان کا بڑا جس کا نام "کشن ہے" اور اس نئے اور اس نئے بادشاہ کا نام "راہنما" ہے وہ حق بادشاہ ہوگا وہ رام کا خلیفہ ہوگا حکومت کرے گا اور وہ بہت سے معجزہ کا مالک ہوگا۔

(۵) ہندوؤں کی کتابوں میں سے "باسک" نامی کتاب میں آیا ہے۔

دنیا کو دور آخری زمانہ میں ایک ایسے عادل بادشاہ پر تمام ہو جائے گا جو فرشتوں، پریوں اور آدمیوں کا پیشوا ہوگا اور حق تو یہ ہے کہ حق اس کے ساتھ ہوگا اور جو کچھ دریا، زمینوں اور پہاڑوں میں مخفی ہوگا، سب اس کے ہاتھ لگ جائے گا اور جو کچھ زمین و آسمان میں ہوگا وہ اس کی خبر دے گا اور دنیا میں اس سے بڑا کوئی شخص نہ آیا ہوگا''۔

(۱) مشہور و معروف کتاب "زند" میں "یزدانیوں" اور "اھرمنیوں" کی دائمی جنگ کے ذکر کے بعد تحریر کیا ہے کہ اس وقت یزدانیوں کو ایک عظیم کامیابی حاصل ہوگی اور اھرمن صفحۂ ہستی سے نابود ہو جائے گا۔

یزدان کی کامیابی اور اھرمنیوں کی نابودی کے بعد دنیا اپنی حقیقی سعادت اور خوش نصیبی سے ہمکنار ہو جائے گی اور فرزندان آدم خوشی کے تخت پر جلوہ افروز ہوں گے۔

(۲) جاماسپ نامہ میں جاماسپ زردشت کی زبانی نقل کرتا ہے کہ "تازیوں کی سرزمین سے ایک شخص خروج کرے...... ایک ایسا مرد جو بڑے سر بڑے جسم اور بڑی پنڈلیوں کا مالک ہوگا اپنے جد کے آئین پر عمل اور ایک بڑی فوج کے ساتھ ایران کا رخ کرے گا دنیا کو آباد اور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔

(۱) "مزامیر داؤد" یا "زبور" نامی کتاب کے مزمور نمبر ۳۷ میں آیا ہے کہ:

"تو بدکرداروں کے سبب سے بیزار نہ ہو اور بدی کرنے والوں پر رشک نہ کر، کیونکہ وہ گھاس کی طرح جلد کاٹ ڈالے جائیں گے، کیونکہ بدکردار کاٹ ڈالے جائیں گے لیکن خدا پر توکل رکھنے والے زمین کے وارث ہوں گے تھوڑی ہی مدت کے بعد کوئی شریر نہ ہوگا۔ تو اس کی جگہ غور سے دیکھے گا پر وہ نہ ہوگا۔ لیکن فقط حلیم (صالح) لوگ زمین کے وارث ہوں گے"۔

اسی مزمور نمبر ۳۷ میں آگے ہے کہ:

کیونکہ جن کو وہ برکت دیتا ہے وہ زمین کے وارث ہوں گے لیکن اس کے ملعون لوگ کاٹ ڈالے جائیں گے۔

آگے جملہ نمبر ۲۹ میں ہے کہ: صادق زمین کے وارث ہوں گے اور ہمیشہ کے لئے اس میں سکونت کریں گے۔

(۲) "زبور" کے مزمور ۹۶ میں آیا ہے کہ: "تب جنگل کے سب درخت خوشی سے گانے لگیں گے۔ خداوند یعنی بادشاہ کے حضور کیونکہ وہ آرہا ہے۔ وہ زمین کی عدالت کرنے کو آرہا ہے۔ وہ صداقت سے جہان کی اور اپنی سچائی سے قوموں کی عدالت کرے گا۔

(۳) مزمور نمبر ۹۸ میں بھی اسی قسم کے جملے موجود ہیں:

بادشاہ یعنی خداوند کے حضور خوشی کا نعرہ مارو۔ سمندر اور اس کی معموری شور مچائیں۔ اور جہان اور اس کے باشندے، سیلاب تالیاں بجائیں، پہاڑیاں مل کر خوشی سے گائیں خداوند کے حضور کیونکہ وہ زمین کی عدالت کرنے آرہا ہے وہ صداقت سے جہان کی اور راستی سے قوموں کی عدالت کرے گا۔

(۴) مزمور نمبر ۱۲۱ میں دشمنوں سے آپؑ کی حفاظت اور آپؑ کی طویل العمری کے بارے میں ہے کہ: "خداوند کریم تیرا محافظ ہے، خداوند کریم تیرے داہنے ہاتھ پر تیرا سائبان ہے۔ نہ آفتاب دن کو تجھے ضرور پہنچائے گا نہ ماہتاب رات کو خداوند ہر بلا سے تجھے محفوظ رکھے گا۔ وہ تیری جان کو محفوظ رکھے گا۔ خداوند تیری آمد و رفت میں اب سے ہمیشہ تک تیری حفاظت کریگا۔

(۵) "یسعیاہ" نامی کتاب میں حضرت مہدی علیہ السلام اور آپ کے دور حکومت کے عدل و انصاف کے متعلق کافی تفصیل سے ذکر کیا ہے کتاب کے گیارہویں باب میں ہے۔

اور ایسی کے تنے سے ایک کونپل نکلے گی اور اس کی جڑوں سے ایک بارور شاخ پیدا ہوگی اور خداوند کی روح اس پر ٹھہرے گی حکمت اور خرد کی روح، مصلحت اور قدرت کی روح، معرفت اور خداوند کے خوف کی روح اور اس کی شادمانی خداوند کے خوف میں ہوگی اور وہ نہ اپنی آنکھوں کے دیکھنے کے مطابق انصاف کرے گا اور نہ اپنے کانوں کے سننے کے موافق فیصلہ کرے گا۔ بلکہ وہ راستی سے مسکینوں کا انصاف کرے گا اور عدل سے زمین کے خاکساروں کا فیصلہ کرے گا اور وہ اپنی زبان کے عصا سے زمین کو مارے گا اور اپنے لبوں کے دم سے شریروں کو فنا کروائے گا اس کی کمر کا پٹکا راستبازی ہوگی اور اس کے پہلو پر وفاداری کا پٹکا ہوگا۔ پس بھیڑیا برہ کی ساتھ رہے گا اور چیتا بکری کے بچے کے ساتھ بیٹھے گا۔ اور ایک ننھا بچہ ان کا چرواہا ہوگا۔ اور دودھ پیتا بچہ سانپ کے بل کے پاس کھیلے گا۔ اور تم مقدس پہاڑوں میں ذرہ برابر ضرر اور فساد نہیں ہوگا کیونکہ جس طرح سمندر پانی سے بھرا ہے اسی طرح زمین خداوند عالم کے عرفان سے معمور ہوگی۔

(۶) دانی ایل، نامی کتاب کے باب ۱۲ میں لکھا ہے کہ: مبارک ہے وہ جو ایک ہزار تین سو پینتیس روز تک انتظار کرتا ہے۔ پر تو اپنی راہ لے جب تک کہ مدت پوری نہ ہو کیونکہ تو آرام کریگا اور پر تو اپنی راہ لے جب تک کہ مدت پوری نہ ہو کیونکہ تو آرام کرے گا اور ایام کے اختتام پر اپنی میراث میں اٹھ کھڑا ہوگا۔

(۷) "حنقوق" نامی کتاب میں حنقوق نبی علیہ اسلام سے دنیا میں بڑھتے ہوئے ظلم و ستم کی فریاد کرتے ہیں انہیں دنیا میں عدل و انصاف کی گھڑی کا شدت سے منتظر دیکھ اللہ فرماتا ہے۔ "یہ جلد وقوع میں آئے گی اور خطا نہ کرے گی، اگرچہ اس میں دیر ہو تو بھی اس کا منتظر رہ کیونکہ یہ یقیناً وقوع میں آئے گی تاخیر نہ کرے گی۔

عہد نامہ جدید انجیل اور اسکے ملحقات میں نشانیاں

عہد نامہ جدید انجیل اور اس کے ملحقات میں نشانیاں

(۱) انجیل "متی" کے چوبیں باب میں آیا ہے کہ: جس طرح بجلی مشرق سے نکلتی ہے اور مغرب تک ظاہر ہوتی ہے ابن آدم کا آنا بھی ایسے ہوگا۔ ابن آدم کو آسمانی بادلوں پر دیکھیں گے قدرت و عظمت و جلال کے ساتھ آرہا ہے اور وہ اپنے فرشتوں (یا روعدگاروں) کو بلند آواز کے ساتھ بھیجے گا اور وہ اس کے برگزیدوں کو چاروں طرف سے آسمان کے اس کنارے سے اس کنارے تک جمع کریں گے۔

(۲) انجیل "لوقا" کے بارھویں باب میں ذکر ہوا ہے کہ: تمہاری کمریں بندھی رہیں اور تمہارے چراغ جلتے ہیں اور تم ان آدمیوں کی مانند ہو جو اپنے مالک کا انتظار کر رہے ہیں۔ مبارک ہیں وہ نوکر جن کا مالک انہیں جاگتا پائے تم بھی تیار ہو کیونکہ جس گھڑی تمہیں گمان بھی نہ ہوگا ابن آدم آجائے گا۔

ہر دور اور ہر زمانے میں لوگوں کے دلوں میں ایک عالمگیر اور عظیم مصلح کی تمنا پلتی رہی ہے اور یہ آرزو نہ صرف بڑے مذاہب کے ماننے والوں جیسے زردشتی، یہودی عیسائی اور مسلمانوں میں پائی جاتی ہے بلکہ اس کے آثار، چینیوں کی پرانی کتابوں اور ہندوستانیوں کے عقائد اور اسکنڈینیویا کے باشندوں یہاں تک کہ پرانے مصریوں، امریکیوں اور سرخ فام امریکن قبائیلیوں وغیرہ میں پائے جاتے ہیں۔

یہ ایک عالمگیر عقیدہ ہے جو مختلف اقوام کے درمیان مختلف روپوں میں نظر آتا ہے اور اس کے یہ تمام روپ اس حقیقت سے پردہ اٹھاتے ہیں کہ: اس پرانے عقیدے کی جڑیں انسان کی فطرت اور اس کی سرشت کی گہرائیوں میں پھیلی ہوئی ہیں نیز ہر پیغمبر کی دعوت اور تبلیغ میں عقیدہ نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ اب تک جو کچھ بیان ہوا اور بہت سے دوسرے شواہد اور مطالب جو بغرض اختصار بیان نہ ہو سکے، ان سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ انتظار کسی خاص علاقہ اور مذہب مسلک سے مخصوص نہیں ہے بلکہ یہ ایک عالمی، وسیع اور ہمہ گیر انتظار ہے یہی بات آخر کار اس اعتقاد کے فطری ہونے پر دلیل ہے۔

دنیا کو ہے اس مہدی کی ضرورت ۞ ہو جس کی نگہ زلزلہ عالم افکار

ماخوذ کتاب: مہدی آخر الزمان علیہ السلام تالیف علامہ آقا السید محمد ابو الحسن موسوی المشہدی

دعائے امام زمانہ علیہ السلام

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَنْ نَاجَاكَ وَبِحَقِّ مَنْ دَعَاكَ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

[illegible]

تَفَضَّلْ عَلٰى فُقَرَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْغِنَاءِ وَالثَّرْوَةِ وَعَلٰى مَرْضَى الْمُؤْمِنِيْنَ

[illegible]

وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالشِّفَاءِ وَالصِّحَّةِ وَعَلٰى اَحْيَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِاللُّطْفِ

[illegible]

وَالْكَرَمِ وَعَلٰى اَمْوَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَعَلٰى مُسَافِرِيْ

[illegible]

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالرَّدِّ اِلٰى اَوْطَانِهِمْ سَالِمِيْنَ غَانِمِيْنَ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ

[illegible]

دعائے سلامتی امام زمانہ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰبَائِهِ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ

[illegible]

كُلِّ سَاعَةٍ وَلِيًّا وَحَافِظًا وَقَائِدًا وَنَاصِرًا وَدَلِيْلًا وَعَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهُ اَرْضَكَ طَوْعًا وَتُمَتِّعَهُ

[illegible]

فِيْهَا طَوِيْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهُمْ

[illegible]

دعا برائے مرحومین: اپنے مرحومین مومنین کو جہاں کہیں بھی ہوں اس دعا سے یاد رکھیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

[illegible]

تَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

[illegible]

نماز امام زمانہ علیہ السلام

☆ روایات کے مطابق یہ نماز "استغاثہ حضرت امام زمانہ علیہ السلام" کے نام سے معروف ہے
☆ اللہ تعالیٰ کے حضور بوسیلہ وارث قرآن حضرت امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام نہایت ہی سریع الاثر نماز ہے جو حاجات کی برآوری کے لئے ایک بے مثال تحفہ ہے۔
☆ یہ نماز دو رکعت ہے پہلی رکعت میں سورۂ الحمد تلاوت کرتے وقت جب آیت **اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ** پر پہنچیں تو اسے سو مرتبہ دہرا کر سورہ کو تمام کرے اس کے بعد سورۂ توحید ایک مرتبہ پڑھے اور رکوع و سجود بجا لا کر دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو۔
☆ دوسری رکعت بھی اسی طریقے سے بجا لائے اور نماز ختم کرنے کے بعد کھڑے ہو کر دعائے فرج بحضور قلب سے پڑھے تو انشاء اللہ جلد امور عظیم میں کامیابی حاصل ہوگی۔
☆ یہ نماز عجیب و غریب اسرار کی حامل ہے شب جمعہ کو ضرور یہ نماز پڑھنی چاہیے۔

استغاثہ بحضور حجت: ہر مشکل گھڑی کے عالم میں با وضو زیر آسمان قبلہ رخ ہو کر ستر مرتبہ یہ توسل پڑھے تو حضرت حجت ہر مشکل میں مشکل کشائی اور مدد فرمائیں گے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا فَارِسَ الْحِجَازِ اَدْرِكْنِيْ يَا اَبَا صَالِحِ الْمَهْدِيْ

اللہ کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے اے حجاز کے شہسوار میری مدد کر اے ابا صالح المہدی

اَدْرِكْنِيْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اَدْرِكْنِيْ وَلَا تَدَعْنِيْ فَاِنِّيْ عَاجِزٌ ذَلِيْلٌ

میری مدد کر اے ابا القاسم میری مدد کر اور مجھے نہ چھوڑ کہ میں عاجز ذلیل ہوں

عریضہ بحضور امام: مکارم الاخلاق میں روایت ہے کہ تمام پریشانیوں کے ازالہ کیلئے درج ذیل عریضہ لکھ کر جاری پانی میں ڈال دے تو امام زمانہ اس کی فریاد رسی کریں گے [illegible]

مِنَ الْعَبْدِ الضَّعِيْفِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

[illegible]

فَاكْشِفْ عَنِّيْ ضُرِّيْ مَا اَنَا فِيْهِ وَاكْشِفْ عَنِّيْ هَمِّيْ وَغَمِّيْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

[illegible]

فضیلت و آیات چہل قاف

☆ قرآن مجید کی مختلف چار سورتوں کی یہ چار آیتیں لطیف ترین اسرار کی حامل ہیں یہ چار آیات عظیم ترین آیتیں ہیں ہر ایک آیت میں دس دس قاف ہیں پس تمام آیات میں چالیس قاف (چہل قاف) ہیں ☆ اگر کوئی ان آیات کو اپنے پاس رکھے گا تو افسروں اور حاکموں کے سامنے سرخرو ہوگا ☆ مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور اسے ہر قسم کے کاموں میں غیبی امداد حاصل رہے گی۔

اول بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْ بَنِيْ اِسْرَآءِيْلَ

[illegible]

مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

[illegible]

اللهِ ۖ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۖ قَالُوْا وَمَا

[illegible]

لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ۖ فَلَمَّا

[illegible]

كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۗ وَاللهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۞

[illegible]

دوم لَقَدْ سَمِعَ اللهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ

[illegible]

سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۞

[illegible]

سوم اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

[illegible]

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ

[illegible]

النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا

[illegible]

الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۗ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ

[illegible]

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۟ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۞

[illegible]

چہارم وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

[illegible]

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۞

[illegible]

فضائلِ تسبیح فاطمۃ الزہراؑ سلام اللہ علیہا

☆حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہراؑ علیہا السّلام کی تسبیح سے بڑھ کر کوئی اور تسبیح نہیں اگر اس سے افضل کوئی اور عمل ہوتا تو حضور پاک ﷺ اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہراؑ علیہا السّلام کو وہی عطا فرماتے۔

☆حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہراؑ علیہا السّلام کی تسبیح ہر نماز کے بعد بجالانا میرے نزدیک روزانہ ایک ہزار رکعت نماز نافلہ سے زیادہ محبوب ہے۔

☆امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ یہ تسبیح زبان کے ساتھ سو مرتبہ ہے لیکن میزانِ اعمال میں اس کا ثواب ہزار تسبیح کے برابر لکھا جاتا ہے (سفینۃ البحار جلد)

☆اس تسبیح سے اللہ خوش ہوتا ہے اور شیطان دور بھاگتا ہے۔

☆روایات میں ہے کہ خاکِ شفا کی تسبیح کا عام تسبیح سے بہت زیادہ ثواب ہے۔

☆حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جب کوئی مومن خاکِ شفا کی تسبیح پر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے چار سو نیکیاں عطا کرتا ہے اور اس کے چار سو گناہ بخش دیتا ہے اور اس کی چار سو حاجتیں پوری کرتا ہے آسمانوں کے دروازے قبولیتِ نماز کے لئے کھول دیتا ہے

☆اگر خالی تسبیح پھیرتا رہے تو بھی ہر دانہ پر بیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

☆جس نے حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کی تسبیح پڑھی پھر اپنے گناہوں کی بخشش کی دعا مانگی تو اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔

☆سید مرتضیٰ علم الھدیٰ علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ مشہور تسبیح جناب سیدہ فاطمۃ الزہراؑ میں ۳۴ مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ پڑھے۔

☆جو شخص تبرکا تسبیح فاطمۃ الزہراؑ کے بعد ایک مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے گا تو اس کلمے کا ثواب سب سے زیادہ ہے کہ جس کا کوئی شمار ہی نہیں تسبیح کے اول و آخر تین مرتبہ صلوات پڑھے

☆امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ تسبیح فاطمۃ الزہراؑ کے آخر میں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا پڑھنا موجبِ مغفرت ہے

ختم پڑھنے کا طریقہ

☆اپنے گذشتگان کے ایصالِ ثواب کے لیے جو "چیز" (کھانا، پینا، چیز اور اللہ کی راہ میں دینی ہو) اُسے اپنے قریب رکھے باوضو ہو کر تین مرتبہ صلوات پڑھ کر سورۂ حمد ایک بار سورۂ اخلاص تین بار اور جتنی بھی سورتیں پڑھنا چاہے پڑھے آخر میں تین بار صلوات پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ ان سورتوں کی تلاوت و صلوات اور طعام اور یہ چیز جو (بھی آگے پڑی ہوئی ہے) ان سب کا ثواب بحق محمدؐ و آلِ محمدؐ زیادہ سے زیادہ (مرحوم یا مرحومہ کا نام لے) کے نامۂ اعمال میں درج فرما اس کے بعد اپنے اور حاضرین کیلئے دعا کرے اور مرحوم یا مرحومہ کیلئے فاتحہ پڑھوائے

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

☆اللہ تعالیٰ جس کی ایک نماز کو قبول فرمالے اسے عذاب نہیں دے گا اور جس کی ایک نیکی قبول فرمالے اسے بھی عذاب نہیں دے گا۔ (۱۳۳۹۱)

☆برید عجلی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول: **وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ** کے بارے میں دریافت کیا کہ "امتِ وسط" کون لوگ ہیں۔ آپؑ نے فرمایا" ہم ہی اُمتِ وسط ہیں ہم ہی اللہ کی مخلوق پر اس کے گواہ اور اللہ کی زمین پر اس کی حجتیں ہیں (۱۴۷۰۹)

☆بندہ اپنے اللہ سے اس وقت بہت دور ہو جاتا ہے جب وہ کسی انسان سے بھائی چارہ کرے اور اس کی لغزشوں کو یاد رکھے تاکہ کسی دن یہ عیب اس کے منہ پر ظاہر کردے۔ (۱۴۷۵۱)

☆کوئی زندگی حسنِ اخلاق سے بڑھ کر خوشگوار نہیں (۱۵۷۳۶)

☆حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے سامنے دو آدمی ایک دوسرے پر فخر کرنے لگے۔ آپؑ نے فرمایا" کیا تم اپنے باپ داداؤں کے پرانے جسموں اور جہنم میں موجود روحوں پر فخر کر رہے ہو؟ اگر تمہارے پاس عقل ہے تو تمہارے اپنے اخلاق میں۔ اگر تمہارے پاس تقویٰ ہے تو تمہاری اپنی شرافت و عزت ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر گدھا تم سے بہتر ہے اور تم کسی سے بہتر نہیں۔"

☆خداوند تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے: اے میرے راست گو بندو! اس دنیا میں میری عبادت کے ذریعہ نعمتیں حاصل کرو کہ اس کی وجہ سے تم آخرت میں نعمتوں سے بہرہ مند ہو گے۔ (۱۱۶۳۶)

☆بندوں (بروایتِ بندگی) کی تین قسمیں ہیں ایک جماعت اللہ کے خوف کے پیشِ نظر عبادت کرتی ہے۔ یہ غلاموں کی عبادت ہے۔ ایک جماعت اللہ کی عبادت ثواب کے لالچ میں کرتی ہے۔ یہ تاجرانہ عبادت ہے اور ایک جماعت اللہ تعالیٰ کی محبت میں اس کی عبادت کرتی ہے۔ یہ آزادوں کی عبادت ہے جو سب سے افضل ہے۔ (۱۱۶۵۴)

انتخاب: شہزادہ سید مسعود علی زنجانی

100 قرآنی نصیحتیں

1. بدزبانی سے بچو (159:3) 2. غصے کو پی جاؤ (134:3) 3. دوسروں کے ساتھ بھلائی کرو (36:4) 4. تکبر سے بچو (13:7) 5. دوسروں کی غلطیاں معاف کرو (199:7) 6. لوگوں سے نرمی سے بات کرو (44:20) 7. اپنی آواز پست رکھو (19:31) 8. دوسروں کا مذاق نہ اڑاؤ (11:49) 9. والدین کا احترام اور ان کی فرمانبرداری کرو (23:17) 10. والدین کی بے ادبی سے بچو اور ان کے سامنے اُف تک نہ کہو (23:17) 11. اجازت کے بغیر کسی کی خلوت گاہ (پرائیویٹ کمرہ) میں داخل نہ ہو (58:24) 12. آپس میں قرض کے معاملات تحریر کر لیا کرو (282:2) 13. کسی کی اندھی تقلید مت کرو (170:2) 14. اگر کوئی تنگی میں ہے تو اسے قرضہ اتارنے میں مہلت دو (280:2) 15. سود مت کھاؤ (275:2) 16. رشوت مت اختیار کرو (188:2) 17. وعدوں کو پورا کرو (177:2) 18. آپس میں اعتماد قائم رکھو (283:2) 19. سچ اور جھوٹ کو آپس میں خلط ملط نہ کرو (42:2) 20. لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرو (58:4) 21. عدل و انصاف پر مضبوطی سے قائم رہو (135:4) 22. مرنے کے بعد ہر شخص کی دولت اس کے قریبی عزیزوں میں تقسیم کرو (7:4) 23. عورتوں کا بھی وراثت میں حق ہے (7:4) 24. یتیموں کا مال ناحق مت کھاؤ (10:4) 25. یتیموں کا خیال رکھو (220:2) 26. ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے مت کھاؤ (29:4) 27. کسی جھگڑے کی صورت میں لوگوں کے درمیان صلح کراؤ (9:49) 28. بدگمانی سے بچو (12:49) 29. گواہی کو مت چھپاؤ (283:2) 30. ایک دوسرے کے بھید نہ ٹٹولا کرو اور کسی کی غیبت مت کرو (12:49) 31. اپنے مال میں سے خیرات کرو (7:57) 32. مسکین غریبوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دو (3:107) 33. ضرورت مندوں کو تلاش کر کے ان کی مدد کرو (273:2) 34. کنجوسی اور فضول خرچی سے اجتناب کرو (29:17) 35. اپنی خیرات لوگوں کو دکھانے کے لیے اور احسان جتا کر ضائع مت کرو (264:2) 36. مہمانوں کا احترام کرو (26:51) 37. بھلائی پر خود عمل کرنے کے بعد دوسروں کو اس کی ترغیب دو (44:2) 38. زمین پر فساد مت کرو (60:2) 39. لوگوں کو مسجدوں میں اللہ کے ذکر سے مت روکو (114:2) 40. صرف ان سے لڑو جو تم سے لڑیں (190:2) 41. جنگ کے آداب کا خیال رکھو (191:2) 42. جنگ کے دوران پشت مت پھیرو (15:8) 43. دین میں کوئی زبردستی نہیں (256:2) 44. تمام پیغمبروں پر ایمان لاؤ (285:2) 45. حالت حیض میں عورتوں سے جماع نہ کرو (222:2) 46. ماں اپنے بچوں کو دو سال تک دودھ پلائیں (233:2) 47. خبردار زنا کے قریب کسی صورت میں بھی نہیں جانا (32:17) 48. حکمرانوں کو اہلیت کی بنیاد پر منتخب کرو (247:2) 49. کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ مت ڈالو (286:2) 50. آپس میں تفرقہ مت ڈالو (103:3) 51. کائنات کی تخلیق اور عجائبات پر گہری غور و فکر کرو (191:3) 52. مردوں اور عورتوں کو ان کے اعمال کا صلہ برابر ملے گا (195:3) 53. خون کے رشتوں میں شادی مت کرو (23:4) 54. مرد خاندان کا حکمران ہے (34:4) 55. بخیل و کنجوسی مت کرو (37:4) 56. حسد مت کرو (54:4) 57. ایک دوسرے کو قتل مت کرو (92:4) 58. خیانت کرنے والوں کے حمایتی مت بنو (105:4) 59. گناہ اور ظلم و زیادتی میں تعاون مت کرو (2:5) 60. نیکی اور بھلائی میں تعاون کرو (2:5) 61. جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ طلب کیجئے (98:16) 62. عدل و انصاف پر قائم رہو (8:5) 63. جرائم کی سزا مثالی طور پر دو (38:5) 64. گناہ اور بداعمالیوں کے خلاف بھرپور جدوجہد کرو (63:5) 65. مردہ جانور، خون، سور کا گوشت ممنوع ہیں (3:5) 66. شراب اور منشیات سے بچو (90:5) 67. جوا مت کھیلو (90:5) 68. دوسروں کے معبودوں کو برا مت کہو (108:6) 69. لوگوں کو دھوکہ دینے کی خاطر ناپ تول میں کمی مت کرو (152:6) 70. خوب کھاؤ پیو مگر حد سے تجاوز نہ کرو (31:7) 71. مسجدوں میں عبادت کے وقت اچھے کپڑے پہنو (31:7) 72. جو تم سے مدد و حفاظت چاہے اس کی مدد و حفاظت کرو (6:9) 73. پاکیزگی اختیار کرو (108:9) 74. اللہ کی رحمت سے کبھی ناامید مت ہو (87:12) 75. لاعلمی اور جہالت کی وجہ سے کیے گئے برے کام گناہ اللہ معاف فرما دے گا (119:16) 76. لوگوں کو اللہ کی طرف حکمت اور بہترین نصیحت کے ساتھ بلاؤ (125:16) 77. کوئی کسی دوسرے کے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھائے گا (15:17) 78. مفلسی و غربت کے خوف سے اولاد کو قتل مت کرو (31:17) 79. جس بات کا علم نہ ہو اس کے پیچھے مت پڑو (36:17) 80. بے بنیاد اور لغو کاموں سے پرہیز کرو (3:23) 81. دوسروں کے گھروں میں بلا اجازت مت داخل ہو (27:24) 82. جو اللہ پر یقین رکھتے ہیں اللہ ان کی حفاظت فرمائے گا (55:24) 83. زمین پر عاجزی و انکساری سے چلو (63:25) 84. اپنی دنیاوی زندگی کو نظر انداز مت کرو (77:28) 85. اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو مت پکارو (88:28) 86. ہم جنس پرستی سے اجتناب کرو (29:29) 87. اچھے کاموں کی نصیحت اور برے کاموں کی ممانعت کرو (17:31) 88. زمین پر شیخی اور تکبر سے اترا کر مت چلو (18:31) 89. عورتیں اپنے بناؤ سنگھار کی نمائش مت کریں (33:33) 90. اللہ تمام گناہ معاف کر دے گا (53:39) 91. اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہو (53:39) 92. برائی کو بھلائی سے دفع کرو (34:41) 93. مشورے سے اپنے کام سرانجام دو (38:42) 94. تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جس نے سچائی و بھلائی کو اختیار کیا ہو (13:49) 95. دین میں رہبانیت کا کوئی وجود نہیں (27:57) 96. اللہ کے ہاں علم والے کے درجات بلند ہیں (11:58) 97. غیر مسلموں کے ساتھ منصفانہ سلوک و احسان اور اچھا برتاؤ کرو (8:60) 98. اپنے آپ کو نفس کی حرص سے پاک رکھو (16:64) 99. اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو وہ معاف کرنے اور رحم کرنے والا ہے (20:73) 100. اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کسی کی برائی علانیہ زبان پر لائی جائے الا یہ کہ کسی پر ظلم ہوا ہو (148,3)

(میں شہید ہو کر وہ جاؤں جب بھی کوئی مومن میرا ذکر کرے گا تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں گے (امام حسینؑ))

از تحقیق: سلطان محمود

باب العملیات

از انتخاب: شہزادہ سید علی زنجانی

مومنین و مومنات کے لیے آئمہ معصومینؑ سے مسنون مجربات آیات شفا

ڈینگی — کینسر — شوگر — آب زم زم — خاک کربلا

قرآن سے شفاء

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ (بنی اسرائیل ۸۲)

اور ہم قرآن میں وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفاء اور رحمت ہے

☆ آج دنیا میں علاج کے ہزاروں طریقے دریافت ہو چکے ہیں لیکن یہ اٹل حقیقت ہے کہ یہ سب کی سب ریاضات و آلات اور ویشیائی اطباء کے تجربات و مرکبات سے زیادہ نفع کلام الٰہی ہے۔

اہمیات آیات شفاء: قرآن مجید جو اللہ کی طرف سے مومنین کے لئے بطور "شفاء" نازل کیا گیا ہے یہ ایک ایسا نسخہ شافی ہے کہ اس میں ہر مرض کا علاج ہے مگر ہمارا علم قرآن کامل نہیں

☆ ابو القاسم قشیری" کا بیان ہے کہ میرا بیٹا بیمار ہوا میں نے آنحضرت ﷺ کی خواب میں زیارت کی تو ان کی خدمت میں بیٹے کی بیماری کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ آیات شفاء سے کیوں غافل ہو

آیات شفاء: ان چھ "آیات شفاء" کو عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اور دھو کر اور مریض کو پانی پر پڑھ کر پلانا ہر قسم کی امراض کی شفا یابی کیلئے اکسیر ہے (آزمودہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اور ہم قرآن میں وہ نازل کرتے ہیں جو مومنوں کیلئے شفاء و رحمت ہے (بنی اسرائیل ۸۲)

قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ (حم سجدہ ۴۴) وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ

فرما دیجئے کہ مومنین کیلئے یہ ہدایت اور شفاء ہے اور اللہ تعالیٰ شفاء دیتا ہے قوم مومنین کے سینوں کو (التوبہ ۱۴)

يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ (سورہ نحل ۶۹)

مکھیوں کے پیٹ سے ایک پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں اس میں لوگوں کیلئے شفاء ہے

قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ (یونس ۵۷)

بیشک تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے نصیحت آ چکی جو مرض دل میں ہیں ان کے لئے شفاء ہے

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ (سورہ شعراء ۸۰)

اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو وہی مجھے شفا عطا فرماتا ہے

☆ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اگر مریض کو آیات قرآنی لکھ کر دھو کر پلائی جائیں تو شرعی طور پر کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

عمل آیات شفاء: تمام امراض سے شفا یابی کیلئے "آیات شفاء" اکتالیس روز یا تا شفاء نماز صبح کے بعد پانی پر دم کر کے حسب ذیل طریقے سے پلائیں تو چند ہی دنوں میں صحت یابی نصیب ہوگی۔

طریقہ: اول و آخر صلوات کیساتھ اسم اعظم [یَا شَافِیُ] ایک سو ایک مرتبہ اور درمیان میں تین تین مرتبہ آیات شفاء، اور آخر میں اسم اعظم [یَا سَلَامُ] کو اکیس مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ

[بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِي بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِي بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِي] پڑھے۔

☆ شمس المعارف میں ہے کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ [سورۃ الحمد] ہر بیماری کیلئے شفاء ہے

☆ مریض کو چاہیے کہ سورۃ الحمد لکھ کر باندھے یا ستر مرتبہ پانی پر پڑھ کر پیے تو اسے شفا نصیب ہوگی

طریقہ: جواہر القرآن میں ہے کہ اگر بیمار درج ذیل آیت کریمہ دار چینی کو ہر روز چالیس مرتبہ پڑھے تو ہر قسم کی بیماری سے شفایاب ہوگا مریض کیلئے کوئی دوسرا بھی پڑھ سکتا ہے

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ۝

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک میں قصور واروں (ظالموں) میں سے ہوں (سورہ انبیاء ۸۷)

☆ بحوالہ مصباح الحج کہا ہے معنوی درج ذیل آیات کو لکھ کر مریض کے سرہانے لٹکا دیں تو ان آیات کی برکت سے ہر قسم کا مریض صحت و شفاء حاصل کرے گا۔

دعاے شفاء

[أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ (البقرہ ۱۸۶) جب مجھے کوئی دعا کرنے والا پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں]

دعا برائے شفاء: سعید بن طاؤس نے کتاب الدعوات میں سعید بن ابی الفتح سے روایت کی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے حضرت رسول اکرم ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جس کو کوئی بیماری لاحق ہو تو وہ نماز فجر کے بعد چالیس مرتبہ یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے

تَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

بابرکت ہے اللہ جو سب سے اچھا خالق ہے اور نہیں کوئی طاقت اور قوت سوائے اللہ کے جو بلند مرتبہ صاحب عظمت ہے

دعا برائے شفاء: حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ اس دعا کو روزانہ تین مرتبہ پڑھا کرے تو انشاء اللہ کبھی بیمار نہ ہوگا اور بیمار کو شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُ قَدِيْمٌ أَزَلِيٌّ يُزِيْلُ الْعِلَلَ وَهُوَ قَائِمٌ أَزَلِيٌّ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اللہ قدیم ہمیشہ سے ہے دور کرتا ہے بیماریوں کو اور وہ ہمیشہ سے قائم ہے

يَا أَزَلِيَّهُ لَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

☆ شمس المعارف امام بونیؒ نے انوار الاسماء میں لکھا ہے کہ اسم ذات اسم اعظم [اَللّٰهُ] کو درج ذیل طریقے پر چینی کی پلیٹ پر زعفران و گلاب کے عرق سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے یا اکتالیس مرتبہ پڑھ کر ناشتے سے پہلے تین صبح متواتر پلائے تو کامل طور پر صحت یابی نصیب ہوگی

[اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ (اللہ اپنے بندوں پر کرم سے لطف کرتا ہے)]

☆ درج ذیل دعا سے اسم اعظم کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا

[يَا شَافِيَ الْأَمْرَاضِ اِشْفِنِيْ بِحَقِّ يَا شَافِيُ (اے امراض سے شفاء دینے والے مجھے شفاء دے)]

دعا برائے شفاء: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ دعا ہر مرض کی شفا کیلئے اپنے کسی فرزند کو تعلیم فرمائی تھی علماء نے اس دعا کی بہت تعریف لکھی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اشْفِنِيْ بِشِفَائِكَ وَدَاوِنِيْ بِدَوَائِكَ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے میرے پروردگار مجھے شفاء دے اپنی شفاء سے اور علاج کر اپنی دوا سے

اہم مجرب نقوش

از تحریر: خضر عباس پیاسی، راجن پور

حروف کے ذریعہ علاج

جسمانی:۔ یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں آپ بھی فائدہ حاصل کریں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔ جسم انسانی چار عنصر سے مرکب ہے آب و خاک باد و آتش اور یہ اٹھائیس حروف ان چاروں عناصر پر حکمران ہیں گویا تمام جسم ان اٹھائیس حروف کے طابع ہے۔

نقشہ حروف

تفصیل	خاکی	آبی	بادی	آتشی	سیارہ
ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے	د	ج	ب	ا	زحل
〃 〃 〃 داہنے بازو پر ہے	ح	ز	و	ہ	مشتری
〃 〃 〃 بائیں بازو پر ہے	ل	ک	ی	ط	مریخ
〃 〃 〃 پشت پر ہے	ع	س	ن	م	شمس
〃 〃 〃 شکم پر ہے	ر	ق	ص	ف	زہرہ
〃 〃 〃 داہنی ران پر ہے	خ	ث	ت	ش	عطارد
〃 〃 〃 بائیں ران پر ہے	غ	ظ	ض	ذ	قمر
	[illegible]	[illegible] پانی	[illegible]	آگ حرارت	تفصیل

سبھی امراض یا سر خصوصاً نفسیاتی یا پاگل پن

سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کے لئے مثلاً بالوں کا گرنا، بال خورا، گنج، کمزوری دماغ، بھولنا، کمزوری حافظہ، درد سر، درد کان و دانت امراض چشم، آواز کا بند ہونا، حلق میں درد ہونا، کل امراض سر کیلئے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر پر بس باندھ دیں۔ دماغی امراض خصوصاً پاگل پن کے لئے ہر روز یہ نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

د	ج	ب	ا
ا	ب	ج	د
ج	د	ا	ب
ب	ا	د	ج

امراض دست راست:۔ داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے شانے تک کسی قسم کا درد تکلیف، داہنے طرف کا فالج وغیرہ کے لئے ساعتِ مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھ دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا دوریائیل بحق ھا

ح	ز	و	ہ
ہ	و	ز	ح
ز	ح	ہ	و
و	ہ	ح	ز

امراض دست چپ:۔ نصف شانے سے الٹے ہاتھ کی انگلی تک کے ہر ہر مرض ہر ہر تکلیف بائیں طرف کے فالج، شانوں کا درد، جوڑوں کا درد، دل کے امراض، گھبراہٹ (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام بیماریوں میں مریخ کی ساعت میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھ دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسماعیل بحق طا

ل	ک	ی	ط
ی	ط	ک	ل
ک	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ک

امراض پشت:۔ درد کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، دق اور اس وقت منی احتلام وغیرہ امراض میں ساعت شمس میں لکھ کر پشت پر کمر میں باندھیں۔ اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا رومائیل بحق میم

ع	س	ن	م
م	ن	س	ع
س	ع	م	ن
ن	م	ع	س

امراض شکم:۔ درد شکم، ناف کا ٹلنا آنتوں کی دق گردے مثانے کی تمام تکلیفات میں یہ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر بندھوائیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا سرحائیل بحق ق

ر	ق	ص	ف
ف	ص	ق	ر
ق	ر	ف	ص
ص	ف	ر	ق

امراض پائے راست:۔ داہنی ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف، عرق النساء، رانگن کے درد وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران میں بندھوائیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اھمنوائیل بحق شین

خ	ث	ت	ش
ش	ت	ث	خ
ث	خ	ش	ت
ت	ش	خ	ث

امراض پائے چپ:۔ بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف بائیں پاؤں میں رانگن کا درد، جوڑوں کا درد وغیرہ میں ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران پر باندھ دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اھرائیل بحق ذال

غ	ظ	ض	ذ
ذ	ض	ظ	غ
ظ	غ	ذ	ض
ض	ذ	غ	ظ

2022ء کے کیلنڈر کی کہانی تاریخ کی زبانی

شہزادہ سید مسعود علی زنجانی

قارئین زنجانی جنتری کیلئے اس تحقیقی مضمون لکھنے کا مقصد ہے کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ انفرادی طور سے بھی آپ اپنی زندگی کے واقعات کو چیک کر سکتے ہیں

1947ء قیام پاکستان سے اب تک **9** کیلنڈر گزرنے کے بعد **2022**ء دسواں کیلنڈر ہے جو ہفتہ کے دن سے آغاز ہوگا۔ ہفتہ کا دن منسوب ستارہ زحل اور **1949**ء تا **2011**ء ہونے والے تمام اہم واقعات تاریخ میں وہ حیثیت نہ رکھتے ہوں گے جو کہ یہ دسواں کیلنڈر اپنا باب رقم کر جائے گا۔ **2022**ء کے کیلنڈر کو ماضی کے جھروکوں میں دیکھا جائے تو **2005**ء میں آصف علی زرداری کے دل کا آپریشن ہو یا **2000**ء میں نواز شریف بمعہ اہل خانہ کی جلاوطنی ہو یا پھر **1994**ء میں مسلم لیگ (ن) پیپلز پارٹی کے چیئرمینوں کی جھڑپ اور الزام تراشی۔ یہی اپنی اپنی جگہ آنے والے **2022**ء کی روداد ہمیں پہلے سے سنانے لگتے ہیں۔ جبکہ سب سے دلچسپ تو **1983**ء کا کیلنڈر ہے جس میں عمران خان کا بیانیہ تھا کہ انہوں نے کبھی سیاستدان بننے کا نہیں سوچا اور آج یوٹرن لیتے ہوئے وزیراعظم کی کرسی تک جا پہنچے اسی طرح **1966**ء میں بھی ذوالفقار علی بھٹو نے وزارت سے استعفیٰ کے بعد خود سے اپنی پارٹی سے سیاست کے میدان میں آنے کا فیصلہ کیا جبکہ **1955**ء پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کا قیام اور **1949**ء میں نیشنل بینک آف پاکستان کا قیام عمل میں آیا ہم وطن عزیز پاکستان کے تاریخی پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے تاریخ دنیا کی بجائے **2022**ء کے کیلنڈر کو پاکستان کی تاریخ کی مناسبت سے اجاگر کریں گے۔

1955: **10** جنوری پی آئی اے کے قیام کا اعلان ہوا، یکم فروری کو صوبہ مغربی پاکستان بنانے کا فیصلہ کیا گیا، **8** فروری سندھ میں جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ **27** مارچ پاکستان میں ہنگامی حالت کے نفاذ کا اعلان، **28** مئی دستور ساز اسمبلی کے قیام کا اعلان، **7** اگست اسکندر مرزا نے قائم مقام گورنر جنرل کا حلف لیا، **11** اگست چوہدری محمد علی نے وزیراعظم کے عہدے کا حلف اٹھایا، یکم ستمبر سوئی کے مقام پر گیس پائپ لائن کا کام شروع ہوا، **19** ستمبر کو اعلان کیا گیا کہ **16** اکتوبر کو گورنر جنرل غلام محمد مستعفی ہوں گے اور قائم مقام گورنر جنرل ہی اگلے گورنر جنرل ہوئے، **21** ستمبر بنگال کو پاکستان سے الگ کرنے کی عوامی لیگ کی دھمکی، **14** اکتوبر ون یونٹ کا قیام۔

1966: **23** جنوری رویت ہلال کے سرکاری اعلان میں تاخیر کے باعث کراچی میں دو عیدیں، **10** جنوری "معاہدہ تاشقند" پر دستخط، **9** اپریل پاکستان بار کونسل کا افتتاح، **30** اپریل اسلام آباد کے نزدیک نیلی (نیلور) کے مقام پر پاکستان کے پہلے ایٹمی ری ایکٹر نے کام شروع کیا، جون میں ذوالفقار علی بھٹو نے وزارت خارجہ سے استعفیٰ دیا اور عوامی پذیرائی دیکھتے ہوئے سیاست کے میدان میں قدم رکھنے کا فیصلہ کیا، **6** ستمبر ملک میں پہلی دفعہ یوم دفاع منایا گیا، ستمبر میں ہی نواب آف کالا باغ نے بھی استعفیٰ دیا اور ان کی جگہ جنرل موسیٰ کو دی جانے کے بعد **18** ستمبر کو جنرل محمد یحییٰ خان کو بری فوج کا کمانڈر انچیف مقرر کیا، **12** نومبر حبیب بنک پلازہ کی بنیاد رکھی گئی۔

1949: **20** جنوری کراچی کے تین اخبارات پر پابندی، **25** جنوری پنجاب اسمبلی کا خاتمہ اور پنجاب میں گورنر راج نافذ، یکم مارچ حکومت پاکستان نے ایک اور دو روپے کے نئے کرنسی نوٹ جاری کیے، **23** فروری قومی ترانہ منتخب کرنے کیلئے جائزہ کمیٹی کا قیام، **24** فروری سندھ کے سابق وزیراعلیٰ ایوب کھوڑو کو ڈھائی سال قید کی سزا، **7** مارچ حکومت آزاد کشمیر مستقل، **30** مارچ فاطمہ جناح میڈیکل کالج کا قیام، **4** مئی کراچی میں تمام جماعت اور پیر پگاڑا صاحب کے معتقدین کا اجتماع، **13** مئی شیخ عبداللہ نے کشمیر کو ہندوستان میں شامل کرنے سے انکار، **20** جون کشمیر کا ڈوگرہ مہاراجہ کے بیٹے کے حق میں دستبردار، **4** جولائی سندھ کی عدالتوں میں قائداعظم کی تصاویر آویزاں کی گئیں، **4** جولائی قومی ترانے کے انتخاب کیلئے ماہرین کی کمیٹیوں کا قیام، **5** جولائی افغانستان نے ڈیورنڈ لائن کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا، **27** جولائی پاکستان اور بھارت نے جموں و کشمیر کی حد بندی لائن کے سمجھوتے پر دستخط کیے، یکم اگست لاہور میں شاہ عالمی بازار کا افتتاح، **21** اگست قومی ترانے کی دھن منظور ہوئی، **18** اکتوبر پبلک سیفٹی ایکٹ کا اجراء، **8** نومبر نیشنل بینک آف پاکستان کا قیام عمل میں آیا، **11** نومبر میجر جنرل محمد ایوب خان کو پاکستان کی بری افواج کا پہلا ڈپٹی کمانڈر انچیف جنرل مقرر کیا گیا۔

1983: یکم اگست عمران خان نے بیان دیا کہ انھوں نے کبھی سیاست دان بننے کا نہیں سوچا۔ بعد میں کسی ایماء پر سیاست میں آئے یا ایک راز ہے؟ مگر نجم شاہ زنجانی نے ان کے سیاست میں آنے کی پیش گوئی 1982ء میں کر دی تھی۔

1994: 24 جنوری قومی اسمبلی میں بے نظیر بھٹو اور نواز شریف میں جھڑپ اور الزام تراشی، 2 مئی کراچی میں امن و امان کی بحالی کیلئے فوج طلب کر لی گئی، 26 جولائی نواز شریف، مشاہد حسین اور 20 مالکان و مدیران اخبارات کے خلاف حکومت کا مقدمہ، 15 اگست اپوزیشن ارکان قومی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹیوں سے مستعفی، نواز شریف نے صدر اور وزیر اعظم کو مستعفی ہونے کا الٹی میٹم دے دیا، 11 ستمبر نواز شریف نے تحریک نجات کا آغاز کیا، 27 ستمبر نواز شریف سمیت 6 رہنماؤں کا سندھ میں داخلہ پر پابندی۔

2000: 6 اپریل کو انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج نے پاکستان کے معزول وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کو دو مرتبہ عمر قید کی سزا با مشقت اور پانچ لاکھ روپے جرمانہ اور تمام جائیداد ضبط کرنے کا حکم سنایا، 10 دسمبر نواز شریف اور ان کے اہل خانہ کی سعودی عرب جلاوطنی، 23 دسمبر نور جہاں کی وفات، 30 دسمبر حمود الرحمن کمیشن رپورٹ کی اشاعت۔

2005: 3 جنوری پاکستان کی بلند ترین عمارت MCB ٹاور کا افتتاح، 24 مئی اداکار رنگیلا کی وفات، 4 جون آصف علی زرداری پر دل کا دورہ اور دبئی کے ہسپتال میں انجیو گرافی، 29 جون جسٹس افتخار محمد چودھری نے چیف جسٹس آف پاکستان کا حلف اٹھایا، 8 اکتوبر پاکستان میں قیامت خیز زلزلہ۔

اہم واقعات: 1916ء میں جب یہ کیلنڈر آیا تو 1914ء کی عالمی جنگ کے مداوے میں گزر گیا، 1944ء میں جب یہ کیلنڈر دوبارہ آیا تو دوسری جنگ اور پورے ہندوستان میں آزادی کی لہر اپنے عروج پر تھی۔ 1972ء میں جب یہ کیلنڈر آیا تو آنے سے پہلے 1971ء میں جنگ کا تحفہ دیا اور 1972ء میں حکومت بکھرے ہوئے شیرازے کو یکجا کرنے میں مصروف رہی۔

2011ء: 04 جنوری گورنر سلمان تاثیر کا قتل 19 جنوری دالبدین بلوچستان میں زلزلے سے ہلاکت اور تباہی 25 جنوری جلوس امام حسینؑ پر لاہور میں خودکش دھماکہ 27 جنوری واقعہ ریمنڈ ڈیوس 02 مئی اسامہ بن لادن کی موت 24 مئی والد آصف علی زرداری (حاکم علی زرداری) کی وفات 26 نومبر نیٹو فورسز کا پاکستانی چیک پوسٹ پر حملہ اور 24 آرمی جوانوں کی شہادت۔

کیلنڈر 2022ء کے متوقع ثمرات

2022ء میں اس کیلنڈر کی آمد پر ہفتے کے دن کے ستارے زحل کی رجعت اور استقامت کے سبب پاکستان میں سیاست کا رنگ بدل سکتا ہے آصف علی زرداری کی مزید خرابی صحت اور نواز شریف کی طرح اہم سیاسی شخصیات کے خلاف سخت عدالتی فیصلے اور جائیداد کی ضبطگی کا حکم آ سکتا ہے اخبارات اور میڈیا کیلئے چیلنجنگ سال قومی اسمبلی میں ایوان اقتدار اور اپوزیشن لیڈران کی جھڑپ اور وزیر اعظم کے خلاف اپوزیشن عدم اعتماد کی تحریک لا سکتی ہے دیگر وزیر اعظم عمران خان کوئی اہم سیاسی کارنامہ انجام دیں تو PDM میں مزید ناانصافی جنم لے 2022ء تمام سال انقلاب اور انقلابی نظام نئے پاکستان کا نعرہ بن سکتا ہے۔ 2022ء میں سیاسی سیلابی تباہ کاریوں کے سبب حکومت وقت بکھرے شیرازے کو یکجا کرنے میں متحرک اور نئے تعمیری اور متعدد عوامی فلاحی پراجیکٹس کی ابتداء عمل میں لا سکے۔ یوں 2022ء عوامی شعور میں بہتری اور اپنے حق کی آگاہی جبکہ سیاسی طور پر ملک پاکستان میں ایک ہنگامی سال ثابت ہو۔

حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

عریضہ کا سائنسی جواز: جینس مشین نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ کا اصل خط / چٹھی آپ ہی کے پاس موجود ہے جبکہ آپ کے پیغامات اسی لمحہ امریکہ، برطانیہ اور دنیا کے تمام کونوں میں اسی لمحہ پہنچ جاتے ہیں۔ "سرکار ولی عصرؑ" جو خدا کے "لاریب" نمائندہ ہیں ان کے حضور نیت اعمال کا روزنامچہ کس قدر تیز رفتاری سے پہنچتا ہے۔ "جناب مالک اشترؓ مولا علیؑ" سے عرض کرتے ہیں۔ مولا میں نے آج آپ کی تعداد کے برابر لوگ فی الفور کیے ہیں۔ مولا علیؑ فرماتے ہیں: اے مالک اشترؓ "میں نے جن لوگوں کو قتل کیا ہے میں نے ان کی نسلوں تک کو چیک کیا ہے کوئی کہیں مومن تو نہیں" ۔ ہمارے مولا (امام زمانہؑ) بھی انہی کی اولاد ہیں جو تمام معاملات کی تہہ تک آگاہ ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض اور شمسی زائچے کے نحس گھر کا ستارہ مشتری یکم جنوری تا 12 اپریل آٹھویں نحس گھر میں رہنے سے جسمانی اور روحانی بیماریوں کو دور کرے گا وہ سرطانی افراد جو کسی سبب طویل عرصہ سے خرابی صحت ذہنی دباؤ یا ڈپریشن قرض یا کسی مقدمہ کی وجہ سے پریشان چلے آرہے ہیں انہیں ان ایام میں ریلیف ملے گی کوئی مسیحا ڈاکٹر مل جانے سے شفا یابی بڑھے گی ستارہ مشتری 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء، 12 سال کے بعد نویں اپنے ذاتی گھر آجانے کے سبب آپ کی ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی میں اضافہ قرض اور مقدمات سے باعزت نجات ملے۔ گزشتہ سال سے جاری خوامخواہ کے مسائل و پریشانیوں سے بھی نجات ملے ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) میں ہونے کے سبب اپنی صحت کو بہتر اور بحال رکھنے کیلئے مناسب ادویہ اور اغذیہ کا استعمال کریں بلا ضرورت قرض لینے سے بھی اعتراض کریں ستارہ مشتری مریخ سعد نظرات 6,5,4,3,2 فروری، 31,30,29,28,27 مئی، 31 اگست، یکم، 3,2 ستمبر بننے سے ملازمت اور کیریئر کے سلسلے میں کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہوں بے روزگار افراد کو اندرون یا بیرون ملک حسب منشاء ذرا سی کوشش سے روزگار مل سکے گا ماتحت کام کرنے والے افراد کی ذمہ دارانہ فرائض و تعاون آپ کی کارکردگی میں اضافہ کا باعث بنے دنیاوی اور روحانی پریشانیوں سے بچنے کیلئے حسب توفیق صدقہ و خیرات وقتاً وقتاً سے ضرور دیتے رہیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور بیت الوراثت کا ستارہ زحل جو گزشتہ سے گزشتہ سال 27 سال بعد آپ کے ساتویں گھر میں چلا آرہا تھا اس سال یہ برج تبدیل کرے گا تاہم 2022ء میں اس کا عارضی قیام یکم جنوری 2022 تا 28 اپریل اور پھر 12 جولائی تا 17 جنوری 2023ء ساتویں گھر میں رہتے ہوئے شادی بیاہ کے معاملات جن سرطانی لڑکے لڑکیوں کی عمر زیادہ ہو چکی ہے یہ سال ان کی شادی کیلئے اہم دکھائی دیتا ہے اس سال شادی کرنے والوں کو شریک حیات نیک اور خوش بخت ملے گا اس سے ان کا نصیب اپنے شریک حیات یا شریک کار سے مل کر بدل سکتا ہے خصوصاً کاروباری شراکتی سنجیدہ نوعیت کے کئے گئے کام نہایت منافع بخش ثابت ہونگے۔ زحل مریخ سعد نظرات 29,28,27,26,25 جون، 30,29,28,27,26 ستمبر، 28,27,26 نومبر، یکم دسمبر بننے سے کاروباری اور شراکتی فوائد یقینی طور سے مل سکتے ہیں تاہم شادی بیاہ کیلئے مارچ، اپریل آخری عشرہ مئی اور پہلا عشرہ جون، پہلا عشرہ اگست، اکتوبر آخری عشرہ نومبر، پہلا عشرہ دسمبر رشتوں کی تکمیل اور شادی بیاہ کے خواہاں افراد کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتے ہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2022ء وراثتی اور مشترکہ مفادات کا حاکم ستارہ زحل کی اس سال بروجی تبدیلی آپ کے ذاتی معاملات کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتی ہے ستارہ زحل اس سال برج تبدیل کرتے ہوئے 27 سال بعد آٹھویں گھر میں آنے سے آسانیاں پائیں 29 اپریل تا 12 جولائی

اور پھر 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک آٹھویں اپنے ذاتی گھر رہتے ہوئے آپ کے پیچیدہ دیرینہ وراثتی مسئلے قانونی یا پنچایتی طریقے سے آبرومندانہ حل ہو سکیں گے۔ اس سال جن افراد کی شادی ہوگی ان کے اپنے شریک حیات کے نصیب سے رزق بے پناہ کشادہ ہو اور شریک حیات کی جانب سے مال و اسباب جائیداد کا حصول بھی ممکن ہے۔ پرائز بانڈ اور لاٹری میں حصہ لینے والے سرطانی افراد آگاہ رہیں کہ 2022ء تا مارچ 2025ء کا بھی زمانہ جزوی طور پر کسی بڑے انعام یا جیک پاٹ ملنے کی نوید ہے انعامی دولت یا غیبی مدد قدرت کی عطا یقیناً شکر سے نعمتیں بڑھتی ہیں اپنے پروردگار کی صبح و شام شکرانہ کی تسبیح ادا کرتے رہیں بزرگوں اور ماں باپ کی دعاؤں سے بھی آپ کا مقدر یاوری کر سکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم: ۔ بیت النصیب اور سفر کا حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء اپنے نویں فطرتی گھر میں آجانے سے آپ کا مقدر سنوار دے گا آپ اپنے مستقبل کو بصد شوق درخشاں بنانے کیلئے ان ہی ایام میں پلاننگ کر سکتے ہیں آپ کی علمی و ادبی اور روحانی ذہنی ارتقائی صلاحیتوں میں اضافہ ہو سکے گا قانونی امور حسب منشاء حل ہو سکیں گے روحانیت کا غلبہ رہے گا بزرگوں یا کسی مرشد کامل کی دعا آپ کا نصیب سنوار سکتی ہے حج و عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے کے خواہاں افراد یہ سعادت حاصل کر پائیں گے ماضی کے تجربات کی روشنی میں اور حالیہ عالمی حالات کے مطابق اپنے بزرگوں کی مشاورت سے اپنے مستقبل کے ابتدائی پروگرام بنانے بھی نیک اور صدقہ جاریہ کے کام ثابت ہونگے۔ 2022ء اس لحاظ سے نہایت اہم ہے کہ یہ سال آپ کی نصیب یاوری کا سال دکھائی دیتا ہے آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ خوش بختیاں اپنی طرف آتی محسوس کریں گے طلباء اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک یا پھر آن لائن حصول علم کو ترجیح دیں گے اس سعادت بھرے سال کو تعلیمی قانونی مذہبی اور روحانی لحاظ سے احسن طریقے سے ترتیب دیں تو آپ ہر وہ خوشی بآسانی پا سکتے ہیں جس کے آپ عرصہ سے متلاشی تھے۔ مشتری مریخ سعد نظرات 28,27,26 جون، 30,29,28,27,26 ستمبر، 28,27,26 نومبر، یکم دسمبر بننے سے نصیب یاوری درخشاں مستقبل کیلئے ہر وہ خوش بخت وسیلہ آپ کو ملے گا جو پہلے ممکن نہ تھا مشتری مریخ نحس نظرات 6,5 اپریل، 9,8,7,6 اگست تا اہم ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) میں جب ہوگا تب جلد بازی اور جذباتی پن سے کام نہ لیں ان ہی ایام میں مشترکہ طور پر صدقہ و خیرات دینا نہایت اچھا عمل ہے جو لوگ عبادت و ریاضت میں مستقل دلچسپی رکھتے ہیں وہ کسی بھی حکمہ پریشانی سے یقیناً بچے رہیں گے خاص طور پر نا گہانی وبائی امراض سے انہیں تحفظ رہے گا۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار: ۔ بیت العزت اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ، 27 جون تا 10 اگست عروج یافتہ ہونے سے کاروباری ذرائع آمدن میں مزید اضافہ پینڈنگ کاروباری امور پھر سے چل پڑیں عجیب و غریب طریقے اور غیر متوقع طور سے کاروباری مفادات وقفہ وقفہ سے ملتے رہیں آپ کی جرأت مندانہ پالیسیاں آپ کو مشکلات پر قابو پانے کی صلاحیتیں عطا کریں معاشی اور کاروباری امور حسب منشاء قابو میں رہیں معاشی کاروباری امور میں کامیابیاں آپ کی سماجی سیاسی حیثیت میں بھی اضافے کا باعث بنیں۔ ستارہ مریخ مشتری و شمس کی سعد نظرات 6,5,4,3,2 فروری، 31,30,29,28,27,24,23,22,12,10,9,8,7,6,5,4,3,2 مئی، 31 جولائی، یکم ,31,2 اگست، یکم ,3,2 ستمبر، 19,18,17,16 اکتوبر، 22,21,20 نومبر بننے سے آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ با اثر حکام سے خوشگوار تعلقات پیشہ ورانہ ملازمتی ذمہ داریوں میں اعلیٰ کارکردگی پر آپ کو بونس یا ترقی کے مواقع ملیں انہی ستاروں کی نحس نظرات 30,29,28 جون، 29,28,27,26,25,24 اگست، 27,26 ستمبر، 29,28,27,9,8,7 دسمبران ہی ایام میں اپنے حاسدین و مخالفین سے ہوشیار رہیں کوئی اہم کاروباری فیصلہ بھی کرنے سے اعتراض کریں اور حسب توفیق صدقہ و خیرات بھی ضرور ادا کریں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد: ۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں چھپے ہونے سے سال کی ابتداء کچھ ملے جلے انداز سے ہو مزید چار اہم ستارے مشتری، زحل اور راہو کیتو کی بروجی تبدیلی آپ کی زندگی کے سوشل سرکل میں خاصی تبدیلیاں رونما ہوں کم ظرف دوست آپ کی زندگی سے نکل جائیں اور ان کی جگہ قدرت اچھے اور مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا آپ کا قدرت کاملہ پر یقین کامل بڑھے 2022ء اس لحاظ سے نہایت اہم

دکھائی دیتا ہے کہ آپ کی بہت ساری دیرینہ خواہشات پوری ہو سکیں یا پھر بدلتے حالات کے تحت ان خواہشات کی ترتیب و تکمیل میں بھی بہتری آئے آپ جس کام کیلئے عرصہ سے دعائیں کرتے چلے آ رہے ہیں قدرت آپ کو اس سے بھی بڑھ کر آپ کی نیک اور معصوم خواہشات کی عزت و آبرو کے ساتھ تکمیل کرا دے مارچ **2022**ء شرف یافتہ راہو اپنی بروجی تبدیلی سے قبل آپ کی کاروباری ترقی کو عروج پر اگرنہ پہنچا سکا تو ترقی کی کئی ایک راہیں کھول دے گا آپ کے حاسد اور مخالف آپ سے حسد تو کر سکتے ہیں لیکن آپ کا خوش بخت نصیب کسی بھی لحاظ سے بچ نہیں سکتے۔ شرف یافتہ زہرہ **27** اپریل تا **23** مئی عروج یافتہ زہرہ **18** جون تا **13** جولائی اور **18** اکتوبر تا **11** نومبر رہنے سے کئی ایک خوشگوار وسائل اور مواقع ملیں تاہم ستارہ زہرہ **23** مئی تا **18** جون وبال یافتہ، **24** ستمبر تا **17** اکتوبر ہبوط یافتہ ہونے سے ان ایام میں محتاط رہیں حاسد آپ کی محنت کو ضائع کرنے کی ناکام کوشش کر سکتے ہیں محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات بھی دیتے رہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ عطارد **2022**ء میں چار مرتبہ رجعت (الٹا) ہوگا **14** جنوری تا **04** فروری، **10** مئی تا **03** جون، **10** ستمبر تا **02** اکتوبر، **29** دسمبر تا **18** جنوری **2023**ء رہنے کے سبب آپ اپنی مشکلات پر اس عرصہ میں باسانی قابو پا سکیں گے اپنے مستقبل اور جاری کاموں میں نظر ثانی کے مواقع ملیں پینڈنگ کاموں کو بھی کسی ترتیب یا سرکل میں مشاورت سے لایا جا سکتا ہے آپ کے حاسد اور مخالف بھی اس عرصہ میں آشکار و زیر ہوں ستارہ عطارد **03** جولائی تا **16** جولائی عروج یافتہ جبکہ **21** اگست تا **26** اکتوبر شرف یافتہ رہنے سے بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے حصول کی کوشش یا امیگریشن اپلائی کرنے کے لئے یہ بھی ایام مجموعی طور پر نیک دکھائی دیتے ہیں اپنے حاسدین اور مخالفین کی نظر بد جادو ٹونہ سے بچنے کیلئے ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے حسب توفیق نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو صدقہ ڈالنا نہایت ہی اعلیٰ صدقہ شمار کیا جا سکتا ہے۔

سرطانی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات:۔ **2022**ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن ہوں گے پہلا سورج گرہن یکم مئی دسویں کاروباری گھر لگنے سے حاسدین و مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی ساکھ کو دیکھتے ہوئے آپ کے خلاف عجیب و غریب سازشیں کر سکتے ہیں اپنے کاروباری معاملات خصوصاً صحت و سلامتی کے تحفظ کیلئے مناسب ادویہ اور اغذیہ کا استعمال اپنے معالج کے مشورہ سے جاری رکھیں ایکسرسائز اور صبح کی سیر آپ کو توانا اور فٹ رکھنے میں مدد دے گی **16** مئی چاند گرہن پانچویں لگنے سے بچوں کی جانب سے تفکرات اور محبت کے معاملات میں شکوک و شبہات اور راز کے افشاں ہونے سے رسوائی کا اندیشہ دکھائی دیتا ہے۔ **25** اکتوبر سورج گرہن چوتھے لگنے سے اہل خاندان کے صدمات اور ٹریفک حادثات اور زمین جائیداد کی خرید و فروخت میں دھوکا دہی نقصان جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں **08** نومبر چاند گرہن پھر آپ کے دسویں گھر میں لگنے سے آپ کی بڑھتی ہوئی عزت اور ساکھ سے حسد میں جلتا لوگ آپ کے خلاف سازشیں شکائتیں نظر بد جادو ٹونہ کرا سکتے ہیں ممکنہ اپنے حاسدین سے محتاط رہتے ہوئے حسب توفیق صدقہ و خیرات دینے کے علاوہ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف و خسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

سعد تواریخ:- 2,3,4,5,6,7,9,11,12,14,16,20,25,27,28,30,31 جنوری، یکم,3,4,6,7,8,9,11,18,19,21,23,25,26,27 فروری، یکم,3,4,5,6,7,9,11,12,13,19,21,22,23,24,26,27,28,29,30 مارچ، یکم,2,3,4,6,7,8,12,13,16,17,22,23,26,27,29 اپریل، 4,6,7,8,14,17,22,23,24,25,27,30 مئی، یکم,4,5,7,8,10,14,17,18,20,21,23,26,27,28,29 جون، یکم,2,4,5,8,11,15,16,17,18,19,20,21,23,24,25,28,29,30 جولائی، یکم,4,9,10,11,15,16,18,20,22,24,25,26,29,30 اگست، یکم,4,5,6,7,8,11,12,14,16,20,21,22,23,25,26,28,30 ستمبر، یکم,4,5,6,9,12,13,14,15,18,19,20,23,24,27,28,30,31 اکتوبر، یکم,3,4,5,6,7,11,14,15,21,22,24,25,28,29 نومبر، 2,3,4,7,11,12,13,15,18,19,20,21,24,25,26,27,29,31 دسمبر۔

نحس تواریخ:- یکم,13,15,17,18,19,21,23,24,26,29 جنوری، 5,10,13,14,16,17,20,22,24 فروری، 8,10,14,15,17,18,25 مارچ، 5,9,10,14,18,19,20,21,24,25 اپریل، 2,3,5,9,10,11,12,13,15,18,20,29 مئی، 6,9,12,13,15,16,19,22,25,30 جون، 3,6,7,9,10,12,13,14,22,26,27,31 جولائی، 3,5,6,7,8,12,14,17,19,21,27,28 اگست، 2,3,9,10,15,17,18,19,24,27,29 ستمبر، 2,3,8,10,16,17,22,25,26,29 اکتوبر، 2,8,9,10,12,16,17,18,23,26,30 نومبر، یکم,6,8,9,16,17,22,23,28,30 دسمبر۔

2022ء جس کا مفرد نمبر **6** ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفاء یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلاناغہ **222** مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دُعا کریں "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَا عَزِیْز"

2022ء آسمانی کونسل پر چار اہم ستاروں مشتری، زحل، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی آپ کی زندگی میں بھی خوشگوار انقلابی تبدیلیاں لے چلا آرہا ہے شرف یافتہ راہو اور کیتو مارچ میں بروج تبدیل کرنے سے پہلے یا آپ کے کاروبار اور رہن سہن میں گزشتہ سال سے جاری مثبت تبدیلیوں کی تکمیل بجالائیں گے انسان کتنا عظیم ہے کہ قدرت نے آسمان پر سورج چاند ستارے بنائے اور پھر ان میں اپنی قدرت کی نشانیاں ڈال کر انسان کے تابع اور تسخیر کر دیے سعد اکبر ستارہ مشتری **12** اپریل تک ساتویں رہتے ہوئے خواہاں افراد کی شادی کے معاملات میں خوشگواری لائے عقد ثانی کرنے والوں کے لئے بھی یہ بھلا سال ہے عروج و زوال کا ستارہ زحل **27** سال بعد آپ کے ساتویں گھر میں **29** اپریل تا **12** جولائی **2022**ء اور پھر **17** جنوری **2023**ء تا **29** مارچ **2025**ء ساتویں گھر میں رہے گا جن اسدی افراد کی شادی میں بہت زیادہ تاخیر ہو چکی ہے یہ بھی رشتہ ازدواج میں نہ صرف دوسری اور تیسری شادی کرنے والے افراد بھی خانگی اور ازدواجی زندگی کی خوشیوں کا سکھ محسوس کر سکتے ہیں کاروباری عزت و ساکھ میں نمایاں اضافہ سماجی و سیاسی اور مذہبی خدمات انجام دینے والے اسدی اپنے اپنے ماحول کے مطابق بے پناہ عزت و توقیر اپنی اعلیٰ کارکردگی سے پائیں سماجی اور سیاسی خدمات کے سبب انہیں اعلیٰ حکام اور بااثر شخصیات سے عزت و پذیرائی ملے **12** سال بعد ستارہ مشتری بھی **13** اپریل **2022** تا **21** اپریل **2023**ء وراثتی شراکتی گھر میں رہتے ہوئے بغیر محنت کے دولت از قسم وراثت انشورنس یا انعامی مقابلوں میں حصہ لینے سے کوئی بڑا انعام پا سکتے ہیں آپ کا حاکم بادشاہ فلک ستارہ شمس **14** اپریل تا **15** مئی شرف یافتہ، **15** جون تا **16** اگست اوج یافتہ، **17** اگست تا **17** ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے ان ایام میں بھی بہت ساری نعمتیں ملنے کا اشارہ ہے۔ تاہم **13** فروری تا **14** مارچ، **16** اکتوبر تا **17** نومبر شمس کی کمزور پوزیشن یکم مئی اور **25** اکتوبر سورج گرہن لگنے سے ان بھی ایام میں احتیاط و صدقہ و خیرات اپنے فطرتی شاہانہ اخراجات کے مطابق بڑھ چڑھ کر دیں آپ کے دیے گئے صدقات و خیرات آپ اور آپ کی فیملی کے تحفظ اور گزشتگان کے لئے باعث برکت اور عالم برزخ میں بلندی درجات کا باعث ہے۔

آپ کی شخصیت: آپ کا شاہانہ برج اسد جس کا حاکم ستارہ شمس بادشاہ فلک کا درجہ رکھتا ہے **2022**ء آپ کی زندگی میں مثبت تبدیلیوں کا سال دکھائی دیتا ہے اس سال کی ابتداء قمر در عقرب سے ہو رہی ہے بارہویں کا حاکم قمر چوتھے گھر میں منزل قلب (جیشٹھا نچھتر) پر ہونے سے اور چاند کے ہمراہ مریخ اور کیتو ہونے سے اہل خانہ و اہل خاندان کے مزاجوں میں آزادی اور بغاوت کے جذبات ابھرنے سے آپ وقتی طور پر خانگی نہ صرف بلکہ کاروباری مشکلات کا شکار بھی ہو سکتے ہیں سعد اکبر ستارہ مشتری ساتویں رہتے ہوئے **13** اپریل **2022**ء تک آپ کو ہمت اور توقیر عطا کرتا رہے خواہ مخواہ کے بگڑے کاموں کو سنوارنے کے لئے آپ کسی ترتیب صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔ یقیناً آپ ایسا کرنے سے پیدا شدہ خانگی خاندانی کاروباری خصوصاً زمین جائیداد کی خرید و فروخت سے پیدا ہونے والے مسائل و پریشانیوں سے بآسانی نکل سکتے ہیں **2022**ء میں بعض مقامات پر آپ اپنے اندر جذباتی پن اور غم

دفعہ چڑچڑا پن بھی محسوس کر سکتے ہیں مناسب ہوگا کہ اپنے جذباتی پن اور غم و غصے پر قابو رکھیں بزرگوں اور ماں باپ کی دعاؤں سے آپ ان بھی عارضی مشکلات سے نکل سکیں گے اسدی افراد کا رجحان سال کے پہلے ماہ جنوری، فروری، مارچ، اپریل میں روحانیت ارتکاز توجہ مراقبہ نماز کی پابندی قرآن فہمی اور نماز شب پڑھنے سے دینی اور روحانی کاموں میں رغبت بڑھے اطمینان قلب کی تقویت بڑھنے سے آپ اپنی دنیاوی زندگی میں بھی متعدد کامیابیاں پا سکیں گے ترقی اور خیر و برکت کیلئے بلا ناغہ استغفر اللہ اور درود پاک کی تسبیحات کسی نماز کے بعد پڑھنا معمول بنالیں سب سے اچھا تحفہ تسبیح فاطمہؑ پڑھنا **34** مرتبہ اللہ اکبر **33** مرتبہ الحمدللہ **33** مرتبہ سبحان اللہ آپ کی خدمت میں ہدیہ ہے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال کا حاکم ستارہ عطارد **2022**ء میں بروج میں اپنی چندرہ پوزیشنیں تبدیل کرے گا یہ سال مالی ذرائع آمدن بڑھانے کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے نئے معاہدے ٹھوس سرمایہ کاری عارضی یا کوئی بڑا انشورنس پلان بھی لے سکیں گے اپنی محنت کی کمائی کو آپ نے صحیح مشاورت سے صحیح جگہ انویسٹ کیا تو مستقبل میں اس کے فوائد یقینی طور پر بڑھ کر ملیں گے خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد **13** جولائی تا **07** اگست عروج یافتہ، **24** ستمبر تا **18** اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کے روزمرہ ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث ہے۔ مختلف معاشی پلان **2022**ء میں آپ کے زیر نظر ہونگے اپنی دولت میں اضافہ کرنے کی قابلیت اور صلاحیت میں اضافہ اور ایسے مالی مشیر جو ذرائع آمدن میں اضافے کے لئے آپ کو مشاورت دیں انکی باتوں پر عمل کرنے سے پہلے اپنے مخلصین سے مشورہ ضرور کرلیں اگرچہ آپ اپنی دلاوری اور دلیری کے تحت مالی رسک لینا بھی عموماً پسند کرتے ہیں عطارد مشتری سعد نظرات **30** اپریل، یکم، **2** مئی، **30,29,28** جون، **19,18,17** اگست، **16,15,14** نومبر بننے سے یہ بھی ایام سرمایہ کاری ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے نیک دکھائی دیتے ہیں جبکہ عطارد مشتری نحس نظرات **26,25,24** جولائی، یکم، **2** اکتوبر، **10,9,8** دسمبر کے ایام ناقص ہونے کے سبب مالی لین دین یا تحریر لکھتے ہوئے محتاط رہیں اور کسی کے دیئے ہوئے لالچ میں آ کر کوئی غلط مالی فیصلہ نقصان کا باعث بن سکتا ہے ان دنوں محتاط روی اختیار کریں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں پانچویں ہمراہ آپ کے طالع کے حاکم شمس کے ساتھ ہونے سے عزیز و اقارب، بہن بھائیوں اور پڑوسیوں سے تجدید مراسم اور ان کی خدمت اور تواضع کے متعدد مواقع ملیں اندرون ملک کی ایک خوشگوار سفر بھی پیش آئیں ستارہ زہرہ **27** اپریل تا **23** مئی شرف یافتہ، **10** جون تا **13** جولائی، **18** اکتوبر تا **11** نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی جانب سے صلہ رحمی اور ایسے غیر متوقع کارہائے نمایاں از قسم توشہ آخرت کے کام انجام پائیں عزیز و اقارب کے فرائض و حقوق کی ادائیگی بجالانے سے بہت ساری دعائیں آپ کو ملیں یوں تو دعا کا کوئی رنگ نہیں ہوتا لیکن جب لگتی ہے تو رنگ لگا دیتی ہے۔ **2022**ء مندرجہ بالا بھی حوالہ سے خوشگوار دکھائی دیتا ہے تاہم ستارہ زہرہ **24** ستمبر تا **18** اکتوبر ہبوط یافتہ، **11** نومبر تا **05** دسمبر وبال یافتہ ہونے سے اندرون ملک کے گئے سفر منفعت بخش ثابت نہ ہوں ان ایام میں سفر کرنے سے پہلے حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ اپنے ہی گھر میں **15** جنوری تک عروج یافتہ ہمراہ شرف یافتہ کیتو مقابل راہو ہونے سے خاندانی خانگی مصروفیات میں ابتدائے سال سے ہی اضافہ رہے گا تاہم بارہویں نحس گھر کا حاکم ستارہ قمر (قمر در عقرب) یہاں ہونے سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی خانگی خاندانی خوشیوں کو دیکھتے ہوئے حاسدین مخالفین آپ پر نظر بد جادو ٹونہ اور سازشوں کا سلسلہ کر سکتے ہیں تاہم ستارہ شمس اور مشتری کی ابتدائے سال میں سعد پوزیشن ہونے سے آپ ان بھی سازشوں کا مقابلہ کرنے کی پوزیشن میں ہونگے اپنے گھر کی خیر و برکت کیلئے چالیس دن تک نماز فجر کے بعد سورۃ البقرہ کی تلاوت کریں یا اس کی آڈیو لگا کر برابر میں دم ہونے کے لئے پانی کا پیالہ رکھیں تلاوت مکمل ہونے پر دعاؤں کے بعد دم شدہ پانی سب گھر والوں کو پلائیں اور اس پانی کا اپنے گھر اپنی کاروباری جگہ اور اپنی سواری پر چھڑکاؤ بھی کریں یہ معمولی سی زحمت آپ کو بہت ساری ناگہانی آفات و بلیات نظر بد جادو ٹونہ سے تحفظ کا باعث ہے اور وہ اسم اعظم کا نقش منسوب امیر المومنین منگوا کر گھر یا کاروباری جگہ فریم کروا کر لگانا بھی باعث برکت ثابت ہوگا۔ ستارہ مریخ **26** فروری تا **07** اپریل شرف یافتہ، **27** جون تا **10** اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے زمین جائیداد کی

خرید و فروخت رہائشی تزئین و آرائش اور اپنی اور اپنی فیملی کی جسمانی اور روحانی صحت کو بحال رکھنے کیلئے آپ اپنے گھر میں کوئی متی جم اور عبادت اور ریاضت کیلئے اپنے مالک سے لو لگانے کیلئے اپنے گھر میں کوئی مخصوص جگہ پسند کریں اہل خانہ کے ساتھ تفریحی مواقعوں کے ساتھ اندرون خانہ پورا سال وقفہ وقفہ سے مہمانوں کی آمد و رفت رہے زراعت اور باغبانی سے تعلق رکھنے والے اسدی افراد زرعی سائنسی اصول اپنانے سے بے حد نفع پا سکتے ہیں مریخ شمس سعد نظرات 02 تا 12 مئی، 19,18,17,16 اکتوبر ان ایام میں زمین جائیداد اور حسب حیثیت سواری کی خرید و فروخت اور رہائشی تزئین و آرائش جیسے بھی پسندیدہ کام حسب منشا انجام پائیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد انعام محبت کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 2022ء میں 12 سال کے بعد ساتویں سے آٹھویں گھر 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء تک یہاں رہتے ہوئے پسند اور محبت سے شادی انعامی فوائد خصوصاً مئی تا دسمبر یہ بھی ایام اسٹاک ایکسچینج پرائز بانڈ انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے کے لئے نیک دکھائی دیتے ہیں تاہم 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (اُلٹا) کے سبب قدرے محتاط روی اپنانے کا بھی اشارہ ہے صاحب اولاد اسدی افراد کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت شادی بیاہ کی خوشیاں بھی نصیب ہو سکتی ہیں بشرطیکہ آپ کے بچے عمر کے اس حصہ میں پہنچ چکے ہوں۔ مشتری شمس سعد نظرات 24,23,22 مئی، 31 جولائی، یکم، 2 اگست، 22,21,20 نومبر بننے سے یہ مجموعی ایام اولاد انعام محبت کے لئے خوش کن اور نمایاں دکھائی دیتے ہیں۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹری میں دلچسپی لینے والے اسدی افراد ان تواریخ میں حصہ لیں 24,23 جنوری، 7,6,5,4, 22,21,20 مارچ، 28,27,26,4,3,2 اپریل، 24,23,22,21,20,19,18 مئی، 21,20,19 جون، 31,24,23,17,16 جولائی، یکم، 2 اگست، 23 ستمبر، 22,21,20,17,16,10,9,8,7 نومبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت"** کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اپنے ہی گھر میں رہتے ہوئے اس سال 29 اپریل تا 12 جولائی برج تبدیل کرے گا جبکہ یکم جنوری تا 28 اپریل، 12 جولائی تا 17 جنوری 2023ء چھٹے گھر میں ہونے سے کیرئیر ملازمت میں اعلیٰ مواقع عطا کرے گا فرائض کی ذمہ دارانہ انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے گا آپ اپنی صحت کے معاملہ میں خاصے احتیاط طلب ہو جائیں گے اور مناسب ادویہ و اغذیہ کے استعمال سے آپ کی صحت جسمانی بہتر اور بحال رہے گی زحل کی چھٹے موجودگی جہاں صحت و صفائی کا شعور اجاگر کرے وہیں آپ پر لازم ہے کہ اپنا میڈیکل چیک اپ خصوصاً اپنی سالگرہ کے قریب ضرور کروا لیں اسدی افراد کو خصوصاً کیسٹرول، بلڈ پریشر، ذیابیطس، جلدی امراض اور خصوصاً امراض قلب جیسے ٹیسٹ کروانے کا مخلصانہ مشورہ ہے۔ زحل شمس سعد نظرات 14,13,12 اپریل، 17,16,15 جون، 13,12,11 اکتوبر، 14,13,12,11 دسمبر صحت و ملازمتی کیرئیر ذمہ دارانہ فرائض سے عزت و شکوہ میں اضافہ جبکہ زحل شمس نحس نظرات 17,16,15,14 مئی، 15,14 اگست، 10 ستمبر، 12,11,10 نومبر اس بات کا اشارہ ہے کہ اپنی جسمانی و روحانی صحت کو بحال رکھنے کیلئے کسی اچھے روحانی معالج سے مسلسل رابطے میں رہیں ہلکی پھلکی بلاناغہ ورزش کرنے سے آپ کی صحت جسمانی یقیناً بہتر اور بحال رہے گی۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 29 اپریل تا 12 جولائی، 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک ساتویں اپنے ذاتی گھر میں رہے گا یہ عروج و زوال اتوا اور رکاوٹوں کا ستارہ نیک و عروج یافتہ ہونے سے جبکہ یکم جنوری تا 13 اپریل شادی کا فطرتی کارک سعد اکبر ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے آپ کے ساتویں گھر میں چلا آ رہا ہے یہ 13 اپریل کو یہاں سے نکل کر آٹھویں آ جائے گا ہر دو اہم ستاروں کی نشست اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اسدی لڑکے لڑکیاں یا مرد و زن جو شادی کے خواہاں ہوں خواہ ان کی عمر 18 سے

60 سال تک ہی کیوں نہ ہوان کی یقینی طور پر شادی خانہ آبادی ہو سکے گی اور عقد ثانی کرنے کے خواہاں بھی اس سال خانگی وازدواجی خوشیوں سے لطف اندوز ہو سکیں گے جلد پسندیدہ جگہ شادی ہونے کیلئے نگینہ زمرد یا فیروزہ چاندی یا پلاٹینم میں (خواتین سونا) میں جڑوا کر دو نفل شکرانے کے ادا کر کے پہننا نیک رہے گا۔ جن افراد کی اس سال شادی ہوگی انہیں اپنے شریک حیات کے نصیب سے مالی ومادی فوائد بھی ملیں کاروباری اور شراکتی تعلقات جو اس سال استوار پائیں گے پایہ تکمیل تک پہنچیں گے۔ زحل زہرہ مشتری سعد نظرات 30,29,28,27 مارچ، 30 اپریل، یکم ,2,23,24,25 مئی، 30,29,28 جون، 14,13,12 جولائی، 19,18,17 اگست، 15,14,13 اکتوبر، 16,15,14 نومبر، یکم ,2,3 دسمبر بننے سے یہ بھی ایام منگنی شادی رشتہ طے ہو جانے کیلئے خانگی وازدواجی خوشیوں کا باعث بنتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں تاہم نیک وقت نکاح کا تعین کسی صاحب علم سے ضرور کروالیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور بیت الاولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد اپنے ثانوی ذاتی برج میں 13 اپریل 2022 تا 21 اپریل 2023ء تک یہاں رہتے ہوئے شراکتی وراثتی غیر متوقع فوائد دلائے اس سال جن احباب کی شادی ہوگی انہیں اپنے شریک حیات کے نصیب سے مالی ومادی فوائد یقینی طور سے ملیں یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں سے بھی نفع حاصل ہوگا ان ایام میں پرائز بانڈ یا انٹرنیشنل لاٹری سے آپ کا کوئی بڑا انعام بھی لگ سکتا ہے حسب منشاء انشورنس کلیم ملنے کے علاوہ دیرینہ وراثتی قانونی امور پنچایتی طور سے بھی آبرومندانہ طریقے سے حل ہو سکیں گے ان ہی سعادتوں کے حصول کے لئے 24,23,22 مئی، 31 جولائی، یکم ,2 اگست، 22,21,20 نومبر یہ بھی نیک ایام بھی مندرجہ بالا کاموں کیلئے نیک دکھائی دیتے ہیں۔ اسم اعظم یا نافع 201 مرتبہ ان ہی نیک مقاصد کیلئے روزانہ پڑھنا نفع بخش ثابت ہوگا۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ اپنے سعد ایام میں 2022ء میں نفع دے چار اہم ستاروں مشتری، زحل، راہو، کیتو کی تبدیلی کاروباری اغراض ومقاصد کے سفر خاطر خواہ انداز سے نفع بخش ثابت ہوں ایسے بیرون ملک کاروباری معاہدے یا وعدے کرنے مناسب نہ ہونگے جنہیں آپ پورا نہ کر سکیں اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک جانے والے طلباء اس چیلنج کے ساتھ اعلیٰ تعلیم کیلئے سفر کریں کہ وہ اپنا گول اچیو کر کے ہی واپس لوٹیں گے ہائیر ایجوکیشن کیلئے بیرون ملک فل یا ہاف اسکالرشپ بھی انہیں آسانی سے مل سکتی ہے ستارہ مریخ 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ جبکہ 27 جون تا 10 اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے بیرون ملک حصول روزگار کیلئے جانے والے افراد بھی اپنے مقصد کو ان ایام میں بآسانی پا سکتے ہیں حج وعمرہ اور زیارات پر جانے والے احباب اپنی نیک روحانی خواہش کی بھی کوشش سے تکمیل اس سال پا سکتے ہیں۔ ستاروں کی اہم بروجی تبدیلی مستقبل کی مشاورت اور سوچ سمجھ کر منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت کو اہمیت دیں۔ مریخ مشتری سعد نظرات 6, 5,4,3,2 فروری، 31,30,29,28,27 مئی، یکم ,2,3 ستمبر بننے سے آپ پر عزم حوصلہ مندی سے اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے کوشاں رہیں قانونی مشاورت کے ساتھ ساتھ آپ کو والدین بزرگوں مخلصین کی دعاؤں کے علاوہ کسی مرشد کامل کی دعا ملنا آپ کا مقدر سنوار دے دعا کا اگرچہ کوئی رنگ نہیں ہوتا مگر لگ جائے تو رنگ لگا دیتی ہے۔ آسمانی کونسل پر بننے والے ستارے اس بات کا اشارہ ہیں کہ 2022ء آپ کیلئے نصیب یاوری کا سال ثابت ہو سکتا ہے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ سال سے شرف یافتہ راہو آپ کے کیرئیر کے گھر میں رہتے ہوئے اس سال 19 مارچ کو یہاں سے نکل کر گیارہویں گھر میں چلا جائے گا اپنے کیرئیر کی بہتری و ترقی کیلئے جن نیک کاموں کا آغاز ایک نئے جذبہ وولولہ سے آپ نے کیا ہے اس کے اچھے ثمرات اب آپ کو ملنے لگیں گے 2022ء میں کیتو، زحل، مشتری بھی برج تبدیلی کریں گے ستاروں کی اس اہم تبدیلی سے آپ کے پیشہ ورانہ کیرئیر کاروبار میں بھی مثبت تبدیلیاں آئیں گی ان ہوئی تبدیلیوں کو ناپسندیدہ محسوس کریں تاہم آئندہ آنے والے ایک دو سالوں میں ان تبدیلیوں کے اچھے ثمرات آپ یقیناً محسوس کریں آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنے ماضی کے تجربات ومشاہدات مخلصین اور ہم خیال کاروباری حضرات سے آپ مشاورت

اور احتسابی عمل سے گزر کر اپنے کیریئر کو درخشاں بنانے میں مصروف عمل رہیں گے آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے پیشہ ورانہ عزت اور توقیر میں اضافہ حکام اور بااثر افراد سے قریبی تعلقات ملازمتی ترقی تبدیلی کاروبار یا تبدیلی ملازمت کے بھی امکانات پائے جاتے ہیں آپ کی شخصیت اپنے حلقہ احباب میں دوسروں کیلئے ہمت و حوصلہ کا باعث بنے۔ زہرہ عطارد مشتری سعد نظرات 22,21 مارچ، 30,28,27,26,19,18,17,16 اپریل، یکم ,21,20,19,18,7,6,5,2 مئی، 30,29,28,21,20,19 جون، 24,23 جولائی، 19,18,17 اگست، 27,26 ستمبر، 25,24,23,22,18,17,16,15,14 نومبر، 30,29,28 دسمبر بننے سے ہر قسم کے کاروباری اغراض و مقاصد میں آپ کو کامیابیاں ملیں گزشتہ کاروباری نقصان کا ازالہ بھی ممکن ہو سکے۔ آپ کی عزت اور ساکھ میں یقینی طور پر اضافہ ہو خوش بختی کے اس عمل کے تسلسل کو برقرار رکھنے کیلئے محنت کے ساتھ ساتھ اپنے حاسد اور مخالفین سے بھی محتاط رہیں خصوصاً انہی کواکب کی نحس نظرات 3 مئی، یکم ,26,25,24,9,8 جولائی، 20,4,3,2 ستمبر، یکم ,12,2 اکتوبر، 10,9,8,7,6,5 دسمبر ان نحس ایام میں کاروباری معاہدے لین دین کرتے وقت محتاط رہیں انہی دنوں کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت کیے گئے سفر بھی فائدہ مند ثابت نہ ہوں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال چھٹے نحس گھر میں یکم تا 06 مارچ اس کا قیام دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں جائیداد کی خرید و فروخت اور کاروباری مفادات ان ایام میں قابل توجہ ہوں گے کسی کم ظرف قریبی ساتھی کی جانب سے نقصان یا دھوکا دہی کا اندیشہ بھی بعید از قیاس نہیں ستارہ عطارد 2022ء میں چار مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر 14 جنوری تا 04 فروری، 10 مئی تا 03 جون، 10 ستمبر تا 02 اکتوبر، 29 دسمبر تا 18 جنوری 2023ء یہ بھی مندرجہ بالا ایام خواہشات کی تکمیل دوستوں سے توقعات و تعلقات اور کاروباری فوائد کے علاوہ زمین جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے بھی احتیاط کے طالب ہیں۔ ستارہ عطارد 02 جولائی تا 16 جولائی اوج یافتہ، 21 اگست تا 26 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کی صلاحیتوں میں نکھار دانشور اور ذہین لوگوں سے اعلیٰ درجے کی مشاورت ملے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں چوتھے بمعہ کیتو اور مریخ ہونے سے اپنے گھر کاروباری جگہ اور وقتاً فوقتاً نظر بد سفلی اور سحری عملیات جادو ٹونہ محسوس کریں تو سورۃ البقرہ کی چالیس دن تلاوت اسم اپنے گھر میں کر کے دعائیں کریں دم شدہ پانی پئیں اور اپنے گھر میں سپرے بھی کریں۔ بعض اسدی قرآن پاک کے ترجمہ و تفسیر سے بھی راہنمائی پا سکیں۔

اسدی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2022ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے یکم مئی سورج گرہن نویں لگنے سے قانونی مذہبی معاملات اور خصوصاً بیرون ملک کاروباری سفر احتیاط طلب ہوں گے 16 مئی چاند گرہن چوتھے لگنے سے خانگی خاندانی اچانک کاروباری مسائل پیش آنے کا خدشہ 25 اکتوبر سورج گرہن لگنے سے اپنی صحت اور روزمرہ کے جاری معاملات میں نظر ثانی سے کام لیں 08 نومبر چاند گرہن پھر نویں لگنے سے بیرون ملک سفر قانونی امور میں رکاوٹیں پیش آنے کے خدشات دکھائی دیتے ہیں ان ایام میں چاول کا ٹوٹا اور باجرہ بہترین صدقہ و خیرات ہے اور دو نفل نماز کسوف و خسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 28,23,18,12,9,7,2 جنوری، یکم ,26,21,11,6,5 فروری، 27,23,18,13,7,5,2 مارچ، یکم ,26,21,13,12,6,3 اپریل، 30,25,23,22,20,11,7,6 مئی، 23,18,16,10,5 جون، 28,23,18,17,9,4 جولائی، یکم ,27,22,16,7,3 اگست، یکم ,30,26,23,20,15,6 ستمبر، 30,23,20,18,15,12,5 اکتوبر، 28,24,21,19,16,14,11,3 نومبر، 27,23,19,13,12,3 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 25 جنوری، 24,16,8 فروری، 25,10 مارچ، 23,16,9 اپریل، یکم ,16,15,9 مئی، 29,21,14,7 جون، 20,13,7 جولائی، 19,14,12,5 اگست، 27,18,10,3 ستمبر، 25,17,10,3 اکتوبر، یکم ,30,8 نومبر، 30,22,16,8 دسمبر۔

2022ء جسکا مفرد نمبر 6 ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفاء یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلاناغہ 222 مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دُعا کریں ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَا عَزِیْز''

2022ء آسمانی کونسل پر شمسی زائچے میں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو بروج تبدیل کریں گے ان ستاروں کی بروجی تبدیلی آپ کے حالات و واقعات میں تبدیلیاں لائیں گے روزگار اور کیریئر کے معاملات بھی بدل سکتے ہیں 2022ء مالی کاروباری معاشی پلاننگ کیلئے ایک اہم سال دکھائی دیتا ہے صحت و صفائی کے معاملات قابل توجہ اچھے ڈاکٹر یا معالج کی مشاورت سے آپ اپنی اور اپنی فیملی کی حفظان صحت کو بہتر رکھ پائیں اہم کاروباری میٹنگز مذہبی اور سیاسی اجتماعات میں حصہ لینے سے آپ کی عزت و توقیر اور آپ کے علم میں اضافہ ہوگا ستارہ مشتری 12 سال بعد طالع کے مقابل برج حوت میں عروج یافتہ 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء تک رہتے ہوئے آپ کی زندگی میں اچھے لوگوں سے پارٹنرشپ اور تعلقات استوار ہو سکیں گے۔ 2022ء شادی شراکت ازدواجی خوشیوں کیلئے نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے 2022ء میں دوسرے سے بننے والے تعلقات نہایت اہم جذباتی اور قابل عزت ہونگے ان میں صدق خلوص سچائی کا پہلو نمایاں دکھائی دیتا ہے خاندان میں اضافہ خانگی خوشیاں خصوصاً سنبلی افراد کو جن کی شادی میں کسی وجہ سے تاخیر چلی آرہی ہے ان کی اور دیگر عام خواہاں لڑکے لڑکیوں کی پسندیدہ جگہ شادی ہو جانے کے روشن امکانات دکھائی دیتے ہیں 2022ء میں بننے والے تعلقات دیرپا مخلصانہ اور قابل عزت ثابت ہونگے سماجی سیاسی مذہبی مصروفیات اپنے ماحول کے مطابق خاصی رہیں گی اور آپ اس سے دلی اطمینان اور سکون کی کیفیت بھی محسوس کریں گے۔ کیریئر اور پیشہ ورانہ معاملات 2022ء تا مارچ 2025ء نہایت اہم رہیں گے کاروباری ملازمتی ہجرت یا کسی نئے کام کی ابتداء کرنا باعث برکت ثابت ہوگی خصوصاً وہ لوگ جو کام نہ ملنے کا گلہ کرتے رہتے ہیں انہیں پسندیدہ روزگار میسر آئے گا لیکن جو لوگ کام چور ہیں ان کیلئے ہم دعا ہی کر سکتے ہیں قدرت ان کا رزق کشادہ کرے 2022ء میں اپنی ہمت اور حوصلہ کو بڑھانے کیلئے سید الملائکہ حضرت جبرائیل کا شعر ''شاہ مردان شیر یزدان قوت پروردگار لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار'' 110 مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے لئے دُعا کرنا معمول بنالیں۔

آپ کی شخصیت:۔ 2022ء طالع اور دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد زحل کے ہمراہ پانچویں 05 مارچ 2022ء تک رہنے سے صاحب اولاد افراد کی زیادہ تر توجہ اور دلچسپیاں اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت ان کی شادی بیاہ کی طرف رہیں گی سنبلی افراد کا رجحان علم و ادب قرآن فہمی اور خصوصاً جدت زمانہ کی مختلف تعلیمات کے علاوہ صحت و صفائی حفظان صحت کی طرف رہے گا اس سال ماضی میں آپ نے حفظان صحت کے جو اچھے اصول سیکھے ہونگے انہیں دوسروں تک پہنچانے کی ممکنہ کوشش کریں آپ کا حاکم ستارہ عطارد 2022ء میں چار مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر 14 جنوری تا 04 فروری، 10 مئی تا 03 جون، 10 ستمبر تا 02 اکتوبر، 29 دسمبر تا 18 جنوری 2023ء ہونے سے آپ ان دنوں اپنے اہم فیصلے مشاورت سے کریں ممکنہ گزشتہ سالوں کے پینڈنگ کاموں کو آگے بڑھانے اور از سر نو ترتیب دیکر انہیں انجام دینا اس سال بآسانی ممکن ہو سکے گا۔ انہی ایام میں حسب توفیق سبز اشیاء یا پانچ سبز

گولیاں پانی میں ڈبو کر علی الصبح جھاڑیوں یا درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو ڈالنا نہایت نیک آسان صدقہ ثابت ہوگا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2022ء آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی مالی ذرائع آمدن اور معاشیات کے حوالے سے 2022ء ایک اہم سال دکھائی دیتا ہے سال کے پہلے تین ماہ اپنے وسائل میں رہتے ہوئے معاشی پلاننگ کر لی گئی تو آپ ممکنہ آئندہ آنے والے مہینوں میں بہت ساری غیر متوقع مالی اخراجات کو کنٹرول کرنے کی پوزیشن میں ہونگے اکیس مارچ سال بھر کیلئے کیتو آپ کے خانہ مال میں 18 سال کے بعد آنے سے مالی اُتار چڑھاو کا اشارہ دیتا ہے اسراف کرنے والے سنبلی افراد کو بتائے دیتے ہیں کہ انہیں فنانشلی اُتار چڑھاوے واسطہ پڑسکتا ہے کسی غلط جگہ سرمایہ کاری کاروباری میں رقم کا رُک جانا اور مالی نقصانات کا ہوجانا بعید از قیاس نہیں۔ اپریل تا دسمبر آپ کا جذباتی پن جو آپ دوسروں پر نکالنے کی کوشش کریں اس سے اور اُلٹے مالی نقصانات اور تعلقات میں خرابی پیش آسکتی ہے۔ ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے اس عرصہ میں ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں خصوصاً زہرہ عطارد سعد نظرات 19,18,17,16 اپریل، 7,6,5 مئی، 27,26 ستمبر، 25,24,23,22,21,20,19,18 نومبر، 30,29,28 دسمبر بننے سے کاروباری و دیگر معاشی اور مالی معاملات بہتر کیے جاسکتے ہیں ٹھوس سرمایہ کاری جزوقتی یا طویل المعیاد کرنی نیک رہے گی۔

عزیز و اقارب و اندرون ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور اندرون ملک سفر کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں اپنے ہی گھر ہمراہ شرف یافتہ کیتو ہونے سے پہلے تین ماہ عزیز و اقارب سے تعلق کیلئے اہم دکھائی دیتے ہیں قمر در عقرب کا یہاں ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ اندرون ملک کوئی اہم سفر کرنے سے پہلے حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں اور یہ عمل پورا سال جب بھی سفر کریں اپنالیں عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی آپ سے بہت ساری توقعات وابسطہ ہونگی آپ انہیں ممکنہ صلہ رحمی کے تحت پورا کرنے کی کوشش کریں بزرگوں کی خدمت اور خصوصاً آپ کے والد بزرگوار حیات ہوں تو انکی ممکنہ خدمت کو ترجیح دیں اور جنکے بزرگوار حیات نہیں وہ ان کی عالم برزخ میں بلندی درجات کیلئے حسب توفیق ہر جمعرات جمعہ کو صدقہ دیں۔ ستارہ عطارد مریخ کی سعد نظرات 9,8 اپریل، 25,24,23 مئی، 6,5,4 جولائی، 27,26 اکتوبر بننے سے آپ کے ہاتھ سے اپنے عزیز و اقارب پڑوسیوں کی خدمت کیلئے کچھ ایسے صدقہ جاریہ کے کام انجام پائیں گے جن سے آپ کو ذہنی سکون اور سکھ ملے گا مریخ عطارد نحس نظرات 27,26 جولائی، 30,29 نومبر بننے سے ٹریفک حادثات کا اندیشہ اندرون ملک غیر ضروری سفر سے بھی اجتناب برتیں اور حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2022ء چوتھے اور ساتویں گھر کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 12 سال بعد ساتویں اپنے ثانوی ذاتی برج میں 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء آنے سے خانگی خاندانی معاملات میں خوشگوار تبدیلیاں رونما ہونگی زمین جائیداد کی خرید و فروخت زراعت باغبانی رہائشی تزئین و آرائش حسب حیثیت سواری کا مل جانا یہ بھی خوشگوار امور 2022ء میں ممکن ہوتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں سال کے پہلے تین ماہ ملے جلے اس کے بعد پورا سال مجموعی طور پر خوشگواری اور بہتری محسوس کریں مشتری عطارد سعد نظرات 22,21,20 مارچ، 28,27,26 اپریل، 21,20,19,18 مئی، 21,20,19 جون، 24,23 جولائی، 17,16 نومبر بننے سے اندرون خانہ مہمانوں کی آمد و رفت گھر کی رونقیں بحال رہیں انہی ایام میں ہجرت کرنا یا کسی نئی جگہ شفٹ ہونا بھی باعث برکت دکھائی دیتا ہے ایسے سنبلی افراد جو بیرون ملک سے پاکستان واپس وطن اور یہاں سے بیرون ملک جانے والے ہر دو سنبلی افراد کیلئے ایک اچھا وقت دکھائی دیتا ہے۔ ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) ہونے سے بزرگوں اور خصوصاً والدہ کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں ان ایام میں پراپرٹی کا لین دین اور جلد بازی میں کئے گئے اس نوعیت کے فیصلے نقصان کا باعث بن سکتے ہیں خصوصاً مشتری عطارد نحس نظرات کیم، 9,8 جولائی، 20,4,3,2 ستمبر، 12 اکتوبر، 7,6,5 دسمبر بننے سے یہ بھی ایام بھی مندرجہ بالا امور کیلئے احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں ان ایام میں حسب توفیق صدقہ و خیرات دینا یا پھر بروز جمعرات کسی مسجد یا مزار کے جھاڑو کش کی حسب توفیق خدمت کرنا باعث رد مشکلات ثابت ہوگا۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زحل جو 27 سال بعد اپنے ذاتی گھر میں مقیم ہے اس سال یہ برج تبدیل کرے گا تاہم اس کی سعادت یکم جنوری تا 29 اپریل، 17 جولائی تا 17 جنوری 2023ء تک پانچویں گھر رہتے ہوئے صاحب اولاد افراد کو کمتہ خوشیوں سے نوازے گا اپنے بچوں کی کامیابی پر آپ کا سر فخر سے بلند اس کے علاوہ معاملات الفت و محبت اور انعامی مقابلوں میں یا اسٹاک ایکسچینج کے شیئرز میں دلچسپی لینے سے غیر متوقع فوائد مل سکتے ہیں آپ کی ذہنی و تخلیقی اور تجدید و صلاحیتوں میں اضافہ ہو سکے گا مجموعی طور پر اولاد و انعام محبت جیسے بھی خوش کن امور کیلئے 2022ء ایک عمدہ سال دکھائی دیتا ہے۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے دسنبلی افراد 2022ء میں ان ایام 2,3,27,28,29,30 مارچ 7,8,16,17,18,19 اپریل، 5,6,7,23,24,25 مئی، 2,3,12,13,14 جولائی، 25,26,27 ستمبر، 13,14,15,22,23 اکتوبر، 18,19,20,21,22,25,26,27,28,29,30 نومبر، یکم,2,3,28,29,30 دسمبر سعد نظرات بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل سکے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت"** کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ھذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل 2022ء میں 29 اپریل تا 17 جولائی، 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء چھٹے گھر میں آنے سے صحت وتندرستی کے معاملات نہایت اہم ہونگے ارضی وسماوی امراض سے بچنے کیلئے 2 قطرے روزانہ کلونجی آئل پانی میں ملا کر 70 مرتبہ سورۃ الفاتحہ دم کر کے پینا جسمانی اور روحانی شفایابی بحالی کیلئے اچھا عمل ثابت ہوگا یہی عمل آپ اپنی فیملی کو بھی کرنے کی تاکید کر سکتے ہیں 2022ء ملازمت اور پیشہ ورانہ معاملات کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے غیر ذمہ دارانہ فرائض کی ادائیگی شوکاز نوٹس تنزلی یا پھر ملازمت کے خاتمہ کا باعث بن سکتی ہے آپ پر لازم ہے کہ 2022ء کو نہایت ذمہ داری سے انجام دیں۔ ستارہ زحل 05 جولائی تا 23 اکتوبر رجعت (الٹا) میں ہونے کے سبب اپنا میڈیکل چیک اپ ضرور کروائیں خواہ آپ کی عمر 40 سے کم ہو یا زیادہ اپنا بلڈ پریشر، کیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس کا چیک اپ ضرور کروائیں ذہنی اور نفسیاتی مسائل اور پریشانیوں سے بچنے کیلئے سب سے آسان طریقہ تمام دن باوضو رہیں اور نماز پنجگانہ کی پابندی کرتے ہوئے شکر بجالائیں یقیناً شکر سے نعمتوں میں اضافہ ہو سکے گا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد اپنے ذاتی گھر میں 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء رہتے ہوئے آپ کا نصیب سنوار دے گا سعد اکبر ستارہ مشتری کا اپنے گھر میں آنا ایک نہایت خوش کن وقت ہے۔ اس سال کا آسمانی کونسل پر یہ اہم واقعہ دکھائی دیتا ہے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی باسانی شادی خانہ آبادی ہو سکے گی ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی کا نیک عمل ممکن ہو سکے گا خواہ ان کا مقدمہ عدالت یا کسی پنچائیت میں آخری حد تک پہنچ گیا ہو زیادہ عمر کے مرد و زن اور عقد ثانی کرنے والے افراد کیلئے بھی خوش کن وقت دکھائی دیتا ہے اندرون ملک یا بیرون ملک انہیں حسب خواہاں شادی کے مواقع ملیں گے اس سال شادی کرنے والوں کو خوش بخت اور خوش نصیب لائف پارٹنر ملتا ہوا دکھائی دیتا ہے (حوا کو آدم) ملنے پر اور (آدم کو حوا) ملنے پر اس نعمت کا شکر ادا کریں یقیناً شکر سے نعمتوں میں اضافہ ہوتا ہے ستارہ مشتری 29 جولائی تا 11 نومبر رجعت (الٹا) میں رہے گا ان ایام میں شادی کرنے سے قبل حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں کیا ہی اچھا ہو کہ شادی سے قبل کسی اچھے صاحب علم سے نیک وقت نکاح کا تعین ضرور کروالیں ستاروں کا مشورہ ہے کہ پسند کی بجائے ارینج میرج کو بزرگوں کی دعا سے ترجیح دی جائے۔ اس سال خانگی ازدواجی خوشیوں میں اضافہ اور جلد شادی ہو جانے کیلئے ہر جمعرات حسب توفیق کسی مسجد یا مزار پر بروز جمعرات جھاڑو کش، موذن یا پھر بچوں کو دینی تعلیم دینے والے افراد کی حسب توفیق خدمت یا مالی مدد کریں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ مشترکہ مفادات اور وراثت کا حاکم ستارہ مریخ سال کے ابتداء میں تیسرے اپنے ثانی گھر میں شرف یافتہ کیتو کے

ساتھ ہونے سے کئی ایک کام مشترکہ مفادات کے تحت حصہ لینے کے مواقع ملیں گے ابتدائے سال میں قمر در عقرب کا بھی یہاں ہونا اس بات کا اشارہ ہے کہ اپنے جاننے والوں سے کوئی کام بھی کرنے سے پہلے تحریری معاہدہ ضرور کرلیں بعد از ایسے کیے گئے کام نقصانات کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ ستارہ مریخ یکم تا 15 جنوری، 27 جون تا 10 اکتوبر عروج یافتہ، 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ ہونے سے اپنی ذہانت اور حاضر دماغی سے آپ اپنے مشترکہ مفادات کے علاوہ انشورنس کلیم اور وراثتی معاملات کو قانونی یا پنچایتی طریقے سے بآسانی حل کرسکنے کی پوزیشن میں ہونگے آپ کی دلیرانہ قائدانہ صلاحیتیں حل المشکلات میں نمایاں کردار ادا کریں گی۔ مریخ عطارد سعد نظرات 9,8 اپریل، 25,24,23 مئی، 6,5,4 جولائی، 27,26 اکتوبر بننے سے کوئی بڑا انشورنس کلیم پرائز بانڈ یا لاٹری بھی غیر متوقع طور سے نکل سکتی ہے مریخ عطارد نحس نظرات 27,26 جولائی، 30,29 نومبر بننے سے کسی کے لالچ میں آکر اپنا قیمتی روپیہ اور وقت ضائع نہ کریں اور خصوصاً وراثتی تنازعوں میں ان ایام میں صبر و تحمل سے کام لیں۔

- **مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:**۔ گزشتہ سال سے شرف یافتہ راہو جو نویں گھر میں چلا آرہا تھا 19 مارچ کو یہاں سے نکل جائے گا لیکن جاتے جاتے مستقبل کو درخشاں بنانے کی شاہراہیں کھول دے گا کاروباری اور قانونی مشاورت خصوصاً اعلیٰ تعلیم کیلئے طلبہ جو بیرون ملک جانے کے خواہاں ہیں انہیں اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے آسانیاں عطا کرے گا 2022ء روحانی اور سیاحتی سفر کیلئے اہم سال دکھائی دیتا ہے حج و عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے والے سنبلی افراد بھلائی بھلا پائیں گے خصوصاً ان ایام میں بیت السفر اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 2022ء میں وقفہ وقفہ سے آپ کو بے پناہ سعادتوں سے نوازتا رہے گا 2022ء میں ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی نصیب یاوری کا باعث بنے۔ زہرہ عطارد سعد نظرات 19,18,17,16 اپریل، 7,6,5 مئی، 27,26 ستمبر، 25,24,23,22,21,20,19,18 نومبر، 30,29,28 دسمبر بننے سے 2022ء کے یہ ایام نہایت اہم اور نیک دکھائی دیتے ہیں آپ دنیا میں کسی بھی محلہ و قوم سے تعلق رکھتے ہوں آپ ان سعادتوں کو پاسکتے ہیں صوم و صلوٰۃ کی پابندی کرنے والوں کی دعائیں دوسروں اور اپنے لئے زیادہ مستجاب ہونگی 2022ء میں آپ کو ایک روحانی مقام مل سکتا ہے۔

- **کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:**۔ کیرئیر اور کاروبار کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں شمسی زائچے کے چھٹے فعلی منحوس ستارہ زحل کے ساتھ یکم جنوری تا 06 مارچ اور پھر 24 مارچ تا 08 اپریل ساتویں وبال یافتہ ہونے سے سال کے پہلے تین چار ماہ کاروباری اور پیشہ ورانہ معاملات کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتے ہیں 2022ء میں چار اہم ستاروں کی تبدیلی زحل، مشتری، راہو، کیتو تبدیل ہونے سے بہت سارے سنبلی افراد اپنے کاروبار اور کیرئیر میں تبدیلی کا سوچیں گے نئے کام کی ابتداء کرنے سے پہلے اچھی طرح مشاورت اور پلاننگ کرلیں اور جاری کاروبار کے لئے بھی کچھ پہلے سے زیادہ محنت اور توجہ درکار ہوگی حکام بالا اور بااثر افراد کی مندرجہ بالا ایام میں ناراضگی مول نہ لیں ورنہ آپ کو مالی اخلاقی سبکی برداشت کرنا پڑ سکتی ہے ستارہ عطارد 02 جولائی تا 16 جولائی عروج یافتہ، 21 اگست تا 26 اکتوبر شرف یافتہ ہونے سے تجارتی اور کاروباری امور نفع بخش ثابت ہونگے نئے کاروباری معاہدے کرنا اور بااثر لوگوں سے تعلقات بینکوں سے کاروباری مراعات آپ کی کاروباری تخلیقی صلاحیتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوگا آپ اپنے کاروبار کو جدت دینے کیلئے جو پلاننگ کررہے ہیں انہیں مشاورت کے ساتھ آگے بڑھا سکتے ہیں ان ایام میں نئے کاروبار کا آغاز کرنا تبدیلی کاروبار یا کاروبار میں مزید سرمایہ کاری کرنا ہر لحاظ سے نفع بخش دکھائی دیتا ہے۔ عطارد زہرہ مشتری سعد نظرات 22,21,20 مارچ، 30,28,27,26,19,18,17,16 اپریل، یکم 21,20,19,18,7,6,5,2, مئی، 30,29,28,21,20,19 جون، 24,23 جولائی، 1918,17 اگست، 27,26 ستمبر، 25,24,23,22,18,17,16,15,14 نومبر، 30,29,28 دسمبر بننے سے قدرت آپ کو نہایت اچھے وسائل عطا کرے گی آپ پر لازم ہے کہ آپ بروقت بہتر فیصلے انجام دیں 2022ء کاروبار کیرئیر ملازمتی ترقی اور اس جیسے بھی کاموں کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے خواہ آپ کے وسائل کم ہوں یا زیادہ مجموعی طور سے آپ اپنے کاموں کی خوش کن آبرو مندانہ تکمیل سے خوشیاں محسوس کریں گے کچھ نحس ستاروں کی کچھ نحس نظرات 3 مئی، یکم ,9,8,24,25,26 جولائی، 2,4,20 ستمبر، یکم

12,2 اکتوبر، 10,9,8,7,6,5 دسمبر کے بھی ایام ناقص اور احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:- 2022ء توقعات اور خواہشات کی تکمیل کے حوالے سے غیر معمولی سال دکھائی دیتا ہے آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو برج تبدیل کریں گے اور آپ کا حاکم ستارہ قمر در عقرب میں منزل قلب (بیشٹھا نچھتر) ہونے سے آپ کے خوابوں کو سراب میں بدل سکتا ہے دانشمندی اسی میں ہے کہ آپ خوش فہمیوں سے نکل کر حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کریں طبیعت میں چڑچڑاپن بلاوجہ غم وغصہ دوستوں کی بے وفائی سے پایا جاسکتا ہے اطمینان قلب کیلئے آپ اپنی نیت اور ضمیر چیک کریں کہ آپ کی وجہ سے کسی کو نقصان تو نہیں پہنچا اطمینان قلب کیلئے یہ سب سے اچھا معیار ہے بیت الامید کا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ برج ثور، سرطان میں آکر آپ کی تکمیل خواہشات کیلئے ثمر آور ثابت ہوتا ہے جبکہ برج عقرب اور جدی میں چاند کی خراب پوزیشن دوست احباب کی جانب سے فرمائشیں اور ان سے توقعات ومفادات نہ ملنے کا اشارہ ہے جنتری ہذا میں پورے سال کا داخلہ قمر فی البروج کا چارٹ بآسانی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:- 2022ء آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو برج تبدیل کریں گے خصوصاً ستارہ زحل 24 اپریل تا 12 جولائی 27 سال بعد چھٹے گھر میں آکر بارہویں گھر کو مکمل ناظر ہونے سے آپ کے بھی خفیہ دشمن آشکار ہونگے ستارہ مشتری کی 13 جولائی تا 21 اپریل 2023ء 12 سال کے بعد طالع کو خوش بخت نظر قائم ہونے سے آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا آپ کے دشمن حاسد آشکار ہونے کے علاوہ آپ سے مدد اور معافی کے خواستگار ہونگے اب یہ آپ کی اعلیٰ ظرفی پر منحصر ہے کہ آپ انہیں معاف کرتے ہیں یا نہیں دشمن کو معاف کردینا بھی ایک بہترین انتقام ہے بیت الاعداد کا حاکم ستارہ شمس یکم جنوری تا 14 مارچ، 17 اکتوبر تا 16 نومبر ستارہ شمس کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب حاسدین مخالفین اس عرصہ میں آپ پر نظر بد جادو ٹونہ یا کسی ناجائز مقدمہ میں الجھانے کی کوشش کرسکتے ہیں ان سے محتاط رہیں ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے ایک سعد وقت دکھائی دیتا ہے۔ 2022ء بیرون ملک سے وطن ہجرت اور وطن سے بیرون ملک ہجرت کیلئے سازگار دکھائی دیتا ہے۔

سنبلی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:- اس سال دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے یکم مئی سورج گرہن آٹھویں لگنے سے شراکتی وراثتی مسائل اور پریشانی اور شدید نوعیت کی خرابی صحت کا امکان ہے 16 مئی چاند گرہن تیسرے لگنے سے دوران سفر حادثات سے بچنے کیلئے جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں سفر سے قبل صدقہ وخیرات ضرور دیں عزیز واقارب بہن بھائیوں کی ناجائز فرمائشوں سے بھی واسطہ پڑسکتا ہے 15 اکتوبر سورج گرہن خانہ مال میں لگنے سے کاروباری مالی وخاندانی صدمات سے واسطہ پڑسکتا ہے 08 نومبر چاند گرہن پھر آٹھویں لگنے سے شراکتی وراثتی مسائل پریشانیاں اچانک پیش آسکتی ہیں حسب توفیق صدقہ وخیرات دیں ان ایام میں دو نفل نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:- 31,27,23,14,9,4 جنوری، 24,19,11,9,4 فروری، یکم,27,26,23,22,21,11,6,2 مارچ، یکم,28,27,25,22,18,13,8,7,3 اپریل، 29,26,25,24,22,20,12,8,6,2 مئی، 27,21,20,17,11,8,3 جون، 30,24,23,18,17,14,8,5,3,2 جولائی، 29,24,23,19,16,9,4 اگست، 29,27,26,25,23,21,16,7 ستمبر، 29,27,24,23,19,13,7,4 اکتوبر، 29,24,22,19,16,15,14,12,3 نومبر، 29,25,20,18,15,4 دسمبر۔

نحس تواریخ:- 25,19,11 جنوری، 25,22,14,6 فروری، 24,17,8 مارچ، 24,10 اپریل، یکم,16,10 مئی، 13,6 جون، 31,27,13,9,6 جولائی، 21,14,7 اگست، 19,18,12,5,3 ستمبر، 25,16,12,8,2 اکتوبر، یکم,30,17,10,9,8 نومبر، یکم,31,9,6,2 دسمبر۔

2022ء جسکا مفرد نمبر 6 ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفا یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلا ناغہ 222 مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دعا کریں "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَا عَزِیْز"

2022ء آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو برج تبدیل کریں گے ستاروں کی بروجی تبدیلی خصوصاً ستارہ زحل کا 29 اپریل تا 17 جولائی 2022ء برج جدی سے نکل کر برج دلو میں آنے سے شمسی زائچے میں دو سال سے بنا ہوا راج یوگ ٹوٹ جائے گا آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبے سے کیوں نہ ہو آپ ستاروں کی ان تبدیلیوں سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے کاروباری پیشہ ورانہ امور میں تبدیلیاں تبدیلی رہائش ایک شہر سے دوسرے شہر یا بیرون ملک ہجرت جیسے بھی اہم کام مین حکمتات میں سے دکھائی دیتے ہیں ابتدائے سال میں کیریئر کا حاکم ستارہ قمر در عقرب ہو کر دوسرے گھر میں سال کی ابتداء کاروباری مالی معاونت کیلئے احتیاط کا اشارہ ہے شرف یافتہ راہو، کیتو 19 مارچ برج تبدیل کر کے طالع اور ساتویں آجائیں گے مشترکہ مالی مفادات مارچ کے بعد بھی پہلے جیسے نہ رہیں گے۔ کیتو پورا سال طالع میں رہتے ہوئے خواہ مخواہ کی فکر و پریشانی شریک حیات یا شریک کار سے اختلاف رائے خانگی خاندانی مشکلات بھی پیش آسکتی ہیں راہو کے ساتویں ہونے سے آپ کو دوسروں پر زیادہ ڈیپنڈ کرنا پڑے گا تاہم راہو کی ساتویں پوزیشن ایسے میزانی لڑکے لڑکیاں یا عمر زیادہ ہو جانے والے مرد و زن کی بھی اچھی جگہ شادی خانہ آبادی کو ممکن بنا سکے گا ستارہ مریخ کی ابتداء سال میں دوسرے ہونے سے خاندان میں اضافہ اور خواہاں افراد کی منگنی یا شادی اور شراکتی مالی فوائد کا بھی اشارہ ہے ستارہ مشتری 12 سال کے بعد اپنے ذاتی ثانوی گھر میں 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء رہتے ہوئے حفظان صحت اور صفائی کے معاملہ میں آپ کی علم و آگاہی میں اضافہ آپ کا تعلق عمر کے کسی بھی حصہ سے کیوں نہ ہو آپ صحت کی آگاہی جان کر اپنی اور اپنے پیاروں کی صحت کا خیال رکھنے جیسی پوزیشن میں ہونگے۔ بیمار چلے آرہے مرد و زن کو کوئی مسیحا ڈاکٹر مل جانے سے اور اگی ہدایت پر مناسب ادویہ و اغذیہ کے استعمال اور ورزش جیسے نیک امور انجام دینے سے آپ اپنی صحت کو بہتر بنا سکیں گے۔ بیروزگار افراد کو روزگار کے بہتر مواقع ملیں بہت ساری خوش کن باتوں کے علاوہ اپنے حاسدین اور مخالفین سے محتاط رہیں آپ کے قریبی لوگ ہی نظر بد جادو ٹونہ سے آپ کو متاثر کرنے کیلئے اپنا حسد نکال سکتے ہیں۔ گو یہ ایک معمولی سی بات 2022ء کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتی ہے صوم و صلوٰۃ کی پابندی رکھنے والے میزانی افراد ان ممکنہ مشکلات سے بآسانی بچ سکتے ہیں 2022ء کا بہترین صدقہ ہر جمعرات کسی مسجد امام بارگاہ یا مزارات کے جھاڑو کش، موذن، یا پھر بچوں کو دینی تعلیم دینے والے مستحق افراد کو ڈھونڈ کر اگلی 52 جمعرات حسب توفیق خدمت کرنا معمول بنالیں تو پھر یقین جائیں کہ 2022ء میں لوگ آپ سے حسد تو کر سکتے ہیں لیکن آپ کا مقدر نہیں چھین سکتے۔

آپ کی شخصیت: آپ کا حاکم ستارہ زہرہ پوری دنیا کیلئے خوشی اور شادمانی کا قدرت کی طرف سے مظہر ہے اور آپ کا منقلب برج میزان 2022ء میں آپ کو خاصہ متحرک اور مصروف رکھے گا چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کی شخصیت میں بھی تبدیلیاں لانے کی کوشش کریں کہ یہ تبدیلیاں مثبت ثابت ہوں نہ کہ منفی۔ 18 سال کے بعد کیتو کے 19 مارچ 2022ء طالع میں آنے سے عجیب و غریب قسم کی فکر و پریشانی ذہنی دباؤ ڈپریشن خود اعتمادی میں کمی جیسے ان ہونے واقعات آپ محسوس کریں تو 2 انڈے سر سے وار کر گھر کی چھت پر کسی پیالے میں جانوروں کے کھانے کیلئے صدقہ رکھیں اپنے شریک کار و بار اور

اپنے لائف پارٹنر سے بلاوجہ اُلجھنے سے پرہیز کریں ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی اور 18 اکتوبر سے 11 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے خوشی اور شادمانی کے کئی ایک مواقع ملیں سماجی اور سیاسی مذہبی تقریبات میں شرکت سے عزت و توقیر میں اضافہ ذہنی سکون و سکھ کا معیار بڑھے یہ بھی عرصہ شراکتی اور ازدواجی معاملات میں خوشگواری کا عرصہ دکھائی دیتا ہے غیر متوقع کیرئیر کے حوالے سے خوشیاں بھی آپ کا مقدر بنے گی۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2022ء خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں یکم تا 15 جنوری عروج یافتہ 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ اور پھر 27 جون تا 10 اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی ذاتی روپے پیسہ کمانے کی کوششیں بارآور ثابت ہوں اپنی مستقل آمدنی کے حصول کیلئے آپ کوئی ٹھوس سرمایہ کاری کرنا بھی پسند کریں اور ایسا کرنا اس سال نہایت عمدہ فیصلہ ہوگا۔ کچھ میزانی افراد کو غیر متوقع طور پر بغیر محنت کے دولت مل سکتی ہے خانہ مال میں شرف یافتہ کیتو مقابل راہو 18 مارچ تک رہیگا ایسی دولت انعام لگنے سے یا کوئی ڈوبی ہوئی رقم آپ کو واپس مل سکتی ہے ابتدائے سال میں قمر در عقرب کا یہاں ہونا اس بات کا اشارہ ہے کہ آسانی سے آئی ہوئی دولت کو آپ خواہ مخواہ لٹا کر ضائع بھی کر سکتے ہیں فضول خرچی اور اسراف سے گریز کریں دوسروں کو دیا گیا قرض واپس نہ ملے دوسروں کی اتنی ہی مدد کریں جو قابل برداشت ہو مریخ زحل سعد نظرات 16,15,14,13,12 فروری، 12,11,10,9,8,7,6 مارچ، یکم ,2,3,4,5 اگست، 20,19,18 اکتوبر بننے سے ذرائع آمدن اور فیملی میں اضافہ آپ پر اگر کوئی قرض ہے تو اس کی ادائیگی پر خصوصی توجہ دیں اس سال آپ کا جتنا بڑا بھی قرض ہوگا وہ باآسانی توجہ فرمانے سے اتر سکتا ہے کشادگی رزق کیلئے اسم اعظم یا رزاقی یا رب یا رزاقی 313 مرتبہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا معمول بنالیں مریخ زہرہ نحس نظرات 18,17,16,15 ستمبر، 30 نومبر، یکم ,2 دسمبر بننے سے مالی لین دین اور معاہدے کرتے وقت محتاط رہیں اپنا قیمتی وقت اور روپیہ آپ تھوڑا سی توجہ سے بچا سکتے ہیں۔

عزیز و اقارب واندرون ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور چھٹے گھر کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 12 اپریل پانچویں رہتے ہوئے اندرون ملک خوشگوار سفر پیش آئیں آپ کی مالی حیثیت میں قدرت اضافہ کریگی تاکہ آئندہ جاکر آپ دوسروں کی خدمت صلہ رحمی کرنے کی پوزیشن میں ہونگے 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء چھٹے نحس گھر میں شمسی زائچے کے 12 سال کے بعد آکر عزیز و اقارب بہن بھائی رشتہ داروں اور پڑوسیوں کی جانب سے فکرو پریشانی ذمہ داریاں دلا سکتا ہے آپ اس وقت کی اچھی ہی پلاننگ کر کے ان غیر متوقع فرمائشوں اور مالی امداد کو پہلے سے ہی پلان کرلیں تاکہ عین وقت پر کسی قریبی کی مدد کرتے وقت آپ اسے محسوس نہ کریں مشتری زہرہ سعد نظرات 30 اپریل، یکم ,2 مئی، 30,29,28 جون، 19,18,17 اگست، 16,15,14 نومبر بننے سے یہ بھی ایام عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے خوشگوار تعلقات اور ان سے اچھا وقت گزارنے کا موقع ملے گا اس دوران کئے گئے سفر بھی وسیلہ ظفر ثابت ہوں مشتری زہرہ نحس نظرات 26,25,24 جولائی، یکم ,2 اکتوبر، 10,9,8 دسمبر بننے کے علاوہ ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) ہونے سے یہ بھی ایام نہایت احتیاط طلب قریبی لوگوں سے تعلقات کے علاوہ غیر ضروری سفر سے بھی اعتراض کریں ضروری ہو تو صدقہ خیرات دیکر سفر کیا جا سکتا ہے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زحل جو گزشتہ 2 سال سے اپنے اسی ذاتی گھر میں چلا آرہا تھا 29 اپریل تا 12 جولائی عارضی طور پر یہ برج جدی سے برج دلو میں آجائے گا شمسی زائچے میں یہ بنا ہوا راج یوگ 29 اپریل کے بعد ٹوٹ جائیگا ستارہ زحل کی اس اہم سعد نشست کے فیوض و برکات کو آپ جلد سے جلد سمیٹ لیں زمین جائیداد کی خرید و فروخت دیرینہ ذاتی گھر کی خواہش زحل جاتے جاتے پوری کروا جائے گا خاندان میں وسعت خاندانی خانگی ذمہ داریوں میں اضافہ زراعت اور باغبانی سے تعلق رکھنے والے افراد پہلے چار ماہ میں پلاننگ کرلیں تو پورے سال کی خیر و برکت کو سمیٹنے کی پوزیشن میں ہونگے زحل زہرہ سعد نظرات 30,29,28,27 مارچ، 25,24,23 مئی، 14,13,12 جولائی، 15,14,13 اکتوبر، یکم ,2,3 دسمبر بننے سے خانگی معاملات میں ہر وہ ممکنہ خوشیاں آپ کو مل سکیں جنھیں آپ اپنے وسائل اور حالات کے مطابق آپ متوقع کر رہے ہیں۔ زحل مریخ نحس نظرات 19,18 جون، 29,28 اگست، 2 ستمبر، 8,7,6 نومبر بننے سے اپنے گھر میں کوئی نظر بد جادو ٹونہ محسوس کریں تو گھر میں چالیس دن علی الصبح نماز فجر کے بعد سورۃ البقرہ کی تلاوت کر کے دعاؤں کے بعد دم شدہ پانی پوری فیملی کو پلائیں اور اسی پانی یا عرق گلاب کو دم کر کے پورے گھر میں چھڑکیں اس حسن عمل سے آپ اپنے ہاں خیر و برکت آتی ہوئی اور نحوست جاتی ہوئی محسوس کریں گے۔ ستارہ زحل 05 جولائی تا 23 اکتوبر رجعت (الٹا) ہونے سے غیر متوقع خاندانی و خانگی آزمائش و پریشانیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے خصوصاً اپنی والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور انعام شمسی زائچے کے پانچویں گھر کے منسوبات 2022ء میں نہایت اہم رہیں گے سعد اکبر ستارہ مشتری گزشتہ سال سے یہاں مقیم تھا 13 اپریل کو چھٹے چلا جائے گا اور چوتھے پانچویں کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل پانچویں اپنے فطرتی گھر میں 27 سال کے بعد اس کا یہاں آنا نہایت خوش کن ثابت ہوگا۔ 2022ء میں اس کا عارضی قیام 29 اپریل تا 12 جولائی اور پھر مستقل قیام 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک یہاں رہے گا آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سماجی و سیاسی حیثیت میں اضافہ دوسروں سے خوشگوار مراسم پر حق تعلقات قائم ہوں مزید نئے احباب سے دانشور طلباء کرام اور ان کے ہم عصر افراد سے خوشگوار مراسم قائم ہوں پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں آپ کی دلچسپی بڑھے اسٹاک شیئرز اور انعامی مقابلوں میں حصہ لینے سے غیر متوقع فوائد صاحب اولاد میزانی افراد کو اپنے بچوں کی تعلیم اور شادی بیاہ کی خوشیاں نصیب ہوں ایسا خوشگوار وقت عرصہ دراز کے بعد آیا ہے 2022ء کی ممکنہ خوشیوں کو سمیٹنے کیلئے قبل از وقت پلاننگ کی گئی تو یہ سال آپ کی زندگی کا تخلیقی انقلابی اور انعام اور محبت کی دولت سے مالا مال سال ثابت ہو سکتا ہے ستارہ زحل 05 جولائی تا 23 اکتوبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب یہ وقت قدرے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کے روز و شب اور تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ و نظر ثانی کی ضرورت کو نظر انداز نہ کریں انہی ایام میں معاملات الفت و محبت میں شکوک و شبہات سے بھی بچیں ایسے میزانی افراد جو پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں دلچسپی رکھتے ہیں اپنی قسمت آزمائی کیلئے 12,13,14,15,16 فروری، 6,7,8,9,10,11,12,27,28,29,30 مارچ، 12,13,14 اپریل، 2,3,4,5,6,7,8,9,10,11,12 مئی، 15,16,17,26,27,28,29 جون، 12,13,14 جولائی، یکم,2,3,4,5 اگست، 26,27,28,29,30 ستمبر، 11,12,13,14,15,16,17,18,19,20 اکتوبر، 26,27,28 نومبر، یکم,2,3,11,12,13,14 دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ھذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 12 اپریل اپنے گھر سے بارہویں رہتے ہوئے حفظان صحت کے اصولوں کا شعور بیدار رکھے گا آپ اپنے اور اپنے قریبی لوگوں کو صحت و صفائی کے معاملات میں احتیاط برتنے سے آگاہ کرتے رہیں گے 12 سال کے بعد ستارہ مشتری 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء اپنے ہی گھر رہتے ہوئے آپ کی جسمانی اور روحانی و نفسیاتی صحت کو مزید بہتر کرے گا ملازمتی کیرئیر میں اندرون و بیرون ملک آپ جہاں بھی اپنی ملازمتی فرائض ذمہ داری انجام دیں گے ترقی کا عنصر غالب رہے گا ماتحت افراد کا تعاون اور افسران بالا آپ پر مہربان رہیں گے بیروزگار افراد کو حسب منشاء ملازمت مل سکے گی بشرطیکہ آپ جذباتی پن اور غیر مستقل مزاجی کا مظاہرہ نہ کریں یاد رہے نوکری میں تجربے ترقی اور تنزلی کا باعث بنتے ہیں ادائیگی قرض کی سہولت بھی ملے گی غیر ضروری قرض لینا دانشمندی نہ ہوگی ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہونے سے بلاوجہ کے قانونی مسائل اور پریشانیوں سے بچیں انہی ایام میں اپنا میڈیکل چیک اپ بھی ضرور کروائیں۔ مشتری زہرہ سعد نظرات 30 اپریل، یکم، 2 مئی، 28,29,30 جون، 17,18,19 اگست، 14,15,16 نومبر بننے سے گزشتہ پیدا شدہ ہر قسم کی مشکلات و پریشانیوں سے نجات مل سکتی ہے اپنی مناسب ادویہ و اغذیہ اور یوگا مراقبہ ورزش کے اصول جان کر اور ان پر عمل کرتے ہوئے اپنے آپ کو مزید تندرست و توانا بنا سکتے ہیں زہرہ مشتری نحس نظرات 24,25,26 جولائی، یکم، 2 اکتوبر، 8,9,10 دسمبر بننے سے ایک بار پھر اپنے میڈیکل چیک اپ کی طرف توجہ دیں جسمانی و روحانی شفایابی کیلئے ستر (70) مرتبہ سورۃ الفاتحہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں۔ قرآن پاک سے شفایابی کا یہ بے نظیر اکسیر نسخہ ہے اس کے اچھے فوائد محسوس کریں تو یہ عمل آپ اپنے لئے اور اپنی فیملی کیلئے روزانہ بلاناغہ بھی کر سکتے ہیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں 15 جنوری تک دوسرے اپنے ثانوی ذاتی گھر میں عروج یافتہ ہوگا اس کے بعد 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ اور پھر 27 جون تا 10 اگست اوج یافتہ ہونے سے میزانی خواہاں لڑکے لڑکیوں کی قطعی طور پر منگنی شادی کرانے میں آسانی عطا کرے گا جنوری، مارچ، جولائی ان تین اہم نیک مہینوں کے علاوہ مریخ زہرہ سعد نظرات 12,13,14,15,16 فروری،

6,7,8,9,10,11,12 مارچ، یکم 2,3,4,5 اگست، 18,19,20 اکتوبر بنتے سے خانگی اور ازدواجی خوشیاں مقدر ہونگی۔ 19 مارچ سے سال بھر کیلئے راہو بھی یہاں آجانے سے شادی بیاہ کے معاملات میں تقویت دے گا مریخ زہرہ شمس نظرات 15,16,17,18 ستمبر، 30 نومبر، یکم 2, دسمبر کے ایام احتیاط طلب اور صدقہ کے متلاشی ہوں سب سے بہترین صدقہ منگل کے دن کسی جانور کی قربانی یا پھر ہر جمعہ ہفتہ شکر حشرات الارض کو ڈالتے رہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ وراثت اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ یکم جنوری تا 27 فروری تیسرے ہونے سے بہن بھائیوں سے وراثتی شراکتی امور نمایاں رہیں گے آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو اس سال برج تبدیل کریں گے ان کی بروجی تبدیلی کے سبب جنوری، فروری، مئی، جون، جولائی 2022ء اہم اور نیک مہینے جب کہ آپ اپنے وراثتی امور قانونی یا پنچایتی طریقے سے بآسانی حل کرنے کی پوزیشن میں ہونگے مزید 27 اپریل تا 23 مئی ستارہ زہرہ شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر عروج یافتہ رہنے سے مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں سے فائدہ ملے گا 2022ء میں جن میزانی لڑکے لڑکیوں کی شادی ہوگی انہیں ازدواجی خوشیوں کے علاوہ مادی فوائد کا بھی حصول یقینی طور پر مل سکے گا حصول انشورنس کلیم کیلئے یوں تو 2022ء نیک سال دکھائی دیتا ہے تاہم انعامی مقابلوں سے بھی غیر متوقع فائدہ مل سکتا ہے۔ مندرجہ بالا فوائد کے حصول کیلئے مستحق بچیوں کی شادی میں تعاون کرنا اس سال کا بہترین صدقہ شمار کیا جا سکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت النصیب اور بیت السفر کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد یوں تو 2022ء میں 02 جولائی تا یکم اگست عروج یافتہ، 21 اگست تا 26 اکتوبر شرف یافتہ ہونے سے اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ جو بھی مشاورت سے نیک اقدام کریں گے اس کا صلہ آپ کو جلد مل سکے گا حج و زیارات یا عمرہ پر جانے والے افراد کیلئے بھی راہیں کھولیں گی کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے کئے گئے معاہدے اور سفر نفع بخش ثابت ہونگے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے مشاورت سے کئے گئے منصوبے احسن طریقے سے انجام پائیں اور اگر آپ پہلے سے کوئی پروگرام بنا چکے ہیں تو ستارہ عطارد کے 2022ء میں چار مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر 14 جنوری تا 04 فروری، 10 مئی تا 03 جون، 10 ستمبر تا 02 اکتوبر، 29 دسمبر تا 18 جنوری 2023ء ہونے سے یہ بھی ایام بنائے گئے پروگراموں پر نظر ثانی کے طالب ہونگے راہو کے ساتویں اور کیتو کے 19 مارچ سال بھر کیلئے طالع میں آنے سے بیرون ملک سفر قانونی مشاورت اور اعلیٰ تعلیم کیلئے جانے والے طلباء کیلئے مشاورت ہے وہ اپنے 2022ء کے کاموں کی تکمیل کیلئے جنوری، فروری، مارچ میں خصوصی توجہ دیکر سال 2022ء کا پروگرام ترتیب دے لیں اس پر عمل درآمد شروع کرنے سے 2022ء کے آخر تک وہ اپنے ممکنہ بھی کاموں کو آبرومندانہ طریقے سے انجام تک پہنچا سکیں گے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں قمر در عقرب اور منزل قلب (جیشٹھا نچھتر) پر ہونے سے اپنے کاروباری اور پیشہ ورانہ معاملات میں جلد بازی سے کام نہ لیں حاسدین اور مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی کاروباری ساکھ کو دیکھ کر آپ کے خلاف سازشیں کرنے لگیں تو اپنے نصیب پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنی محنت کو جاری رکھیں دوسرے آپ سے حسد تو کر سکتے ہیں لیکن آپ کا نصیب نہیں چھین سکتے 2022ء میں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی کاروباری اتار چڑھاؤ کا اشارہ ہے خصوصاً 19 مارچ سال بھر کیلئے کیتو کا طالع اور راہو کا ساتویں آنا تبدیلیوں کی نشاندہی کا اشارہ ہے مثبت اور منفی تبدیلیاں ہر دو آپکے سامنے ہونگی کاروباری حل المشکلات کیلئے خود اعتمادی صبر و تحمل بزرگوں اور ہم اثر اور ہم خیال مخلصین سے مشاورت کرنا الجھنوں کی سلجھن ثابت ہوگا۔ شراکتی نوعیت کے کاروبار صرف ان لوگوں سے کریں جن سے آپ کے دیرینہ مراسم ہوں 2022ء ہر کسی پر کاروباری اعتماد کرنا مناسب نہ ہوگا با اثر افراد اور حکام سے تعلقات کشیدہ کرنے کی بجائے صبر و تحمل سے کام لیں۔ زحل مریخ قران 4,5,6 اپریل، زحل مریخ تربیع 6,7,8,9 اگست، یکم 16, مئی، 25 اکتوبر، 08 نومبر گرہنوں کے بد اثرات بھی کاروباری مسائل و پریشانیاں لا سکتے ہیں کیرئیر کا حاکم ستارہ قمر دیگر ستاروں سے مل کر 2022ء میں جو اچھی نظرات بنائے گا ان نیک تواریخ کی تفصیل یوں ہے 3,7,12,21,26,30 جنوری، 3,8,18,23,27 فروری، 4,9,19 24 مارچ، 2,8,18,22,27 اپریل، 2,8,17,22,27 مئی، یکم 7,16,21,26 جون، 2,7,16,21,26 جولائی، یکم 6,15,20,26,31 اگست، 5,14,19,20,25,30 ستمبر، 5,14,20,25,30 اکتوبر، 3,4,14,19,20,24,29 نومبر، 3,4,14,15,20,24,29 دسمبر کی تواریخ کاروباری حل

المشکلات اور کاروباری لین دین معاہدوں کیلئے نہایت اہم اور نیک دکھائی دیتی ہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو کیتو کی بروجی تبدیلی آپ کی دوسروں سے واسطہ توقعات اور خواہشات میں وقتاً فوقتاً تبدیلی آئے گی بیت الامید کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے کاروباری فوائد زمین جائیداد کی خرید و فروخت میں بھی نفع ملے انہی مشترکہ ایام میں سماجی سیاسی اور مذہبی حلقوں میں آپ کی خدمات کے سبب آپ کی پوزیشن نمایاں و قائدانہ ہے شمس مشتری مریخ کی سعد نظرات 2,7,12,22,23,24,27,28,29,30,31 مئی، 31 جولائی، یکم، 2، 31 اگست، یکم، 2، 3 ستمبر، 16,17,18,19 اکتوبر، 20,21,22 نومبر بننے سے سماجی سیاسی مصروفیات میں اضافہ مختلف تقریبات میں شرکت سے آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ حلقہ احباب میں نئے مخلص لوگوں کا اضافہ ہو یہی ایام مجموعی طور پر عزت و توقیر میں اضافے کے ساتھ آپ کی کئی ایک دیرینہ خواہشات بھی پوری ہو سکیں۔ انہی ستاروں کی نحس نظرات 4,5,6,7 مارچ، 26,27,28,29,30 جون، 24,25,26,27,28,29 اگست، 26,27 ستمبر، 7,8,9,21,22,23 دسمبر بننے سے کم ظرف حاسد نما دوست آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے انہی ایام میں اپنے خلاف ہونے والی سازشوں سے بھی آگاہ رہیں۔

خفیه سرگرمیاں، سازشیں، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد اور خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ عطارد 2022ء میں چار مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر 14 جنوری تا 04 فروری، 10 مئی تا 03 جون، 10 ستمبر تا 02 اکتوبر، 29 دسمبر تا 18 جنوری 2023ء انہی بھی تواریخ میں آپ کے حاسدین و مخالفین آشکار ہوں بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پایا جا سکتا ہے تاہم جائز اخراجات بچوں کی تعلیم و تربیت شادی بیاہ پر اضافی اخراجات اس سال پیش آ سکتے ہیں بیرون ملک قیام یا حصول امیگریشن کیلئے 02 تا 16 جولائی، 21 اگست تا 26 اکتوبر اپلائی کرنے کیلئے نہایت سازگار وقت دکھائی دیتا ہے انہی ایام میں روحانی ریاضت چلہ کشی اور نماز شب کی پابندی کرنے سے آپ کی دوسروں اور اپنے لئے بہت ساری دعائیں مستجاب ہوں گی۔ روحانی تعمیرات کیلئے اس اچھے وقت سے فائدہ اٹھائیں۔

میزانی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ 2022ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن ہونگے یکم مئی سورج گرہن ساتویں لگنے سے شراکتی ازدواجی تعلقات اور بلاوجہ لوگوں سے لڑائی جھگڑے پیش آنے کے خدشات ہیں محتاط رہیں 16 مئی چاند گرہن دوسرے لگنے سے کاروباری بھاری نقصانات قیملی صدمات سے واسطہ پڑ سکتا ہے 25 اکتوبر سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپ کی صحت و تندرستی کے مسائل اور خصوصاً حاسدین و مخالفین کی ریشہ دوانیوں سے آپ کی عزت و ساکھ خدانخواستہ متاثر ہو سکتی ہے 18 دسمبر چاند گرہن پھر ساتویں لگنے سے دوسروں سے اپنے تعلقات میں حد فاصل رکھیں شریک کار یا شریک حیات سے بلاوجہ کی بدمزگی اور کاروباری لین دین میں نقصانات کے اندیشے دکھائی دیتے ہیں۔ ان ایام میں چاول کا ٹوٹا اور باجرہ بہترین صدقہ و خیرات ہے اور دو نفل نماز کسوف و خسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 3,5,7,9,12,21,26,30 جنوری، 3,8,18,23,24,27 فروری، 3,4,9,19,24,28,29 مارچ، 2,8,18,27,28 اپریل، 2,6,17,22,24,27 مئی، یکم، 7,16,21,26,29 جون، 2,7,13,16,21,26 جولائی، یکم، 2,3,6,7,15,18,20.26,31 اگست، 5,9,14,20,25,26,30 ستمبر، 5,14,19,23 اکتوبر، 4,10,14,15,20,22,24,29 نومبر، 4,15,20,22,28,29 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 14,24 جنوری، 5,13,16,20 فروری، 6,14,21 مارچ، 5,13,20 اپریل، یکم، 5,8,13,20 مئی، 4,12,18,19 جون، 4,12,14,18,25 جولائی، 9,10,17,27,28 اگست، 2,16,17,24 ستمبر، 2,9,17,20,25 اکتوبر، یکم، 6,7,8,9,17 نومبر، یکم، 9,17,31 دسمبر۔

2022ء جسکا مفرد نمبر 6 ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفاء یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلاناغہ 222 مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دعا کریں "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَا عَزِیْز"

2022ء آسمانی کونسل پر طالع کا حاکم مریخ اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ ہمراہ شرف یافتہ کیتو نیز اس سال چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی آپ کی زندگی میں بھی ہل چل تبدیلیاں لائیں گے آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ ان تبدیلیوں کو محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے دو اہم ستارے زحل و مشتری جو گزشتہ سال سے آپ کے شمسی زائچے کے تیسرے چوتھے چلے آرہے تھے 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء مشتری پانچویں اپنے ذاتی ثانوی گھر میں بارہ سال کے بعد آنے سے آپ کے شعور و ادراک میں اضافے کا باعث بنے ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ دانشور بزرگ و مخلصین احباب سے مشاورت معاشی و مادی وسائل میں ترقی کیلئے کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہوں۔ پرائز بانڈ یا انعامی مقابلوں میں حصہ لینے کا شوق و جنون بڑھے ستارہ زحل یکم جنوری تا 28 اپریل تیسرے اور پھر 27 سال بعد یہ چوتھے اپنے عروجی گھر میں 29 اپریل تا 12 جولائی عارضی قیام کرے تاہم 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء یہ مستقل بنیادوں پر اڑھائی سال کیلئے اس عرصہ میں آپ کے زائچے کے چوتھے گھر میں آجائے گا ستارہ زحل یوں تو عروج و زوال کا ستارہ کہلاتا ہے لیکن یہ جب اپنے ذاتی گھر میں مقیم ہوتا ہے تو زمین جائیداد پراپرٹی زراعت باغبانی رہائشی تزئین و آرائش خاندانی و خانگی خوشیوں میں اضافہ لاتا ہے۔ بگڑے بھی کاموں کو سنوارے گا انصاف پسندی اور ایمانداری سے عزیز و اقارب کی خدمت صلہ رحمی سمجھ کر کرنے سے آئندہ آنے والے تین چار سالوں میں آپ کا مقدر جاگ جائے گا شرف یافتہ راہو کیتو 19 مارچ برج تبدیل کر کے چھٹے بارہویں آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجانے سے حاسدین و مخالفین کی سازشیں ریشہ دوانیاں آپ کے خلاف بڑھ سکتی ہیں نظر بد جادو ٹونہ حسد سے بچنے کیلئے حسب توفیق ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے لیکر ان پر ہلدی مرچ نمک اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو صدقہ ڈالنا بہترین عمل ثابت ہوگا۔ اس ذرا سی زحمت سے آپ کے حاسدین زیر رہیں گے تاہم اپنی صحت جسمانی خصوصاً ایام سالگرہ کے قریب اپنا میڈیکل چیک اپ ضرور کروائیں ماضی میں ارضی و سماوی امراض کے تحت جن عقربی لوگوں کے روزگار کاروبار متاثر ہوئے تھے انہیں دوبارہ حسب منشاء روزگار کے مواقع ملیں گے 2022ء مجموعی طور پر ایک ملا جلا سال اپنی خوش بختیوں میں اضافے کیلئے بلاناغہ چاشت کی نماز کے بعد گیارہ آیات کی سورۃ الضحٰی ایک مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر جب آیت نمبر 5 پر آئیں تو اس آیت کو 21 مرتبہ اسی جگہ دہرائیں اس آسان روحانی عمل سے آپ کا مقدر یاوری کر جائے تو پھر خاندان زائچہ کے تمام گزشتگان کیلئے ایصال ثواب کرنا نہ بھولیں۔

آپ کی شخصیت:۔ 2022ء ایک اہم ناقابل فراموش اور حالات و واقعات میں تبدیلیوں کا سال دکھائی دیتا ہے اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی آپ کی زندگی میں تبدیلیاں لانے کا باعث بنے شراکتی ازدواجی معاملات عزیز و اقارب پڑوسیوں سے تعلقات جائیداد کاروبار والدین اولاد و محبت اور انعامی اسکیموں میں آپ کی دلچسپیاں 2022ء میں نمایاں رہیں اہم ستاروں کی تبدیلی آپ کے نظام ہضم کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتی ہیں اپنے معالج کے

مشورے سے روزانہ علی الصبح اعلیٰ درجے کا روغن زیتون ایک یا دو چمچ پینا معمول بنالیں آپ کا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 15 جنوری، 26 فروری تا 07 اپریل، 27 جون تا 10 اگست شرف و عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کے اندر ہمت و حوصلہ خود اعتمادی میں اضافے کا باعث ہے آپ نہایت اعتماد سے ان ایام میں رواں جاری سال میں اہم فیصلے کرسکتے ہیں مریخ مشتری شمس سعد نظرات 6,5,4,3,2 فروری، 31,29,27,24,23,22,12,7,2 مئی، 31 جولائی، یکم 31,3,2 اگست، یکم 3,2 ستمبر، 19,18,17,16 اکتوبر، 22,21,20 نومبر بننے سے آپ اپنی دلیرانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اور بزرگوں کی مشاورت سے ذاتی اور اجتماعی طور پر اپنی زندگی کے اہم فیصلے بآسانی کرسکیں گے اور ایسا کرنا آپ کے حق میں مفید رہے گا مریخ مشتری شمس نحس نظرات 7,6,5,4 مئی، 30,29,28 جون، 29,28,27,26,25,24 اگست، 27,26 ستمبر، 23,22,21,9,8,7 دسمبر نہایت احتیاط طلب تواریخ خصوصاً ستارہ مریخ 30 اکتوبر تا 13 جنوری 2023ء رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب اپنے جذباتی پن غم و غصہ پر قابو رکھیں اس دوران کوئی اہم فیصلہ بغیر سوچے سمجھے نہ کریں حسب توفیق صدقہ و خیرات ان ایام میں دینا بھی رد بلا ثابت ہوگا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 12 اپریل چوتھے اور پھر 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء، 12 سال کے بعد اپنے ثانوی پانچویں گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کے ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث ہے خصوصاً صاحب اولاد حضرات اپنے بچوں کی خوش بختی اور نصیب سے بھی رزق روزی میں اضافہ پائیں گے غیر متوقع ذرائع آمدن انعامی اسکیموں میں حصہ لینے سے بھی ممکن ہے مریخ مشتری سعد نظرات 6,5,4,3,2 فروری، 31,30,29,28,27 مئی، یکم 3,2 ستمبر بننے سے ان ایام میں ذرائع آمدن میں غیر متوقع اضافہ ممکن ہے۔ گزشتہ کی گئی محنت کے ثمرات بھی اس عرصہ میں مل سکیں گے ستارہ مریخ 30 اکتوبر تا 13 جنوری 2023ء رجعت (اُلٹا) ہونے سے مالی کاروباری لین دین میں محتاط رہیں غیر ضروری قرض لینے سے بھی احتراض کریں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ تیسرے گھر کا حاکم ستارہ زحل جو گزشتہ سالوں سے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ چلا آرہا تھا اس سال 29 اپریل تا 12 جولائی یہ عارضی طور پر تیسرے سے چوتھے اپنے ذاتی گھر میں چلا جائے گا اور پھر رجعت (اُلٹا) کرکے 12 جولائی تا 17 جنوری 2023ء، یہ تیسرے گھر رہتے ہوئے عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں اُتار چڑھاؤ لائے گا وہ تعلقات جو پہلے بڑے خوشگوار چلے آرہے تھے راہو کیتو کی 19 مارچ سال بھر کیلئے تبدیلی آپس میں اختلاف رائے نظر بد جادو ٹونہ جیسے خدشات بھی بعید از قیاس نہیں آپ کی صدق خلوص سچائی سے کی گئی خدمت کا عزیز و اقارب پڑوسیوں سے ممکنہ وہ صلہ نہ ملے جس کی آپ توقع رکھتے ہوں ایسی بھی خدمات صلہ رحمی سمجھ کر انجام دیں قدرت آپ کی نیکی اور نیت کا بہترین صلہ عطا کرے گی۔ 2022ء میں اندرون ملک متعدد کاروباری تفریحی اور روحانی سفر کے پروگرام بنیں گے اندرون ملک میں کیے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔ زحل مریخ سعد نظرات 29,28,26 جون، 30,29,28,27,26 اگست، 28,27,26 نومبر، یکم دسمبر بننے سے آپ کی زندگی میں ایسے خوشگوار یادگار سفر پیش آئیں گے جن کا آپ عرصہ سے پلان بنارہے ہیں آپ کے ہم خیال دوست احباب آپ کے ساتھ ہونگے زحل مریخ نحس نظرات 9,8,6 اگست بننے سے اور ستارہ زحل کی رجعت (اُلٹا) 29 جولائی تا 24 نومبر ہونے سے سفر کرنے سے پہلے حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں سب سے اچھا صدقہ اپنے عزیز و اقارب سے صلہ رحمی کرنا ہے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2022ء وتد الارض اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 29 اپریل تا 12 جولائی 27 سال بعد برج جدی سے دلو میں عارضی طور پر آکر پھر مستقل طور پر 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک یہاں رہے گا سعد اکبر ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے اسی گھر میں چلا آرہا تھا وہ بھی برج دلو سے حوت میں 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء آجائیگا۔ 2022ء میں دو اہم ستاروں مشتری اور زحل کی آپ کو مشترکہ طور پر سعادت ملے گی خاندان میں وسعت خانگی اور ازدواجی خوشیاں ملیں اہل خاندان کو یکجا کرنے اور باہمی الفت و محبت پیدا کرنے کیلئے

آپ کی خدمات اس سال بڑھ جائیں گی اندرون خانہ سارا سال مہمانوں کی آمد و رفت اور مذہبی و روحانی تقریبات آپ اپنے یہاں کرنا پسند کریں گے زمین جائیداد حسب حیثیت سواری کی خرید و فروخت زراعت و باغبانی سے تعلق رکھنے والے اپنی فصلوں سے گزشتہ سالوں کی پہ نسبت بھرپور نفع پائیں رہائشی تزئین و آرائش پر بھی آپ خرچ کرنا پسند کریں اور اہل خاندان کی خوشیوں میں ان کی بھرپور تواضع سے سکون اور سکھ محسوس کریں زحل مریخ سعد نظرات 29,28,26 جون، 30,29,28,27,26 اگست، 28,27,26 نومبر، یکم دسمبر بننے سے خانگی خاندانی اطمینان و سکون میں اضافہ ہوگا زحل مریخ نحس نظرات 6,5 اپریل، 9,8,7,6 اگست بننے کے علاوہ ستارہ زحل کی رجعت (الٹا) 29 جولائی سے 24 نومبر ہونے سے یہ بھی ایام بھی خاندانی و خانگی امور کیلئے اور خصوصاً ٹریفک میں گاڑی چلاتے ہوئے ان ایام میں احتیاط سے کام لینے کے علاوہ حسب توفیق صدقہ و خیرات گھر کی چھت پر ڈالیں سب سے اعلیٰ صدقہ گھر کی چھت پر کم سے کم روزانہ 2 انڈے سرسے وار کر پرندوں کے کھانے کیلئے رکھنا نہایت اعلیٰ عمل ہے اس کے علاوہ 60 سے زیادہ عمر کے مستحق مرد و زن کی ہفتے کے دن خدمت کرنا نظر بد جادو ٹونہ حادثات ناگہانی آفات و بلیات بلاؤں کے دور ہو جانے کا سب سے آسان اور اچھا صدقہ ہے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی اولاد انعام محبت کے معاملات کو بھی متاثر کئے بغیر نہ رہے گی صاحب اولاد افراد کیلئے مشورہ ہے کہ اپنے بچوں کی روز و شب سوشل میڈیا اور پڑھائی میں اپنا قیمتی وقت ضائع کرنے جیسے امور کا نوٹس لیں بہترین عمل ہوگا کہ آپ اپنے بچوں کے اساتذہ کے ساتھ کونسلنگ کرنے کے ساتھ ساتھ بچوں کو دوستانہ طریقہ سے سمجھائیں بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 13 اپریل اپنے گھر سے بارہویں اور 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) پذیر ہونے سے معاملات عشق و محبت میں رسوائی کا اندیشہ خصوصاً بازاری قسم کے عشق میں مبتلا ہونے سے اپنی صحت اور روپیہ ضائع کر سکتے ہیں ستارہ مشتری 12 سال کے بعد 13 اپریل 2022 تا 24 اپریل 2023ء پانچویں اپنے ذاتی ثانوی گھر میں ایک سال کیلئے آجائے گا ستارہ مشتری یوں تو کلی طور پر خیر و برکت و روحانیت اور دولت کا حاکم ستارہ ہے مشتری کے یہاں آنے سے آپ کی انعامی دلچسپیوں میں حصہ لینے کی حس بڑھ جائے گی اور بعید از قیاس نہیں کہ اس سال آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے محبت کی ابتدا فوری طور پر شادی یا منگنی کا باعث بن سکتی ہے سماجی حیثیت اور شخصیت شعور و ادراک میں یقینی طور پر اضافہ ہوسکے گا مشتری مریخ سعد نظرات 6,5,4,3,2 فروری، 31,30,29,28,27 مئی، 31 اگست، یکم، 3,2 ستمبر اولاد انعام محبت کے یقینی سکھ کیلئے 2022ء کی یہ سعد تواریخ اپنے اندر نمایاں خوش بخت خواص لئے آرہی ہیں ان تواریخ کو گرین مارک کرتے ہوئے ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے مغربی افراد ان تواریخ میں 6,5,4,3,2 فروری، 22,21,20 مارچ، 28,27,26,9,8 اپریل، 31,30,29,28,27,25,24,23,21,20,19,18 مئی، 21,20,19 جون، 24,23,6,5,4 جولائی، 31 اگست، یکم، 3 ستمبر، 27,26 اکتوبر، 17,16 نومبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت"** کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 15 جنوری طالع ہمراہ شرف یافتہ کیتو 18 مارچ تک اور نویں نصیب کا حاکم ستارہ قمر بھی ابتدائے سال میں طالع قمر در عقرب منزل قلب (جیشٹھا نچھتر) پر ہونے سے ابتدائے سال سے ہی اپنی صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں تو سال کے شروع ہوتے ہی اپنا بلڈ پریشر، کیسٹرول، ذیابیطس، یورک ایسڈ، جنسی و پوشیدہ امراض جیسے حساس بھی امراض کا اپنے معالج سے چیک اپ کروائیں اپنے جسم کا میڈیکل سائنس کے مطابق 73 فیصد پانی کا لیول بحال رکھیں ورنہ طبیعت میں چڑچڑا پن غم و غصہ دوسروں سے اور خصوصاً شریک حیات سے اختلاف رائے جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں 19 مارچ راہو کیتو برج تبدیل کرتے ہوئے چھٹے بارہویں آنے سے آپ اپنے حاسدین کی نظر بد سفلی اور سحری عملیات سحر جادو سے خدانخواستہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ 2022ء ٹریفک حادثات پیش آجانے کیلئے کوئی اچھا سال معلوم نہیں ہوتا دوران سفر سفری

دعا پڑھ کر پھونکیں بلاوجہ کے لڑائی جھگڑے قانونی مقدمات میں الجھنے سے گریز کریں اور نہ ہی بلاضرورت قرض لیں ورنہ اسے اتارنا مشکل ہو جائیگا وہ عقربی افراد جو صوم وصلوٰۃ کے پابند ہیں وہ ان ناگہانی مسائل و پریشانیوں سے بچے رہیں گے کیا ہی اچھا ہو آپ بھی اپنے مالک کے شکر گذار بن جائیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی: ۔بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں دوسرے اپنے فطرتی گھر میں 26 فروری تک اور پھر 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی معاملات میں بہتری لانے کے علاوہ خواہاں عقربی لڑکے لڑکیوں کی شادی ہو جانے کے روشن پسندیدہ جگہ امکانات ہیں۔ 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی کے سبب زوجین کے مابین کسی تیسرے فرد کی وجہ سے خواہ مخواہ کے شکوک وشبہات لڑائی جھگڑے اور تلخ کلامی جیسے واقعات کا اندیشہ بھی بعید از قیاس نہیں زہرہ مشتری سعد نظرات 16,15,14,13,12 فروری، 12,11,10,9,8,7,6 مارچ، یکم 5,4,3,2 اگست، 20,19,18 اکتوبر بننے سے ناراض زوجین میں صلح صفائی اور خوشی وشادمانی کی تواریخ دکھائی دیتی ہیں خواہ ایسے زوجین کسی عدالتی پنچایتی آزمائش سے ہی کیوں نہ گزر رہے ہوں مجموعی طور پر شادی بیاہ اور ناراض زوجین کی باہمی اتفاق ومحبت کیلئے مندرجہ بالا سعد تواریخ کو فوکس اور گرین مارک کر لیں زہرہ مریخ نحس نظرات 18,17,16,15 ستمبر، 30 نومبر، یکم، 2 دسمبر ازدواجی خانگی شراکتی مشکلات آ سکتی ہیں ان ایام میں صدقہ وخیرات دینا بہترین عمل ہوگا سب سے آسان اور اچھا صدقہ روزانہ یا ہر جمعہ چینی یا مصری کا چورا کر کے حشرات الارض کو ڈالنا بہت نیک اور رد بلا ثابت ہوگا۔

وراثت، انشورنس، کلیم: ۔بیت الخوف اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں تیسرے بہن بھائیوں کے گھر یکم جنوری تا 05 مارچ ہونے سے وراثتی قانونی مسائل و پریشانیاں سر ابھار سکتے ہیں 2022ء میں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی جہاں وراثتی شراکتی مسائل و پریشانیاں لائیں وہیں انکے حل کیلئے قدرت کی جانب سے اچھے ایام بھی دکھائی دیتے ہیں ستارہ عطارد 02 جولائی تا 16 جولائی، 21 اگست تا 26 اکتوبر عروج وشرف یافتہ رہتے ہوئے ان بگڑے وراثتی قانونی معاملات میں سدھار لائے گا جلد اپنے مسائل کے حل کرنے کیلئے اگر آپ کو کسی خسارے سے بھی گزرنا پڑے تو دریغ نہ کریں ستارہ عطارد 2022ء میں چار مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر 14 جنوری تا 04 فروری، 10 مئی تا 03 جون، 10 ستمبر تا 02 اکتوبر، 29 دسمبر تا 18 جنوری 2023ء یہ بھی ایام صبر وتحمل اور در گزر کا اشارہ کرتے ہیں تاہم اپنے حقوق کیلئے ان ایام میں پلاننگ کرنے سے کوئی نہ کوئی اچھا آبرو مندانہ حل نکل آئے گا عطارد مریخ سعد نظرات 9,8 اپریل، 25,24,23 مئی، 6,5,4 جولائی، 27,26 اکتوبر بننے سے مشترکہ مفادات انشورنس کلیم بغیر محنت کے دولت از قسم لاٹری یا وراثتی معاملات کے سنور جانے سے آپ خوشی محسوس کریں تو سجدہ شکر بجا لائیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلی تعلیم: ۔بیت النصیب اور سفر کا مشترکہ حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں قمر در عقرب منزل قلب (جیشٹھا نچھتر) پر ہونے ہمراہ مریخ وکیتو ان کے اچھے منصوبات کو اور بگاڑ سکتا ہے ابتدائے سال میں ہی اپنا نصیب سنوارنے کیلئے کسی جانور کا حسب توفیق منگل کے دن صدقہ دیں ایسے عقربی جن کا اب تک کسی وجہ سے عقیقہ نہیں ہوا انکا بہترین صدقہ ہے کہ وہ اپنا عقیقہ بجا لائیں 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو برج تبدیل کرنے سے اپنی کی گئی مستقبل کی منصوبہ بندی پر بزرگوں اور مخلصین کی مشاورت سے نظر ثانی کریں۔ قانونی مسائل اور پریشانیوں کے حل کیلئے بھی اپنے قانونی مشیر سے مسلسل رابطے میں رہیں اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک جانے والے طلبہ سے گذارش ہے کہ وہ اپنے اس تعلیمی سفر کو چیلنج سمجھ کر شروع کریں اپنا قیمتی وقت اور والدین کا قیمتی روپیہ ضائع نہ کریں اپنے ارادوں کی مضبوطی خود اعتمادی کیلئے اسم اعظم یا قوی 116 مرتبہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا معمول بنا لیں یوں تو آپ عموماً مضبوط ارادہ وقوت فیصلہ کے مالک ہیں اپنے ارادوں کی مضبوطی کیلئے 2022ء میں ستارہ شمس کی سعد تواریخ 14 اپریل تا 14 مئی شرف شمس، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج شمس، 16 جولائی تا 17 اگست خصوصاً شمس شمسی زائچے کے نویں گھر سے گزرے گا آپ کی عزت وتوقیر میں اضافے کے علاوہ آپ کے منصوبوں اور مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے

ہمت وحوصلہ اور قوت فیصلہ عطا کرتے ہوئے جن پر آپ نے عمل کیا آپ اپنے مستقبل کو ذاتی اور اجتماعی طور پر باسانی درخشاں بنانے کی پوزیشن میں ہونگے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ شمس جسے بادشاہ فلک ہونے کا اعزاز حاصل ہے 2022ء میں شمس کی سعد تواریخ 14 اپریل تا 14 مئی شرف شمس، 15 مئی تا 16 اگست اوج شمس جبکہ 17 اگست تا 17 ستمبر عروج شمس ہونے سے آپ کی عزت و وقار کاروبار پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا امسال چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی آپ کے کاروبار میں یقینی طور پر اتار چڑھاؤ لا سکتی ہے اپنے مضبوط ارادے اور حوصلہ مندی سے مندرجہ بالا سعد تواریخ کیرئیر اور اپنے کاروباری معاملات کو بہتر بنانے میں معاون اور نیک ثابت ہونگی۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں 05 مارچ تک تیسرے رہتے ہوئے دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں بلکہ دوسرے آپ سے خواہ مخواہ کی توقعات وابستہ کر کے بلاوجہ رنجیدہ کر سکتے ہیں 2022ء چار اہم ستاروں کی تبدیلی زحل، مشتری، راہو، کیتو دوستوں کی فہرست سے کم ظرف اور حاسد نما دوست آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور ستارہ مشتری کے 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء پانچویں آ کر گیارہویں گھر کو مکمل ناظر رہنے سے اس ایک سالہ مفید اور نیک عرصہ میں آپ کے ہم خیال اچھے اور مخلص ساتھیوں کی تعداد میں غیر متوقع اضافہ ہوگا دانشور اور شفیق بزرگوں سے فیض ملے گا پرانے دوستوں سے تجدید مراسم کے علاوہ آپ اپنی زندگی کا باطنی دوست ہمزاد کی شکل میں بیدار کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں اس کیلئے اسم اعظم یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ 962 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بعد از نماز عشاء پاکیزہ بستر پر سو جائیں آپ کو خواب میں مسلسل کرشمہ قدرت دیکھنے کو ملتا رہیگا اپنے روحانی تجربات ومشاہدات کو سوائے کسی صاحب علم کے ظاہر نہ کریں۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے روحانی ارتکاز توجہ عبادت وریاضت میں آپ کا دل لگ سکے آپ کی دعائیں اپنے اور دوسروں کیلئے مستجاب ہوں حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں اس عرصہ میں بارآور ثابت ہوں اپریل سے دسمبر تک کیتو کے بارہویں آنے سے حاسدو مخالفین آپ کے خلاف ریشہ دوانیاں کر سکتے ہیں ان سے تحفظ کیلئے چاروں قل روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنا نیک عمل رہے گا۔

عقربی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ 2022ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے یکم مئی سورج گرہن چھٹے لگنے سے قرض مرض مقدمات مسائل و پریشانیوں سے نجات ملے حاسدین ومخالفین زیر ہوں یہ گرہن خرابی کے بجائے تحفظ کا ضامن ہے 16 مئی چاند گرہن طالع میں لگنے سے اپنی صحت جسمانی اور حاسدین ومخالفین کی نظر بد جادو ٹونہ سے بچنے کیلئے صدقہ وخیرات جی کھول کر دیں 25 اکتوبر سورج گرہن بارہویں لگنے سے حاسدین ومخالفین زیر ہوں تاہم بیرون ملک قیام یا امیگریشن کے حصول میں رخنہ اندازی ہو سکتی ہے 08 نومبر چاند گرہن چھٹے لگنے سے پیدا شدہ مسائل اور پریشانیوں میں کمی آئے قرض مرض سے ممکنہ نجات مل سکے۔ ان ایام میں چاول کا ٹوٹا اور باجرہ بہترین صدقہ وخیرات ہے اور دو نفل نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ یکم ,5,9,20,25,29 جنوری، 3,4,8,16,23,24,27 فروری، 3,4,6,9,19,23,28 مارچ، 2,5,7,8,17,21,26 اپریل، 4,6,7,16,20,23,24,25,29,30 مئی، 4,14,18,22,28 جون، 3,5,12,17,21 جولائی، یکم ,2,3,10,12,14,15,19,24,30 اگست، یکم ,8,12,17,22,24,27,28 ستمبر، 6,10,15,18,19,20,27 اکتوبر، 2,7,11,16,21,28,29 نومبر، 3,13,18,26,30 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 7,12,15,23 جنوری، 5,13,20 فروری، 14,21 مارچ، 4,12,19 اپریل، یکم ,3,8,11,18 مئی، یکم ,9,16,30 جون، 2,8,14,27,29 جولائی، 6,8,27 اگست، 3,10,16 ستمبر، یکم ,8,12,22,25,29 اکتوبر، 4,8,19,25,30 نومبر، یکم ,8,15,22,28 دسمبر۔

2022ء جسکا مفرد نمبر **6** ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفاء یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلا ناغہ **222** مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دُعا کریں ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَا عَزِیْز''

2022ء آسمانی کونسل پر چار ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی اہم بروجی تبدیلی آپ کے حالات وواقعات میں ملی جلی تبدیلیاں متوقع دکھائی دیتی ہیں راہو کیتو کی **19** مارچ تک چھٹے بارہویں گھر نشست یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے حاسدین ومخالفین آپ کے خلاف صف آراء ہیں وہ قوسی مرد وزن جو اپنی صحت جسمانی سے عموماً غافل ہو جاتے ہیں ابتدائے سال میں بارہویں قمر در عقرب مریخ اور کیتو کا یہاں ہونا شدید خرابی صحت نظر بد جادو ٹونہ ہوائی اور آسیبی بد اثرات جیسے بھی خدشات بعید از قیاس نہیں ابتدائے سال میں کسی منگل کے دن حسب توفیق گائے، بیل، اونٹ، بکرے یا پھر کسی سرخ مرغی کا صدقہ اس نیت سے دیں کہ پروردگار اس صدقے کو اپنے یہاں قبول کرتے ہوئے پورا سال ہر قسم کی ناگہانی آفات وبلیات سے محفوظ رکھے۔ یکم جنوری تا **12** اپریل صدقات وخیرات دینے کیلئے سال کے پہلے چار ماہ نہایت اہم ہیں سعد اکبر ستارہ مشتری کلی طور پر خیر و برکت روحانیت اور دولت سے منسوب ستارہ بارہ سال کے بعد **13** اپریل تا **21** اپریل **2023**ء شمسی زائچے کے چوتھے اپنے ذاتی ثانوی گھر وتد الارض میں آجانے سے گزشتہ پیدا شدہ تمام خانگی ازدواجی خاندانی مشکلات وپریشانیاں بتدریج دور ہونے لگیں گی آپ کے کسی حُسن عمل یا خیر و برکت کے ستارہ مشتری میں قدرت کی عطا کردہ اچھی تاثیر کے سبب آپ اپنے گھر کاروبار میں خیر و برکت آتی ہوئی محسوس کریں گے معاشی ومادی کامیابیاں بھی زمین جائیداد اور حسب حیثیت سواری کی خرید وفروخت زراعت باغبانی سے نفع بآسانی پاسکیں۔ **2022**ء اس لحاظ سے بھی نہایت اہم دکھائی دیتا ہے ذاتی یا اجتماعی طور پر آپکے اہل خاندان کی عزت وتوقیر میں اضافے کا باعث ہے اپنے گھر میں کوئی خوش بخت پودا یا منی پلانٹ کا گملہ اپنے گھر یا فلیٹ میں خیر و برکت کیلئے ضرور رکھیں گھر میں اصلی یا مصنوعی آبشار جس کا پانی گھر کے اندر نارتھ ویسٹ سمت میں گرے ایسی خوش بخت بنائی گئی آبشار آپ کے گھر اور خاندان میں زرخیزی اور خوش بختی لانے کا باعث ہے دیگر اپنے گھر گرتی آبشار کی تصویر بھی نارتھ ویسٹ لگا سکتے ہیں یا پھر دو جوڑے گولڈن فش فش ایکوریم میں پالنا بھی باعث برکت ثابت ہوگا۔

آپ کی شخصیت:۔ آپ کا حاکم ستارہ مشتری **12** سال کے بعد شمسی زائچے کے چوتھے وتد الارض میں **13** اپریل تا **21** اپریل **2023**ء رہتے ہوئے راج یوگ بناتے ہوئے آپ کی شخصیت اور مقدر کو سنوار دے گا یوں تو **12** بروج میں سبھی کو آپ اور راہو کیتو کی اپنی اپنی اہمیت اور نشست کے اثرات مانے جاتے ہیں لیکن ستارہ مشتری کلی طور پر خیر و برکت کا ستارہ ہے یہ اپنی سعادت جب نچھاور کرنے لگتا ہے تو زندگی میں نکھار سے آتا ہے موسم بہار میں جیسے گلشن میں پھول کھلتے ہیں مندرجہ بالا یہ بھی زمانہ ایک بہار جیسا ہے ان سے وہی قوسی افراد فیض یاب ہو سکتے ہیں جو عملی اقدامات کریں کامیاب زندگی

گزارنے کے حصول واصول فوائد عزت شہرت دولت غرض زندگی کے ہر شعبہ میں آپ کی کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں اپنے ہاتھ میں زمرد اور زرد پکھراج کا اس سال پہننا نہایت ہی اچھے طبعی اور سحری خواص کا باعث بنے ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) جب ہوگا تب حصول کامیابی کیلئے آپ کو کچھ زیادہ محنت کرنا پڑے گی یکم جنوری تا 19 مارچ راہو کیتو کی چھٹے بارہویں نشست اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے حاسدین ومخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ سے ناراض ہو کر حسد کے علاوہ آپ کے خلاف کوئی نظر بد جادو ٹونہ جیسی سازش کر سکتے ہیں یوں تو مجموعی طور پر 2022ء خیر وبرکت کا سال دکھائی دیتا ہے تاہم شمسی زائچے کے بارہ گھروں میں دیگر بننے والے ستاروں کے اثرات کو بھی آپ مدنظر رکھتے ہوئے ابتدائے سال میں جو پروگرام اچھے اور برے دنوں کو سامنے رکھ کر بنالیں گے یقیناً سال کے آخر تک آپ اپنی منزل اور ٹارگٹ کو باسانی پالیں نحس دنوں میں حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں اس سال کا سب سے اچھا صدقہ بروز جمعرات کسی مسجد میں جھاڑو کش، موذن یا پھر بچوں کو قرآنی تعلیم سے آشنا کرنے والے اساتذہ کی حسب توفیق خدمت کریں ایک اور اچھی بات آپ کے شمسی زائچے میں یوں دکھائی دیتی ہے 29 اپریل ستارہ زحل کی تبدیلی آپ کی جاری ساڑھ ستی کو بھی بریک کردے گی یوں تو اس نحوست کا مکمل طور سے خاتمہ 17 جنوری 2023ء کو ہوگا تاہم اس سال بھی آپ ریلیف پائیں گے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن: ۔خانہ مال کا حاکم ستارہ زحل اپنے گھر میں طویل قیام کے بعد امسال عارضی طور پر 29 اپریل تا 12 جولائی برج دلو اپنے اصل ذاتی گھر جانے سے آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی کا زور ٹوٹ جائیگا اگرچہ زحل 12 جولائی تا 17 جنوری 2023ء دوبارہ یہاں آنے سے ذرائع آمدن میں اتار چڑھاؤ تاہم غیر متوقع طور سے مالی اسباب میں کسی حد تک اضافہ ہوسکے گا مالی امور کی انجام دہی تسلی بخش حد تک رہیگی کاروباری دیگر ذرائع از قسم انعامات زمین جائیداد کی خرید وفروخت غرض کسی بھی لحاظ سے ذرائع آمدن تسلی بخش اور بتدریج بڑھتے رہیں گے خاندان میں اضافہ تقریبات میں شرکت اور دوسروں کی مالی امداد بھی کرنے کی پوزیشن میں ہونگے زحل مشتری اگرچہ اس سال کوئی سعد ونحس نظرت بنائیں گے جس کے سبب زائد اخراجات کے باوجود آمدن میں ٹھہراؤ رہیگا ستارہ زحل 05 جون تا 23 اکتوبر رجعت (الٹا) ہونے کے سبب اور اس کے علاوہ قران نحسین زحل مریخ 06 تا 05 اپریل اور تربیع 06 تا 09 اگست بننے سے یہ بھی ایام مالی لحاظ سے انتہائی ناقص دکھائی دیتے ہیں کسی لالچ میں آکر آپ کا نقصان عظیم کرا سکتے ہیں ان بھی ایام کو ریڈ مارک کرلیں اور کسی نقصان عظیم سے بچنے کیلئے ذہنی طور پر چوکس رہیں۔ حسب توفیق سرخ مسور اور چائے کی پتی کا صدقہ دینا مفید ثابت ہوگا۔

عزیز واقارب واندرون ملک سفر: ۔بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد امسال 29 اپریل تا 12 جولائی اپنے ذاتی گھر میں آئے گا اور اس کے بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء اس کا اڑھائی سالہ قیام اسی گھر میں رہیگا۔ 2022ء اس لحاظ سے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے عزیز اقارب بہن بھائیوں کی جانب سے فرمائشوں اور وراثتی یا لین دین کے معاملات میں اختلاف رائے کے خدشات دکھائی دیتے ہیں جب تک آپ ان کی خدمت کرتے رہیں گے معاملات خوش اسلوبی سے چلتے رہیں گے ورنہ ان کی جانب سے بلاوجہ قسم کے مسائل وپریشانیاں پیش آسکتی ہیں اندرون ملک اگرچہ متعدد سفر پیش آئیں گے تاہم دوران سفر سے قبل صدقہ وخیرات ضرور دیں۔ چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی سے 2022ء حالات میں تبدیلی اور بہت سارے کئے گئے سفر فائدہ مند ثابت نہ ہونگے دوسرے آپ کے لئے خوامخواہ کے مسائل اور پریشانیاں اور آپ کا ہمت وحوصلہ بڑھانے کی بجائے کم کرنے کی سازشیں کرسکتے ہیں خصوصاً ایام رجعت (الٹا) زحل کا مجموعی طور سے زمانہ نظر بد جادو ٹونہ سے بھی متاثر ہونے جیسے خدشات ظاہر کرتا ہے اسم اعظم یاحافظ روزانہ ایک تسبیح اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا تحفظ کا باعث بنے گا 05 جون تا 23 اکتوبر رجعت (الٹا) زحل اور قران نحسین مریخ زحل 03 تا 06 اپریل اور تربیع 06 تا 09 اگست بننے سے اندرون ملک غیر ضروری سفر کرنے سے احتراض کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت: ۔وتد الارض شمسی زائچے کا یہ چوتھا گھر اپنے اندر اس سال نہایت ہی پرکشش خیر وبرکت

کشادگی لئے طلوع ہو رہا ہے سعد اکبر ستارہ مشتری 12 سال کے بعد اپنے گھر اس کی آمد 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء رہنے سے اہل خاندان کے بھی کام بخیر و خوبی انجام پائیں زمین جائیداد پراپرٹی فلیٹ حسب حیثیت سواری کا حصول حسب منشاء ہو سکے گا زراعت اور باغبانی سے تعلق رکھنے والے زرعی اصول اپنانے سے اپنی فصلوں سے نفع پا سکیں ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) میں ہونے کے سبب کاموں میں قدرے سستی تاہم دھیرے دھیرے بھی کام حسب منشاء بتدریج ہوتے رہیں جنوری، فروری، مارچ آپ کے خانگی اور خاندانی معاملات پر توجہ دینے کے علاوہ باقی آٹھ ماہ کی اس عرصہ میں پلاننگ کر لی گئی تو 2022ء آپ اور آپ کی فیملی کی زندگی کا خوشگوار اور نیک بخت سال ثابت ہوگا۔

اولاد، انعامات و محبت: ۔بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں یکم جنوری تا 15 جنوری بارہویں نحس گھر میں ہمراہ کیتو اور قمر در عقرب ہونے سے صاحب اولاد اپنے بچوں کی نگہداشت تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں ستارہ مریخ 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ، 27 جون تا 10 اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے غیر متوقع طور سے انعامی مالی فوائد ذرائع آمدن میں اضافہ پسندیدہ جگہ رشتہ طے ہونے جیسے خوش آئند واقعات پیش آئیں۔ صاحب اولاد و ہی افراد جنکی شادی کو ایک عرصہ ہو چکا ہے اور وہ اپنی اولاد کے لئے فکر مند ہیں اس سال اہم ستاروں کی تبدیلی انہیں اولاد کی خوشیوں سے نوازے گی پسندیدہ جگہ شادی اولاد انعام اور صحت کیلئے اسم اعظم یا وارث 707 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر دعا کریں کرتا نیک ثابت ہوگا۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے قوسی افراد ان تواریخ میں حصہ لیں 02 تا 06 فروری، 12 تا 16 فروری، 06 تا 12 مارچ، 29 تا 30 مارچ، 03 تا 06 اپریل، 30 اپریل، یکم، 2 مئی، 24 تا 27 مئی، 31 تا 27 مئی، 26 تا 28 جون، 28 تا 30 جون، 12 تا 14 جولائی، یکم تا 06 اگست، 17 تا 19 اگست، 31 اگست، یکم ستمبر، 3 ستمبر، 26 تا 30 ستمبر، 13 تا 15 اکتوبر، 18 تا 20 اکتوبر، 14 تا 16 نومبر، 26 تا 30 نومبر، یکم، 3، 19، 20 دسمبر بننے سے بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر: ۔بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال طالع میں 26 فروری تک رہنے سے صحت کا تسلسل قائم رکھنے کیلئے حفظان صحت کے اصولوں پر آپ اور اپنی فیملی کیلئے سختی سے عمل پیرا ہونے کیلئے زور دیں گے راہو کیتو چھٹے بارہویں 19 مارچ تک رہتے ہوئے نظر بد جادو ٹونہ جیسی شکایات کو محسوس کریں تو اس کا سب سے اچھا اور بہتر علاج سنت نبویؐ کے مطابق 70 مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اپنی فیملی کو پلائیں اور اسی پانی یا عرق گلاب پر دم کر کے گھر اور کام کی جگہ پر سپرے کریں۔ ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے ملازمتی ترقی ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے عزت و منصب میں ترقی ملے بیروزگار افراد کو اندرون و بیرون ملک ملازمتی کیرئیر کو سنوارنے کے مواقع ملیں تبدیلی ملازمت کیلئے بھی یہ اچھا وقت ہے زہرہ مشتری سعد نظرات 30 اپریل، یکم، 2 مئی، 28، 29، 30 جون، 17، 18، 19 اگست، 14، 15، 16 نومبر بننے سے قانونی مقدمات روزگار اور صحت کے معاملات بہتر اور بحال رہیں گے زہرہ مشتری نحس نظرات 24، 25، 26 جولائی، یکم، 2 اکتوبر، 8، 9، 10 دسمبر نحس تواریخ اپنے اہم کاموں اور صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں اور حسب توفیق صدقہ ضرور دیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی: ۔بیت الزوج اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال دوسرے زحل کے ہمراہ ہونے سے شادی شراکتی معاملات میں بہتری آئے شادی کی عمر کو پہنچنے والے قوسی لڑکے لڑکیوں کی شادی کے حوالے سے 2022ء نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے خصوصاً ستارہ مشتری کی 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء اپنے قانونی ذاتی گھر میں 12 سال کے بعد آمد خانگی ازدواجی

خوشیوں کا باعث بنے ناراض زوجین کے مابین صلح وصفائی بآسانی ممکن دکھائی دیتی ہے عطارد مشتری سعد نظرات 22,21,20 مارچ، 28,27,26 اپریل، 21,20,19,18 مئی، 21,20,19 جون، 24,23 جولائی، 17,16 نومبر بننے سے منگنی شادی شراکتی کاروباری تعلقات خوشگوار انداز سے انجام پائیں ستارہ عطارد اس سال چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر ہونے سے 14 جنوری تا 04 فروری، 10 مئی تا 03 جون، 10 ستمبر تا 02 اکتوبر، 29 دسمبر تا 18 جنوری 2023ء یہ بھی مندرجہ بالا ایام نہایت احتیاط کے طالب اور حسب توفیق ان ایام میں صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

وراثت, انشورنس, کلیم:۔ 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی اور ابتدائے سال میں بیت الخوف کا مالک ستارہ قمر بار ہویں ہمراہ مریخ کیتو اور مقابل راہو ہونے سے وراثتی شراکتی معاملات قابل توجہ ہونگے آسانی سے معاملات حل ہوتے ہوئے دکھائی نہیں دیتے آپ عموماً عام حالات سے ہٹ کر زیادہ توجہ مختص مشاورت اور ہم خیال دوستوں سے راہنمائی لینے کی ضرورت کو نظر انداز نہ کریں توجہ فرمانے سے ستارہ مشتری کی سعادت 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء ملنے سے انجام کار بھی معاملات سال کے آخر تک ممکنہ حل ہو سکیں گے وراثتی مسائل کے حل ممکنہ کوئی انشورنس کلیم یا مشترکہ مفادات کے کام اُلجھنوں کیساتھ سلجھتے بھی رہیں گے اسم اعظم یا مُسَبِّبُ الْاَسْبَاب بلاناغہ ایک تسبیح اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا اور دعائیں کرنا نیک ثابت ہوگا۔

مستقبل کی منصوبہ بندی, بیرون ملک سفر قانونی مشاورت و اعلی تعلیم:۔ 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی نئی زمانہ نئے حالات وواقعات کے تحت آپ اپنی گزشتہ مستقبل کی بنائی گئی منصوبہ بندی پر از خود نظر ثانی کرنا پسند کریں بزرگوں اور مخلصین کی مشاورت شامل حال رہے بیت الحصیب اور سفر کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے سفر قانونی مشاورت کے علاوہ اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک جانے کے خواہاں طلبہ کو حسب منشاء کوئی اسکالرشپ مل سکتا ہے 29 اپریل تبدیلی زحل ساڑھ ستی کا زور ٹوٹ جانے سے اپنے مستقبل کی درخشاں پلاننگ کر لیجئے سے آئندہ آنے والا مارچ 2025ء کا عرصہ نہایت اہم دکھائی دیتا ہے شمس مشتری سعد نظرات 23,22 مئی، یکم,2 اگست، 22,21,20 نومبر بننے سے حج وزیارات وعمرہ اور مقدس مقامات کی زیارت کا شوق بڑھے گا کوئی سا روحانی سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔

کیرئیر, کاروبار, عزت ووقار:۔ 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کے کیرئیر اور کاروباری معاملات میں بھی مثبت تبدیلیاں لائیں گے سات سال سے جاری ساڑھ ستی کا زور بھی اس سال ٹوٹ جائیگا اور ستارہ مشتری کی سعادت 13 اپریل سے سال کے آخر تک آپ کو ملتی رہیگی کاروبار اور کیرئیر میں وسعت کیلئے ستارہ عطارد کی تمام سعد تواریخ 02 جولائی تا 16 جولائی، 21 اگست تا 26 اکتوبر عروج وشرف یافتہ رہتے ہوئے عطارد اپنی سعادتیں بڑھائے گا اس کے علاوہ عطارد مشتری سعد نظرات 22,21,20 مارچ، 28,27,26 اپریل، 21,20,19,18 مئی، 21,20,19 جون، 24,23 جولائی، 17,16 نومبر بننے سے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہیگا حکام اور بااثر لوگوں سے تعلقات میں خوشگواری آئیگی کاروباری وسائل نئے کاروباری معاہدے نئے کام کی ابتداء الغرض عزت وکیرئیر اور اپنے کاموں کو آگے بڑھانے کیلئے جو بھی کوششیں کریں گے قدرت اس میں بے پناہ آسانی عطا کرے خواہ آپ کے وسائل محدود ہی کیوں نہ ہوں۔ نئے تجربات کے ساتھ ماضی سے سیکھے گئے سبق بھی ذہن میں رکھیں عطارد مشتری نحس نظرات 3 مئی، یکم,9,8 جولائی، 20,4,3,2 ستمبر، 12 اکتوبر، 7,6,5 دسمبر بننے سے آپ اپنے اہم فیصلے یا کاروباری فیصلے کرنے میں محتاط رہیں۔

دوست احباب, خواهشات, کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں طالع میں ہونے سے اور اس سال چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کے جذبات واحساسات اور خواہشات کی جلد تکمیل کیلئے آپ ابتدائے سال سے ہی کوششیں شروع کر

دیں گے حلقہ احباب میں وسعت سماجی سیاسی مذہبی مصروفیات سارا سال جاری رہیں گی تاہم راہو کیتو کے 19 مارچ چھٹے بارہویں ہونے سے اپنے دوست نما حاسدین اور مخالفین سے محتاط رہنے کا اشارہ ہے اس کے علاوہ زہرہ مشتری نحس نظرات 26,25,24 جولائی، یکم، 2 اکتوبر، 10,9 دسمبر بننے سے ایسے حاسد نما دوست جن پر آپ بھروسہ کرتے ہیں آپ کے لئے نقصان کا باعث بن سکتے ہیں محتاط رہیں۔ ان مخصوص خراب ایام کے علاوہ مجموعی طور پر پورا سال ہی وقفہ وقفہ سے خوش بختیاں ملتی رہیں زہرہ مشتری سعد نظرات 30 اپریل، یکم، 2 مئی، 30,29,28 جون، 19,18,17 اگست، 16,15,14 نومبر بننے سے آپ کی کئی ایک دیرینہ خواہشات پوری ہوں کاروباری فوائد اور زمین جائیداد کی خرید و فروخت سے بھی ممکنہ فوائد ملیں آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی دوسروں کو متاثر کئے بغیر نہ رہ سکے ہر جمعہ حسب توفیق حشرات الارض کو شکر یا چینی کا صدقہ ڈالنا نہایت احسن اقدام ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ 2022ء بیت الاعداد کا حاکم ستارہ مریخ اپنے ذاتی گھر میں ہمراہ کیتو اور قمر در عقرب ہونے سے 2022ء آپ کے خلاف سازشوں کی ابتداء پہلے تین چار ماہ کچھ زیادہ ہی دکھائی دیتی ہے اپنے حاسدین و مخالفین سے محتاط رہتے ہوئے اور ممکنہ نظر بد جادو ٹونہ سے بچنے کیلئے کسی بھی منگل حسب توفیق جانور کی قربانی دینا رد بلا ثابت ہوگا تاہم حصول امیگریشن کیلئے 2022ء ایک اہم سال دکھائی دیتا ہے نیز خوش بخت ایام طالع اور چوتھے کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء چوتھے اپنے ثانوی گھر میں آنے سے جبکہ یہ فطرتی طور پر بارہویں گھر کا مالک ہے اس کی سعد نظرات مئی تا دسمبر آپ کو ملنے سے آپ کے حاسدین و مخالفین زیر ہوں صوم و صلوٰۃ کی پابندی کرنے والے قوسی افراد کسی بھی ممکنہ پریشانی سے بچے رہیں عبادات اور ریاضت مراقبہ یوگا اور خصوصاً عبادات الٰہی میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں آپ کے ہاتھوں صدقہ جاریہ کے کئی ایک کام انجام پائیں۔

قوسی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2022ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے یکم مئی سورج گرہن پانچویں لگنے سے اولاد و انعام محبت جیسے بھی امور خصوصاً صاحب اولاد قوسی افراد کو اپنے ساتھ اپنے بچوں کا صدقہ بھی ضرور نکالنا چاہئے 16 مئی چاند گرہن بارہویں لگنے سے آپ کے حاسدین و مخالفین آشکار ہوں معافی کے خواستگار ہونے کے علاوہ ایسے قوسی جو دیرینہ ہسپتال اور ڈاکٹروں کے چکر لگا رہے ہیں انہیں کوئی مسیحا یا مرشد کامل مل جانے سے دعا اور دوا سے شفاء اور آفاقہ ملے 25 اکتوبر سورج گرہن گیارہویں لگنے سے قریبی دوست احباب سے اختلاف رائے دھوکا دہی کا اندیشہ پایا جاتا ہے دوسروں سے وابستہ توقعات میں ناکامی 08 نومبر چاند گرہن پھر پانچویں لگنے سے اولاد و انعام محبت میں تفکرات خصوصاً محبوب کی بے وفائی کا صدمہ پیش آسکتا ہے۔ ان ایام میں چاول کا ٹوٹا اور باجرہ بہترین صدقہ و خیرات ہے اور دو نفل نماز کسوف و خسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 30,25,16,11,6,2 جنوری، 26,22,13,7,4,3 فروری، 30,26,22,21,12,7,5,3 مارچ، 27,23,18,9,4 اپریل، 30,29,25,23,20,7,2 مئی، 26,21,17,13,4 جون، یکم، 29,24,23,19,15,11 جولائی، یکم، 25,20,18,11,7 اگست، یکم، 30,21,16,11,7 ستمبر، 31,27,18,13,9,4 اکتوبر، 28,23,21,16,15,14,9,5 نومبر، 29,25,21,11,7,2 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 27,21,13 جنوری، 24,17,10 فروری، 24,17,10 مارچ، 21,14,7 اپریل، یکم، 18,16,12,5 مئی، یکم، 29,20,15,9 جون، 26,25,13,9,6 جولائی، 30,22,9,3 اگست، 27,19,18,5,3 ستمبر، یکم، 29,25,23,15,12,2 اکتوبر، 26,19,12,8 نومبر، 17,9,6 دسمبر۔

2022ء جسکا مفرد نمبر 6 ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفاء یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلاناغہ 222 مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دعا کریں ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ یَاعَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَاعَزِیْز''

2022ء آسمانی کونسل پر ابتدائے سال میں بھی ستارے ماسوائے زہرہ ستاروں کی نہایت مضبوط پوزیشن دکھائی دیتی ہے شمسی سال حتی کے باوجود قدرت آپ پر مہربان رہے گی اس سال چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو برج تبدیل کرنے سے آپ کی روز مرہ زندگی کاروباری خاندانی معاملات اور خانگی امور میں خوشگوار تبدیلیاں وقفہ وقفہ سے سارا سال لاحق رہیں گی طالع اور دوسرے کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل جو گزشتہ تقریباً دو سال سے طالع میں چلا آ رہا تھا 29 اپریل تا 17 جولائی اپنے عارضی قیام کے دوران خانہ مال میں آنے سے خاندان میں وسعت ذرائع آمدن میں اضافہ گزشتہ سالوں کی بہ نسبت ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے آپ کی ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ زمین جائیداد پراپرٹی کا حسب منشاء فائدہ ملے آپ کا تعلق کسی بھی شعبے سے کیوں نہ ہو آپ ان خوشگوار تبدیلیوں کو اپنی طرف آتا ہوا محسوس کریں مستقل مزاجی اور ضبط نفس 2022ء آپ کی کامیابی کا راز خود اعتمادی اور عملی قوت میں اضافے سے نہ صرف آپ اپنی صحت جسمانی بہتر محسوس کریں بلکہ بلا امتیاز و مذہب و ملت دوسروں کے کام آ کر اور خصوصاً اہل خاندان اور اپنی فیملی کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ کی کاوشیں ہر لحاظ سے سراہی جائیں آپ کے تمام معلوم نامعلوم حاسدین زیر ہوں اور ان کی کئی سازشیں بھی آپ اور آپ کی فیملی کے خلاف بے اثر ثابت ہوں اولاد کے خواہاں جدی افراد کے ہاں خوش بخت اولاد اور ممکن اولاد نرینہ کی خوش بختی دکھائی دیتی ہے اسٹاک شیئرز انعامات لاٹری سے بھی غیر متوقع طور پر دولت کا حصول ممکن ہے۔ ستارہ مشتری کے 12 سال بعد 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء تیسرے آ جانے سے آپ اپنے اندر ایک ڈائنامک اور روحانی قوت محسوس کریں یوں لگے گا کہ آپ جس کام کی بھی طرف بڑھیں قدرت آپ کیلئے آسانیاں مہیا کرتی چلی جائیگی سواری کے حصول کے خواہاں افراد کو حسب پسند سواری مل سکے گی۔ بزرگوں اور والدین کی مدد و نصرت ان کی دعائیں یا پھر آپ کی زندگی میں اس سال بہت اہم روحانی شخصیت سے تعلق آپ کا مقدر سنوارنے خود شناسی سے خدا شناسی عبادت و ریاضت قرآن فہمی سے فیض یابی فہم و شعور میں اضافہ اپنا نیز مقدر سنوارنے اور مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کی گئی کوششیں ہر لحاظ سے بارآور ثابت ہوں ستارہ زحل 05 جون تا 23 اکتوبر جن دنوں رجعت یافتہ (اُلٹا) ہوگا جب مالی لین دین میں احتیاط دوسروں سے گفتگو کرتے ہوئے حد ادب اخلاقیات خصوصاً حساس مذہبی معاملات میں نہایت احتیاط اور صبر و تحمل سے کام لیں۔ اس سال کا بہترین اسم اعظم تحفہ خدا اللہ اکبر 289 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر نماز فجر یا کسی نماز کے بعد پڑھنا اور دعائیں کرنا معمول بنالیں اللہ اکبر پڑھتے ہوئے خدا کی کبریائی ذہن میں رکھتے ہوئے اپنا سانس کھینچتے ہوئے اپنے قلب کی طرف متوجہ ہو کر اپنا سانس باہر نکالیں تسبیح کو ٹھہر ٹھہر کر آرام سے پڑھیں یوں آپ کے دل سے خون کی جانے والی شریانوں کی پمپنگ آپ کے پورے جسم میں خون کی گردش شفایابی کا کام دے آپ دن بھر ہر قسم کی نظر بد ہر مرض سے محفوظ رہیں اس روحانی عمل کا فائدہ آپ اگر دنوں میں محسوس کریں تو یہ روحانی عمل آپ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی ضرور بتائیں۔

آپ کی شخصیت:۔ آپ کا حاکم ستارہ زحل جو مشترکہ طور پر طالع اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم آپ کی خوش بختی 2022ء میں یوں نمایاں طور پر

دکھائی دیتی ہے کہ ستارہ زحل یکم جنوری تا 28 اپریل طالع اور پھر 17 جولائی تا 17 جنوری 2023ء خانہ مال میں رہے گا آپ کی تخلیقی فنی پیشہ وارانہ خود اعتمادی میں بے پناہ اضافہ ہوگا قدرت 2022ء میں ان ہر دو اچھے گھروں کی سعادت کے سبب آپ کو بے پناہ نعمتوں سے نوازے گی آپ کا تعلق کسی بھی علاقہ یا ماحول سے کیوں نہ ہو آپ ان خوشگوار تبدیلیوں کو محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے مستقل مزاجی ہمت وحوصلہ سے آپ ذاتی یا اجتماعی طور پر کئی ایک کارہائے نمایاں انجام دینے کی پوزیشن میں ہوں گے آپ کی عزت وساکھ نیک نامی میں مسلسل اضافہ لوگ آپ کی کامیابیوں پر رشک کرنے لگیں گے شمسی ساڑھ ستی کے باوجود چار اہم ستاروں کی زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی ہر لحاظ سے نفع بخش ثابت ہو۔ ستارہ زحل 05 جون تا 23 اکتوبر رجعت (الٹا) میں ہونے اور 19 مارچ راہو کیتو کی تبدیلی کے سبب آئندہ خصوصاً جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر احتیاط طلب ماہ ہیں ان ایام میں 60 سے زیادہ عمر والے بزرگ اور مستحق افراد کی خدمت کرنا ایک بہترین حسن عمل یا صدقہ شمار کیا جا سکتا ہے اس عمل سے آپ اپنی بھی نحوستوں کو دور کر سکتے ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 29 اپریل تا 12 جولائی اور پھر 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء اپنے ذاتی گھر میں آکر نہایت طاقتور ہو جائے گا شمسی ساڑھ ستی کے باوجود زحل کا اپنے گھر میں طاقتور ہونا آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ لائے گا اس سال اپنے ہاتھ میں نگینہ سفید پکھراج اوپل یا پھر ہیرا حسب حیثیت لے کر پہننا بہت نیک ثابت ہوگا ستارہ زحل 2022ء میں پہلے دوسرے تیسرے چوتھے ساتویں آٹھویں اور دسویں گیارہویں گھروں کے منصوبات کو ابھارے گا مالی ذرائع آمدن اور کاروباری مسائل میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی لیکن بعض جدوی افراد ان تبدیلیوں کو اس سال گو پسندیدہ خیال نہ کریں تاہم آنے والے سال 2025,2024,2023ء نہایت اہم منافع بخش ثابت ہوں گے جز وقتی یا طویل المعیاد معاشی اسکیموں میں حصہ لینا مستقبل میں یقینی طور پر نفع بخش ثابت ہوگا مقروض جدوی افراد کو قدرت اتنا عطا کرے گی کہ وہ اپنے قرض سے نجات پا سکیں ذرائع آمدن میں اضافہ اور ہر طرح کی مالی خوش بختیوں کے حصول کیلئے چاشت کی نماز کے بعد ایک مرتبہ گیارہ آیات کی سورۃ الطلاق اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا معمول بنالیں (آیت نمبر 5 جب آئے تو اسے 21 مرتبہ اسی جگہ دہرائیں) ستارہ زحل زہرہ کی سعد نظرات 27,28,29,30 مارچ، 23,24,25 مئی، 12,13,14 جولائی، 13,14,15 اکتوبر، یکم 2,3 دسمبر بننے سے مالی استحکام اور مستقبل کا مالی تحفظ آپ محسوس کریں کوئی بڑا انشورنس پلان لینا بھی دانشمندی ہوگی۔ زحل زہرہ نحس نظرات 18,19 جون، 28,29 اگست، 2 ستمبر، 8,9 نومبر بننے اور ستارہ زحل کی رجعت (الٹا) 05 جون تا 23 اکتوبر یہ بھی ایام احتیاط اور صدقہ وخیرات کے طالب ہوں گے۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد اپنے ذاتی ثانوی گھر میں 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء آنے سے آپ کی خود اعتمادی ہمت وحوصلہ میں غیر معمولی اضافہ کرے عزیز واقارب پڑوسیوں سے خوشگوار تعلقات علمی وادبی صلاحیتوں میں نکھار آپ اپنے عزیز واقارب بہن بھائیوں کی بآسانی خدمت کرنے کے اہل ہوں گے قدرت کی عطا کردہ اس فیاضی سے اپنے احباب کو سیراب کریں ان کی ضروریات کے مطابق اور انکے سوال کرنے سے قبل آپ نے ان کی خدمت کی تو جواباً قدرت بھی آپ کو وہ کچھ عطا کرے گی جس کے آپ اہل بھی نہ ہوں گے اندرون ملک کاروباری سیاحتی عزیز واقارب سے تجدید مراسم کیلئے اندرون ملک متعدد سفر پیش آئیں قریبی احباب سے آپ کے جدید کیمونیکشن آئی ٹی کے روابط میں اضافہ ہوگا اس سال آپ اپنے عزیز واقارب کو خوشی دیگر وروحانی خوشی پا سکیں گے جو پہلے کبھی آپ کو میسر نہ ہوئی ہو ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) میں ہونے کے سبب بہن بھائیوں کی کچھ ایسی فرمائشیں بھی آپ کو ملیں جسے پورا کرنا شاید آپ کے بس میں ہو یا نہ ہو تاہم زیادہ سے کم خدمت کرنا بھی ایک بہترین اچھا عمل ثابت ہوگا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ مریخ 2022ء میں عجیب وغریب طریقے سے آپ کو فائدہ دے چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی بھی اس کی وجہ بنے ستارہ مریخ یکم تا 15 جنوری، 27 جون تا 10 اگست عروج یافتہ جبکہ 26 فروری تا 07 اپریل طالع میں شرف یافتہ ہونے سے خانگی اور خاندانی ذمہ داریوں میں اضافہ لائے گا اہل خاندان کے ساتھ بلاوجہ جذباتی پن غم وغصہ سے احتراز کریں زمین جائیداد کی خرید وفروخت اگرچہ حسب منشاء ہوگی تاہم لین دین کرتے وقت تمام قانونی پیپر قبل از وقت چیک کر لیں زراعت اور باغبانی سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی فصلوں سے اچھا نفع کمانے کیلئے زرعی اصولوں کو اپناتے ہوئے اپنی فصلوں پر خصوصی توجہ دیں ستارہ مریخ کا طالع میں قران 03 تا 06 اپریل اور تربیع 06 تا 09 اگست بنے گی جب ستارہ زحل 27 سال بعد عروج یافتہ اور ستارہ مریخ شرف یافتہ ہوکر ہر دو ستاروں کی مشترکہ اچھی نشست بھی آپ کو وہ فائدہ دے گی جو یہ ستارے الگ الگ ان سعد مقامات پر

دیتے ہیں غفلت سے ٹریفک حادثات سے زخمی ہونے کے خدشات اندیشے پائے جاتے ہیں خواہ آپ سڑک ہی پار کیوں نہ کر رہے ہوں اہل خاندان کے افراد میں اچانک کوئی مسئلہ بھڑک سکتا ہے اور آپ کی صلح صفائی کرانے کی کوشش خواہ مخواہ آپ کے گلے پڑ سکتی ہے۔ ان ہی ایام میں سفید اشیاء چاول کا توڑ دودھ یا کسی ویلفیئر ادارے کو ایک جوڑا وائٹ کپڑا بطور کفن صدقہ دینا نہایت اچھا عمل ثابت ہوگا تاہم مریخ زحل سعد نظرات **29,28,27,26** جون، **30,29,28,27,26** ستمبر، **28,27,26** نومبر، یکم دسمبر بننے سے گزشتہ پیدا شدہ تمام مشکلات پر باآسانی قابو پایا جاسکے گا آپ کی خاندانی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور کیریئر کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں بارہویں گھر یکم جنوری تا **26** فروری ہونے سے کیریئر اور کاروبار کے حوالے سے جنوری فروری کچھ زیادہ محنت اور آزمائش طلب دکھائی دیتے ہیں تاہم جیسے جیسے وقت گزرے گا حالات میں بہتری آنے لگے گی خصوصاً ستارہ مشتری **12** سال کے بعد اپنے ثانوی ذاتی گھر میں **13** اپریل تا **21** اپریل **2023**ء آنے سے اور شراکت کاروباری فوائد اور نصیب کے گھر کو سعد ناظر رہنے سے آپ کی تمام مشکلات کو دور کرنے کا باعث بنے گا قدرت کی اس فیاضی کیلئے مسلسل شکر بجالاتے رہیں یقیناً شکر سے نعمتوں میں اضافہ ہوتا ہے ستارہ زہرہ **27** اپریل تا **23** مئی شرف یافتہ، **18** جون تا **13** جولائی، **18** اکتوبر تا **11** نومبر عروج یافتہ ہونے سے کاروباری وسائل عزت و ترقی میں اضافہ ہوگا جب نئے کام کی ابتداء کرنا اور جاری کاموں میں سرمایہ کاری کرنا عزت شہرت اور کاروباری حلقوں میں نیک نامی کا سبب بنے۔ بااثر حکام سے قریبی فوائد اور ملازمتی فرائض کی ذمہ دارانہ انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے زہرہ زحل سعد نظرات **30,29,28,27** مارچ، **25,24,23** مئی، **14,13,12** جولائی، **15,14,13** اکتوبر، یکم، **3,2** دسمبر بننے سے نئے کاروباری وسائل میں اضافہ ہو مستقل مزاجی سے کم وسائل سے بھی شروع کیا گیا کاروبار بتدریج نفع کا باعث بنے آپ اپنے کاروبار کی تشہیر کیلئے جو بھی طریقہ کار اپنائیں اپنے کاروبار کو بتدریج بڑھتا ہوا پھلتا پھولتا پائیں ستارہ زہرہ زحل نحس نظرات **19,18** جون، **29,28** اگست، **2** ستمبر، **8,7,6** نومبر بننے سے اپنے اہم کاروباری معاملات کو اس دوران خصوصی توجہ دیں حسب توفیق صدقہ وخیرات دینا بھی رد بلا ثابت ہوگا۔ اپنے قیمتی کاروباری سرمائے کو کسی ممکنہ نقصان سے بچنے کیلئے انشورنس یا پھر قدرت سے فرض زکوٰۃ کی ادائیگی کرکے اس کا یقینی تحفظ بنائیں پرائز بانڈ انٹرنیشنل لاٹری میں حصہ لینے والے شوقین جدوی افراد ان ایام میں حصہ لیں **16,15,14,13,12** فروری، **30,29,28,27** مارچ، **25,24,23** مئی، **29,28,27,26** جون، **14,13,12** جولائی، یکم، **5,4,3,2** اگست، **30,29,28,27,26** ستمبر، **20,19,18,15,14,13** اکتوبر، **28,27,26** نومبر، **3,2** دسمبر بننے سے حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیریئر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں یکم تا **05** مارچ طالع میں زحل کے ہمراہ ہونے سے حفظان صحت کے اصولوں کو اپنانے سے آپ اپنا اور اپنی فیملی کا بہتر خیال رکھنے کی صلاحیت پالیں گے ارضی وسماوی امراض سے بچنے کیلئے جنوری، فروری، مارچ ہر ہفتے چائے کی پتی یا حسب توفیق **60** سے زیادہ عمر کے افراد کی خدمت کرنا بہترین صدقہ یا عمل ثابت ہوگا ستارہ عطارد **02** جولائی تا **16** جولائی عروج یافتہ، **21** اگست تا **26** ستمبر شرف یافتہ ہونے سے بیروزگار افراد کو حسب پسند روزگار کے مواقع ملیں ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے قرض اور مقدمات سے بھی اس عرصہ میں باآسانی سرخرو ہو سکتے ہیں ستارہ عطارد اس سال چار مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر ہونے سے **14** جنوری تا **04** فروری، **10** مئی تا **03** جون، **10** ستمبر تا **02** اکتوبر، **29** دسمبر تا **18** جنوری **2023**ء یہ بھی ایام اور خصوصاً **24** مارچ تا **08** اپریل، **03** دسمبر تا **31** دسمبر ان بھی ایام میں ملازمتی فرائض میں غیر ذمہ داری سے سبکی یا تنزلی کے خدشات احتیاط لازم رکھیں۔ اپنی سالگرہ کے قریب اپنا میڈیکل چیک اپ خصوصاً دوران خون کے امراض اور ذہنی تفکرات سے بچنے کیلئے صوم وصلوٰۃ نماز پنجگانہ کی پابندی آپ کو جسمانی وروحانی شفا سے قریب کرے گی اپنے ڈاکٹر کے مشورہ سے تجویز کردہ اغذیہ وادویہ استعمال کرنے کے ساتھ ہلکی پھلکی ورزش اور صحت مندانہ سرگرمیوں میں حصہ لینا مفید ثابت ہوگا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ ساتویں کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں قمر در عقرب اور منزل قلب (ہیئت مچھ) ہونے کے سبب اپنے خانگی وازدواجی تعلقات میں خصوصی توجہ اور شفقت سے کام لیں فطرتی محبت کا ستارہ زہرہ بھی ابتدائے سال میں یکم جنوری تا **26** فروری تک

بارہویں شمس گھر ہونے کے سبب طبیعت میں چڑچڑا پن غم وغصہ ہونے کے سبب دوسروں سے بلاوجہ اختلاف رائے بدمزگی پیدا ہونے کے خدشات بعید از قیاس نہیں ان ایام میں زوجین کے مابین اختلاف رائے خدانخواستہ علیحدگی کا باعث بن سکتا ہے لازم ہوگا کہ سال کے پہلے تین ماہ جنوری، فروری، مارچ نہایت صبر وتحمل سے گزاریں امسال چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی جدوی لڑکے لڑکیوں کی اچانک اور غیر متوقع شادی کے پیغامات اور فوری شادی ہو جانے کے امکانات دکھائی دیتے ہیں۔ خصوصاً سعد اکبر ستارہ مشتری 14 مارچ تا 21 اپریل 2023ء جب تیسرے ساتویں گیارہویں گھروں کو سعد ناظر ہونے سے ایسے جدوی مرد وزن جو عقد ثانی کرنے کے خواہاں ہیں ان کی حسب منشاء شادی خانہ آبادی یقینی طور پر ہو جائے گی مئی تا دسمبر کے سبھی مہینے خانگی ازدواجی شراکتی اور مشترکہ مفادات سے فائدہ ملے گا۔ ستارہ قمر کی ہر ماہ سعد پوزیشن کی تواریخ بھی نوٹ فرمالیں 19,18,17,14,13,12 جنوری، 15,14,10,9 فروری، 14,13,9,8,7 مارچ، 10,9,6,5,4 اپریل، 31,30,29,8,7,3,2 مئی، 30,27,16,25,4,3 جون، یکم, 29,28,27,23,22,2 جولائی، 25,24,20,19 اگست، 22,21,20,17,16,15 ستمبر، 19,18,17,14,13,12 اکتوبر، 15,14,10,9 نومبر، 13,12,11,8,7,6 دسمبر خوش بختی کے اعتبار اور رشتوں میں آسانی کیلئے یہ تواریخ بھی معاون اور مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔

جلد شادی کے خواہاں اسم اعظم یا وارث 707 مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے نیک مقصد کے حصول کیلئے دعائیں کرنا معمول بنالیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی وراثتی اور شراکتی معاملات میں جاری شمسی سازگاری کے باوجود خواہ مخواہ الجھاؤ لائیں گے بیت الخوف کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی، 15 جون تا 17 اکتوبر، 17 اگست تا 17 ستمبر شرف شمس اوج وعروج کی ان ایام میں سعادت ملنے سے وراثتی معاملات آبرومندانہ طریقے سے حل ہو سکتے ہیں انشورنس کلیم یا پھر بغیر محنت کے دولت ان سبھی ایام میں متوقع دکھائی دیتی ہے شمس زہرہ زحل سعد نظرات 30,29,28,27 مارچ، 14,13,12 اپریل، 24,23 مئی، 17,16,15 جون، 14,13,12 جولائی، 15,14,13,12,11 اکتوبر، یکم, 14,13,12,11,3,2 دسمبر بننے سے مندرجہ بالا سبھی نیک منصوبات وراثت انشورنس کلیم یا مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کام حسب منشاء کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ نویں نصیب اور بیت السفر کا حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں یکم جنوری تا 05 مارچ طالع کے حاکم زحل کے ہمراہ رہنے سے آپ اپنی اور اپنی فیملی کی مستقبل کی منصوبہ بندی انتہائی ذہانت اور سمجھداری سے انجام دینے کے علاوہ اجتماعی سماجی وسیاسی اور روحانی خدمات بھی دوسروں کیلئے پیش کرنا پسند کریں ستارہ عطارد 02 جولائی تا 16 جولائی عروج یافتہ، 21 اگست تا 26 اکتوبر شرف یافتہ نصیب کے گھر میں رہتے ہوئے آپ کا مقدر سنوارے گا مجموعی طور پر یہ سبھی ایام بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد اعلیٰ تعلیم کے حصول اور امیگریشن اپلائی کرنے جیسے سبھی اقدامات نیک دکھائی دیتے ہیں حج وعمرہ وزیارات مقدسہ پر جانے والے افراد اپنی نیک نیتی سے اجر و ثواب پائیں گے خواہ انہیں زاد سفر کیلئے مشکلات ہی کیوں نہ پیش آئیں ستارہ عطارد زحل زہرہ کی سعد نظرات 30,29,28,27,3,2 مارچ، 19,18,17,16,8,7 اپریل، 25,24,23,7,6,5 مئی، 14,13,12,3,2 جولائی، 27,26 ستمبر، 23,22,15,14,13 اکتوبر، 30,29,25,24,23,22,21,20,19,18 نومبر، یکم, 30,29,28,2 دسمبر مجموعی طور پر 2022ء کی نہایت خوش بخت تواریخ جو آپ کا مقدر سنوار دیں مستقبل کی منصوبہ بندی بیرون ملک تفریحی روحانی یا کاروباری سفر اور اعلیٰ قانونی مشاورت کے ساتھ ساتھ طلبہ کیلئے بھی بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے مواقع اسکالرشپ مل جانے کے روشن امکانات دکھائی دیتے ہیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیریئر کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں بارہویں شمس گھر 26 فروری تک رہتے ہوئے سال کا آغاز کاروباری لحاظ سے توقعات کے مطابق نہ ہو سکے گا تاہم جیسے ہی چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی 19 مارچ 13 اپریل اور 29 اپریل ان ستاروں کی یکے بعد دیگرے بروجی تبدیلیاں آپ کے کیریئر اور کاروبار میں اُتار چڑھاؤ لا سکتی ہیں 2022ء کیریئر اور کاروبار کیلئے اس لحاظ سے نہایت اہم ہے کہ اپنے کاروبار پر مکمل توجہ دیں ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11

نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے کاروباری وسائل میں بہتری اور آسانیاں لائیگا خصوصاً ستارہ زحل 29 اپریل تا 12 جولائی جب خانہ مال میں اپنے گھر کا حاکم ہو کر 27 سال بعد آئے گا تو یہ وقت کاروباری عروج اور ترقی کیلئے نہایت سازگار دکھائی دیتا ہے نئے کاروبار کی ابتداء اور جاری کاروبار میں مزید سرمایہ کاری کرنا ہر لحاظ سے نفع بخش ثابت ہوگی زہرہ زحل سعد نظرات 27,28,29,30 مارچ، 23,24,25 مئی، 12,13,14 جولائی، 13,14,15 اکتوبر، یکم,2 دسمبر بننے سے کاروباری وسائل میں یقینی طور پر اضافہ ہو سکے گا بااثر اشخاص اور حکام سے قریبی تعلقات پیشہ ورانہ کامیابیاں مستقل مزاجی فرمانے سے بآسانی ممکن ہیں 2022ء اپنے ہم اثر کاروباری احباب سے آگے نکل جانے کے چانسز گزشتہ سالوں کی نسبت کچھ زیادہ ہی دکھائی دیتے ہیں۔ زہرہ زحل نحس نظرات 18,19 جون، 28,29 اگست، 2 ستمبر، 6,7,8 نومبر یہ ایام کاروباری لین دین اور معاہدے تحریر کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں اپنے ذاتی گھر میں ہمراہ شرف یافتہ کیتو کے ہونے سے جنوری، فروری، مارچ کے مہینے سماجی سیاسی مصروفیات کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتے ہیں حلقہ احباب میں وسعت خواہ آپ کا تعلق سماجی سیاسی یا مذہبی معاملات سے ہی کیوں نہ ہو آپ اپنے ہم اثر حلقہ احباب میں عزت و شہرت پائیں گے آپ کی قائدانہ صلاحیتیں اجاگر رہیں گی 2022ء ابتدائے سال میں اسی گھر میں قمر در عقرب کا منزل قلب (ہیشٹا نچھتر) پر ہونا اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے حلقہ احباب میں اچھے برے سب لوگ آسکتے ہیں یہ مقولہ یاد رکھیں کہ انسان اپنے دوستوں سے پہچانا جاتا ہے کم ظرف اور حاسد لوگوں کی تطہیر کرنا آپ پر لازم ہوگا ورنہ ایسے لوگوں سے ثواب تو نہ ملے گنا ہوں کا کفارہ آپ کو ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عقل مند کیلئے اشارہ ہی کافی ہے۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 12 اپریل خانہ مال میں اور پھر 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء بیت الاقرباء کے گھر میں ہونے سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ ستارہ مشتری کی 12 سال بعد دوسرے اور تیسرے آمد آمدن سے زیادہ اخراجات اور قریبی لوگوں پر انکی مالی ضروریات کی ذمہ داریوں پر اضافی اخراجات پیش آنے کے امکانات دکھائی دیتے ہیں حصول امیگریشن اور بیرون ملک جانے والے جدوی افراد کیلئے ستارہ مشتری کی رجعت (الٹا) 29 جولائی تا 24 نومبر جاری کاموں کی رفتار کو سست کر دے گی اپنی قیمتی اشیاء مال و اسباب کی حفاظت رکھیں رجعت مشتری کے زمانہ میں گمشدگی یا چوری چکاری کے خدشات بھی دکھائی دیتے ہیں۔

جدوی مرد و زن پر گرهنوں کے اثرات:۔ 2022ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے یکم مئی سورج گرہن چوتھے لگنے سے خاندانی و خانگی وسائل والدہ کی صحت کا خصوصاً خیال رکھیں جلد بازی میں ٹریفک حادثات بھی پیش آسکتے ہیں 16 مئی چاند گرہن گیارھویں لگنے سے دوسروں کے واسطہ توقعات پوری نہ ہو سکیں کاروباری اور جائیداد کے لین دین میں کسی رخنہ اندازی کا اندیشہ ہے 25 اکتوبر دسویں سورج گرہن لگنے سے آپ کی بڑھتی ہوئی کاروباری عزت اور ساکھ کو دیکھتے ہوئے حاسدین آپ کے خلاف سازشیں اور جادو ٹونہ جیسی بد حرکات کر سکتے ہیں 08 نومبر گیارھویں پھر چاند گرہن لگنے سے کسی دوست نما حاسد سے پریشانی یا مالی نقصان اٹھانے جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ ان ایام میں چاول کا ٹوٹا اور باجرہ بہترین صدقہ و خیرات ہے اور دو نفل نماز کسوف و خسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 4,9,14,24,28 جنوری، یکم,5,6,11,20,25 فروری، یکم,2,5,10,20,24,28,29 مارچ، 2,7,16,20,25,29 اپریل، 4,14,18,22,24,27 مئی، یکم,10,14,18,23,28 جون، 2,8,12,13,16,20,25 جولائی، 12,16,21,21 اگست، 4,8,12,17,27,28 ستمبر، یکم,5,10,12,14,23,24,28 اکتوبر، 2,6,21,25,28,29,30 نومبر، 2,3,8,12,18,21,26,31 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 11,19,26 جنوری، 8,16,22 فروری، 8,15,22 مارچ، 4,5,12,18,24 اپریل، یکم,2,9,15,16,29 مئی، 6,19,25 جون، 3,10,22,30,31 جولائی، 6,8,14,19,26,28 اگست، 2,22,29 ستمبر، 19,25,26 اکتوبر، 7,8,10,11,16,23 نومبر، 6,13,20 دسمبر۔

2022 ء جسکا مفرد نمبر **6** ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفا یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلا ناغہ **222** مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دعا کریں "اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَا عَزِیْز"

2022ء آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی ابتدائے سال میں چھپے کے حاکم قمر کا منزل قلب (عیش عشا مچھتر) قمر در عقرب کا دسویں ہونا سال کی ابتداء ملے جلے انداز سے ہوگی تاہم شرف یافتہ راہو کیتو چوتھے دسویں ابتدائی دنوں میں غیر متوقع طور پر کیریئر اور کاروباری معاملات میں سہارا دینے کی کوشش کریگا کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں **15** جنوری تک دسویں ہونے سے جرأت مندانہ اقدامات اُٹھانے سے کاروباری اور معاشی معاملات پر اپنی دسترس بہتر بنائی جاسکے گی **2022**ء ستاروں کی تبدیلی کے حوالے سے اپنی عزت ساکھ پیشہ ورانہ معاملات حکام اور بااثر لوگوں سے تعلقات بھی معاملات توجہ طلب دکھائی دیتے ہیں ایسے دلوی افراد جن کی صحت متاثر چلی آرہی تھی مئی تا جولائی ان کی صحت جسمانی ہر لحاظ سے بہتر ہوسکے گی یہ سال حفظان صحت کے اصولوں پر اپنانا صرف بلکہ اپنی فیملی کا بھی خیال رکھیں ستارہ مشتری **12** سال کے بعد **13** اپریل تا **21** اپریل **2023**ء دوسرے چھٹے اور دسویں گھر کو اچھی منسوبات سے نوازے گا ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہونگی نئے کاروباری معاہدے اور وسائل ملیں گے مئی **2022**ء سے اپریل **2023**ء کا زمانہ کاروباری تعمیر و ترقی کیلئے بے حد اہم دکھائی دیتا ہے آپ کے مالی وسائل کم ہی کیوں نہ ہوں محنت سے آپ کی کاروباری عزت و ساکھ میں بتدریج اضافہ ہوتا رہے گا قرض کی ادائیگی احسن طریقے سے ہوسکے گی مقدمات اور دیگر بلاوجہ کے قانونی مسائل سے بھی نجات مل سکے گی آپ کی عمر چالیس سال سے کم یا زیادہ ہو آپ اپنی صحت کو بہتر اور بحال رکھنے کیلئے کسی ٹیم ورک کے تحت اپنی صحت کو بہتر اور بحال رکھنے کی مشترکہ کاوشوں میں شامل ہو کر جسمانی اور روحانی خوشی محسوس کریں گے۔ ستارہ زحل کی **27** سال بعد **29** اپریل تا **12** جولائی اور پھر **17** جنوری **2023**ء تا **29** مارچ **2025**ء طالع کے حاکم زحل کا طالع میں آنا آپ کی زندگی کا یہ خوشگوار وقت دکھائی دیتا ہے آپ کی علمی اور فنی قابلیت میں اضافہ مستقل مزاجی اور ضبط نفس کے تحت آپ ذاتی اور اجتماعی طور پر جز وقتی یا مستقل بچانے پر اپنا اور اہل خاندان قریبی لوگوں کا کیریئر سنوارنے کیلئے اس سال خود اعتمادی سے علی الترتیب ایک سے زیادہ کاموں پر توجہ دیں گے مخلصین بزرگوں کی مدد و مشاورت آپ کے شامل حال رہیگی عمدہ منصوبہ بندی کے ساتھ آپ نے دو تین سال محنت تواتر و تسلسل سے اپنے کیریئر اپنے روزگار اور اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کوششیں کیں تو ان کے اچھے ثمرات آنے والے سالوں میں آپ کو ملتے رہیں گے گو آپ کی شمسی ساڑھ ستی جاری ہے بعض منجمین کا ماننا ہے کہ طالع کے حاکم زحل کی طالع میں آمد ساڑھ ستی کی کمزوری اور خاتمہ کا اعلان ہے۔ اس سال کا سب سے اچھا صدقہ **60** سال سے بڑی عمر کے مرد و زن کی حسب توفیق بروز ہفتہ مالی مدد کرنا ہے۔

آپ کی شخصیت:۔ 2022ء ابتدائے سال میں زحل کی نشست بارہویں اور پھر زحل کا **27** سال بعد **29** اپریل طالع میں آجانا اس سال کا انتہائی خوشگوار آسمانی کونسل کا بہترین ثمر دکھائی دیتا ہے گزشتہ پیدا شدہ مشکلات ذاتی یا اجتماعی ہی کیوں نہ ہوں آپ کا جس بھی علاقہ سے تعلق ہوگا آپ ان کی اور اپنی مشکلات پر بآسانی قابو پاسکیں گے تنہائی اور بے چینی کا احساس دور ہوگا خود اعتمادی میں اضافہ مخلصین اور بزرگوں اور دوستوں کی مدد شامل حال رہیگی اس سال

آئندہ سالوں کیلئے مستقبل کی پلاننگ کرنا بہترین ثابت ہوگا ستارہ زحل مریخ مشتری سعد نظرات 6,5,4,3,2 فروری، 31,30,29,28,27 مئی، 29,28,27,26 جون، 31 اگست، یکم 30,29,28,27,26,3,2 ستمبر، 28,27,26 نومبر، یکم دسمبر بننے سے آپ اپنی زندگی کے اہم فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہونگے بعض اوقات بہتر فیصلے کرنے کیلئے مشاورت کے ساتھ ساتھ سورۃ الرحمٰن میں ذکر کردہ نگینہ یاقوت چاندی میں بنوا کر پہننا بہت نیک ثابت ہوگا یہ ساڑھ ستی کا توڑ بھی ہے اور آپ کو ہمت و حوصلہ بھی عطا کریگا۔ 2022ء میں ہر قسم کی نحوست اور پریشانیاں دور ہونے کیلئے گوشت یا کلیجی پھیپھڑے لیکران پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر کسی کھلی جگہ جانوروں کو ڈالنا نہایت نیک صدقہ ثابت ہوگا۔

معاشیات, مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری گزشتہ سال سے آپ کے طالع میں چلا آرہا تھا اس کی اچھی نشست نے آپ کو مستقبل کی مالی اسکیموں پر راہنمائی کی ہوگی ستارہ مشتری 12 سال کے بعد 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء خانہ مال میں رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں خوشگوار تبدیلیاں لائیگا گزشتہ سالوں ساڑھ ستی کی نحوست کے سبب ذرائع آمدن میں محنت کے باوجود آپ کی کوششیں جو بارآور ثابت نہ ہوئیں تھیں اب روپیہ پیسہ کمانا گزشتہ سالوں کی بہ نسبت آسان ہوگا ایسا اچھا وقت جو 12 سال کے بعد آیا ہے اس اچھے وقت میں اپنے ذرائع آمدن بڑھانے کیلئے آپ جو بھی ممکنہ کوششیں فرمائیں گے آپ کی کوششیں بارآور ثابت ہونے کے ساتھ ساتھ پھلے پھولیں گی جز وقتی اور طویل المعیاد معاشی کاموں میں حصہ لینا مفید رہیگا خاندان میں اضافہ اور اولاد کے خواہاں کے ہاں اولاد نرینہ کی خوش خبری بھی مل سکتی ہے۔ اس سال آپ اپنا قرض اتارنے کے علاوہ ان لوگوں کی بھی مالی مدد کرسکیں گے جنھوں نے ماضی میں آپ پر کوئی احسان کیا ہو ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت (الٹا) پذیر ہونے سے اہم مالی معاملات ان دنوں سوچ سمجھ کر بجا لائیں بی زمانہ دیگر معاملات کے ساتھ روپے پیسے کی اہمیت ہر دور میں نہایت اہم ہوتی ہے ان ایام میں کسی کے لالچ میں آکر اپنے روپے پیسے کی کسی غلط جگہ سرمایہ کاری نہ کریں ہر جمعرات حسب توفیق زردہ بنا کر اس پر نذر اللہ نیاز حسین کا ختم دلا کر خود بھی کھائیں اور تقسیم بھی کریں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ دسویں اپنے ثانوی گھر میں 15 جنوری تک عروج یافتہ ہمراہ کیتو 19 مارچ تک شرف یافتہ اور ان کے مابین قمر (قمر در عقرب) کی نحوست 2022ء کے ابتداء سے ہی عزیز و اقارب کی جانب سے فکر و پریشانی ان کی صحت و سلامتی اور ان کے مالی معاملات میں آپ کو فکر و پریشانی جیسے واقعات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 2022ء ساڑھ ستی کے باوجود قدرت آپ کو اس قابل کردیے گی کہ آپ اپنے ساتھ اپنے عزیز و اقارب کی بھی بہتر خدمت کرنے کی پوزیشن میں آجائیں ستارہ مریخ 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ، 27 جون تا 10 اگست عروج یافتہ ہونے سے یہ بھی عرصہ عزیز و اقارب بہن بھائیوں اور پڑوسیوں کی بڑھ کر خدمت کرنے کے مواقع ملیں اندرون ملک متعدد کاروباری سیاحتی سفر پیش آئیں ستارہ مریخ زحل سعد نظرات 29,28,27,26 جون، 30,29,28,27,26 ستمبر، 28,27,26 نومبر، یکم دسمبر بننے سے قدرت کی فیاضی سے آپ اپنے اور اپنے عزیز و اقارب کی دلجوئی اور فراغ دلانہ خدمت انجام دے سکیں گے نظم و ضبط کی اعلیٰ صلاحیت کی بدولت عزیز و اقارب کا آپ سے تعاون اور آپ ایک دوسرے کیلئے بڑھ چڑھ کر احسان و خدمت انجام دینا پسند فرمائیں۔ مریخ زحل نحس نظرات 6,5,4,3 اپریل، 9,8,7,6 اگست بننے سے کچھ حاسدین اور مخالفین اور کم ظرف قسم کے رشتہ دار آپ کی اپنے احباب سے بڑھتا ہوا تعلق برداشت نہ کرتے ہوئے آپ کے مابین سازشیں اور پھوٹ ڈلوانے کی کوششیں بھی کرسکتے ہیں ایسا شک محسوس کریں تو اپنے قریبی لوگوں کو ان سے محتاط رہنے کا مشورہ دیں ٹریفک میں جلد بازی اور اس دوران کئے گئے سفر کچھ خاص نفع بخش ثابت نہ ہونگے خاص طور پر کاروباری حضرات اپنے اندرون ملک تجارتی سفر میں نظر ثانی سے کام لیں اشد ضروری سفر صدقہ و خیرات دیکر کرسکتے ہیں اپنی ہمت اور حوصلہ کو بڑھانے کیلئے سید الملائکہ حضرت جبرائیل کا شعر" شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار لافتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار " اسے 110 مرتبہ سفر کی ابتداء ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کا وسیلہ بن سکتی ہے۔

خاندان, جائیداد, سواری اور زراعت:۔ وتد الارض پر شرف یافتہ راہو مقابل کیتو 19 مارچ کو یہاں سے نکل کر تیسرے آجائے گا

راہو کی یہ نشست خاندان میں اضافہ عزت و مرتبہ جائیداد اور دیگر ٹیکنیکل ذرائع سے ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے گا وتد الارض اور بیت النصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ یکم جنوری تا 26 فروری بیت الامید میں اور پھر 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر عروج یافتہ رہنے سے گھریلو خوشیاں آپ کا مقدر ہو سکیں گی اہل خاندان سے میل ملاقات اور ان کی آمد و رفت سے آپ کے گھر میں رونق رہیگی۔ زہرہ و زحل سعد نظرات 30,29,28,27 مارچ، 25,24,23 مئی، 14,13,12 جولائی، 15,14,13 اکتوبر، یکم ,3,2 دسمبر بننے سے سماجی سیاسی عزت و توقیر خاندان میں آپ کی حیثیت خادم سے بڑھ کر قائدانہ پوزیشن تک چلی جائے گی۔ بزرگوں خصوصاً والدہ کی دعائیں آپ کے حق میں مستجاب ہونگی ان ایام میں زمین جائیداد کی خرید و فروخت حسب حیثیت سواری رہائشی تزئین و آرائش میں اضافہ کیا جا سکے گا۔ زہرہ و زحل نحس نظرات 19,18 جون، 29,28 اگست، 2 ستمبر، 8,7 نومبر بننے سے ٹریفک میں جلد بازی حادثات کا باعث بن سکتی ہے اہل خاندان کے کم ظرف اور حاسد لوگوں سے ان ایام میں محتاط رہیں حسب توفیق ہر جمعہ حشرات الارض کو صدقہ ڈالنا بہترین عمل ثابت ہوگا۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں بارہویں نحس گھر کے حاکم کیساتھ یکم جنوری تا 05 مارچ نحوست زدہ اور کمزور ہونے سے اولاد انعام محبت یہ سبھی معاملات اس عرصہ میں پریشان کن دکھائی دیتے ہیں خاص طور پر صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی روز و شب اور تعلیمی معاملات پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے محبت میں رسوائی یا بدنامی کے خدشات بھی بعید از قیاس نہیں انہی دنوں اسٹاک ایکسچینج یا انعامی مقابلوں میں حصہ لینا نقصان کا باعث بن سکتا ہے ستارہ عطارد 02 جولائی تا 16 اپریل عروج یافتہ، 21 اگست تا 26 اکتوبر شرف یافتہ ہونے سے مندرجہ بالا پیدا شدہ مسائل و پریشانیوں میں کمی آئے گی عطارد و زحل سعد نظرات 3,2 مارچ، 8,7 اپریل، 3,2 جولائی، 23,22 اکتوبر، 30,29 نومبر، یکم دسمبر بننے سے آپ کی تخلیقی اور ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ اور آپ یا آپ کے بچے ان دنوں کسی خصوصی تخلیقی ذہنی جسمانی روحانی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے مصروف عمل رہیں گے ان ایام میں بننے والے جذباتی تعلق جلد ہی شادی کا باعث بھی بن سکتے ہیں عطارد و زحل نحس نظرات 25,24 اپریل، یکم ,5,4,3,2 جون، 31,30 جولائی، 11,10,9 نومبر بننے سے ان ایام میں دوسروں کو چیلنج دینا یا ان کا چیلنج قبول کرنا جذباتی پن اور انعامی مقابلوں میں حصہ لینا کسی طور بھی نیک دکھائی نہیں دیتا تاہم انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے والے دلوی افراد 22,21,20,3,2 مارچ، 28,27,26 اپریل، 21,20,19,18 مئی، 21,20,19 جون، 24,23,3,2 جولائی، 23,22 اکتوبر، 30,29,17,16 نومبر، یکم دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2022ء ابتدائے سال میں بیت المرض کا حاکم ستارہ قمر منزل قلب (ہیشٹا نچھتر) اور برج عقرب میں ہمراہ عروج یافتہ مریخ اور شرف یافتہ کیتو کے ہونے سے ابتدائے سال میں اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ اپنی صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں الٹے سیدھے ٹونے ٹوٹکے نہ خود استعمال کریں اور نہ ہی اپنی فیملی کو استعمال کرنے دیں صحت اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل کریں غیر متوقع قانونی مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کے علاوہ بلاوجہ قرض لینا بھی مناسب نہ ہوگا تاہم سعد اکبر ستارہ مشتری 12 سال کے بعد 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء اپنے ذاتی گھر میں آنے سے تیسرے چھٹے دسویں اپنی شفایاب خوش بخت کرنوں سے آپ کی صحت اور دیگر تمام مسائل و پریشانیوں کو حل کروانے میں قدرت کی جانب سے مددگار ثابت ہوگا۔ یہ بھی زمانہ قرض کی ادائیگی اور صحت جسمانی کو بہتر اور بحال رکھنے کیلئے نہایت نیک ہے ستارہ زحل 05 جون تا 23 اکتوبر رجعت (الٹا) میں ہونے کے سبب اپنا اور اپنی فیملی کا میڈیکل چیک اپ کروانے میں کوئی مضائقہ نہیں ان ایام کے علاوہ اپنی سالگرہ کے قریب اپنا جسمانی ضروری ٹیسٹ کمزوری معدہ، جگر، بلڈ پریشر، کیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس اور ضروری ہو تو اپنے بلڈ کا مکمل ٹیسٹ کروا کر اپنی صحت یابی کی تسلی ضرور کرلیں کسی شکایت میں مبتلا ہونے کی صورت میں اپنے معالج

کی ہدایت پر مکمل عمل کریں ان ایام میں سفید اشیاء کا صدقہ دینا انتہائی نیک آسان صدقہ چاول کا ٹوٹا، پانی اپنے گھر کی چھت پر رکھیں اور ممکن ہو تو ہری مچھلیوں کو سمندر یا دریا میں زندہ پیر حضرت خضرؑ کو سلام کر کے ڈالنا ایک بہترین صدقہ اور ہر قسم کی نحوست و پریشانیاں نظر بد جادو ٹونہ کیلئے نیک ہے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کے مقابل طالع میں شادی اور خوشی کا کارک ستارہ مشتری 12 اپریل طالع کے مقابل اور پھر 12 سال بعد 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء دوسرے اپنے ثانوی ذاتی گھر میں عروج یافتہ ہونے اور خاندان کے اضافے کے گھر میں ہونے سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیاں اور مرد و زن کی 2022ء میں حسب پسند شادی ہو جانے سے خانگی ازدواجی شادی کی خوشیاں پا ہی لیں گے یہ خوش بخت سعادت پورا سال ملنے کے علاوہ ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 16 جولائی تا 17 ستمبر اوج و عروج یافتہ رہتے ہوئے منگنی یا رشتہ طے ہو جانے کیلئے یہ ایام مزید اہم دکھائی دیتے ہیں شمسی ساڑھ ستی کے باوجود ستارہ مشتری، ستارہ شمس اور ستارہ زہرہ کی تمام سال وقفہ وقفہ سے سعادتیں ملتی رہیں گی من پسند شادی کیلئے اسم اعظم یا وارث 707 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھنا اور پڑھ کر اپنے نیک نصیب اور جلد شادی ہو جانے کیلئے دعائیں کرنا نیک رہے گا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور وراثت کا حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں طالع کے حاکم زحل کے ساتھ 05 مارچ تک شمسی زائچے کے بارہویں نحس گھر ہونے سے پہلے تین مہینوں میں وراثتی شراکتی معاملات خاصے توجہ طلب اور پریشان کن دکھائی دیتے ہیں اسی سبب ذہنی سکون بھی متاثر ہو سکتا ہے یوں بھی آپ کی شمسی ساڑھ ستی جاری ہے جو دلوں صوم و صلوٰۃ عبادات اور ریاضت الٰہی کی پابندی کریں گے وہ بہت ساری گوناں گو پریشانیوں اور ذہنی تفکرات سے دور رہیں گے ستارہ زحل 27 سال بعد 29 اپریل تا 12 جولائی جیسے طالع میں آئے گا بگڑے کام سنورنے لگیں گے وراثتی شراکتی امور باہمی رضامندی سے حسب حل کئے جا سکیں گے خود اعتمادی میں اضافے سے آپ وراثت شراکت اور انشورنس کلیم جیسے بھی مفادات بآسانی پا سکتے ہیں تاہم ستارہ عطارد اس سال چار مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر ہونے سے 14 جنوری تا 04 فروری، 10 مئی تا 03 جون، 10 ستمبر تا 02 اکتوبر، 29 دسمبر تا 18 جنوری 2023ء یہ بھی ایام مندرجہ بالا امور میں احتیاط طلب ہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور بیت النصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں بیت الامید گیارہویں گھر میں نیک ہونے کے علاوہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 07 اگست، 18 اکتوبر تا 11 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ایک سے زیادہ پروگرام پر عمل درآمد جاری رکھیں گے مزید چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی برجی تبدیلی 2022ء عام سالوں کی بہ نسبت غیر معمولی دکھائی دیتا ہے ستارہ زہرہ کی سعادت کے علاوہ ستارہ مشتری 12 سال بعد 13 اپریل کو ایک سال کیلئے دوسرے اپنے ثانوی گھر میں عروج یافتہ اور پھر اس کے فوراً بعد طالع کا حاکم زحل 29 اپریل کو طالع میں آنے اور ان ہر دو ستاروں کی سعد پوزیشن اپنے اور اپنے احباب کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے اس سال کی گئی کوششیں یقینی طور پر بار آور ثابت ہوں گی کاروباری اغراض و مقاصد اور اعلیٰ تعلیم اور سیاحت کی غرض سے بھی حسب منشاء کامیابیاں مل سکیں گی طلبہ کو بیرون ملک یقینی طور پر کوئی اچھا اسکالرشپ مل جائیگا حج و عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے کی نیک اور معصوم تمنا بھی بر آئے گی۔ زہرہ زحل سعد نظرات 27,28,29,30 مارچ، 23,24,25 مئی، 12,13,14 جولائی، 13,14,15 اکتوبر، یکم، 2,3 دسمبر بننے سے قانونی اور روحانی معاملات خوشگوار انداز سے تکمیل پائیں اس عرصہ میں یقینی طور پر درخشاں مستقبل کی پلاننگ کی جا سکے گی قانونی امور پنچایتی طریقے سے بھی حل ہو سکیں گے زہرہ زحل نحس نظرات 18,19 جون، 28,29 اگست، 2 ستمبر، 7,8 نومبر بننے سے عارضی مشکلات پریشانیوں سے بچنے کیلئے حسب توفیق صدقہ و خیرات سب سے آسان صدقہ ہر جمعہ چینی یا شکر حشرات الارض کو بطور صدقہ ڈالیں۔

کیرئیر کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم ستارہ مریخ اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ بعد شرف یافتہ کیتو ہونے سے

2022ء کاروبار و کیریئر کے لحاظ سے غیر متوقع کامیابیوں کا سال دکھائی دیتا ہے ابتدائے سال میں پچھلے کے حاکم قمر کی یہاں کمزور نشست کامیابیوں کے ساتھ ساتھ حاسدین کی تعداد میں بھی اضافہ ممکن ہے 2022ء میں ہر پیر حسب توفیق چاول کا ٹوٹہ یا پانی پرندوں کو ڈالنا یا پھر سفید کپڑے کا صدقہ بطور کفن کسی قریبی ویلفیئر ادارہ مسجد یا ہسپتال میں جمع کرانا مفید ثابت ہو۔ چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو برج تبدیل کریں گے کلی طور سے خیر و برکت اور دولت کا حاکم ستارہ 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء 12 سال کے بعد اپنے ذاتی ثانوی گھر میں آ کر پورا سال آپ کے ملازمتی اور کیریئر کے گھر کو سعد ناظر رہنے سے ملازمتی فرائض ذمہ داری سے انجام دینے سے ترقی کا عنصر غالب رہے۔ حکام اور ماتحت افراد کا تعاون کاروباری وسائل میں اضافہ شمسی سارہ ستی کے باوجود اپنے جاری کاروبار میں مزید سرمایہ کاری کرنا نفع بخش ثابت ہو کم وسائل رکھنے والے کاروباری حضرات بھی اپنے کام کو پھلتا پھولتا محسوس کریں طالع کا حاکم زحل 29 اپریل 27 سال بعد جیسے ہی آپ کے طالع میں آئے گا یہ مزید کاروباری فنی قابلیت میں اضافہ کا باعث بنے گا۔ مستقل مزاجی سے اپنے کاروبار پر توجہ دینے سے آپ کے اندر خود اعتمادی یقینی طور سے بڑھے اور آپ ایک کامیاب بزنس مین بن کر ابھریں۔

دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 12 اپریل طالع اور پھر 13 اپریل تا 21 اپریل 2023ء دوسرے اپنے ثانوی گھر میں رہتے ہوئے آپ کی ممکنہ بھی دیرینہ خواہشات کی تکمیل حلقہ احباب میں وسعت اور سماجی سیاسی مذہبی معروفیات سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہیں ستارہ مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر جن دنوں رجعت (الٹا) میں ہوگا تب اپنے حاسدین اور کم ظرف لوگوں کی شناخت کے بعد ان سے دور رہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا 28 اپریل بارھویں گھر میں ہونے سے اپنی صحت جسمانی اپنے حاسدین و مخالفین نظر بد جادو ٹونہ سے محتاط رہیں طبیعت میں تنہائی پسندی کا غلبہ محسوس کریں تو سکون قلب ذہنی یکسوئی کیلئے ذکر الہٰی عبادت اور ریاضت میں وقت گزاریں تاہم حصول امیگریشن بیرون ملک قیام میں آسانیاں اور سہولتیں ملیں ستارہ زحل 05 جون تا 23 اکتوبر جن دنوں رجعت (الٹا) میں ہوگا ناگہانی مگر جائز اخراجات سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ آپ کی پہلے سے کی گئی بچت آپ کے کام آئے تاہم قرض لینے سے اعتراض کریں تو ویسے بھی آپ کا وقت آبرومندانہ طور پر گزر ہی جائے گا۔

دلوی مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2022ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے یکم مئی سورج گرہن تیسرے لگنے سے جلد بازی سے ٹریفک حادثات اور عزیز و اقارب کی جانب سے مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں 16 مئی چاند گرہن دسویں لگنے سے آپ کی بڑھتی ہوئی کاروباری سماجی سیاسی حیثیت کے خلاف حاسدین سازشیں کر سکتے ہیں 25 اکتوبر سورج گرہن نویں لگنے سے بیرون ملک کاروباری سفر یا تجارتی برآمدات بھیجنے سے پہلے ان کا مکمل انشورنس کروالیں 08 نومبر چاند گرہن پھر تیسرے لگنے سے عزیز و اقارب پڑوسیوں بہن بھائیوں کی جانب سے فکر و پریشانی جیسے واقعات پیش آنے کے خدشات ہیں ان ایام میں چاول کا ٹوٹا اور باجرہ بہترین صدقہ و خیرات ہے اور دو نفل نماز کسوف و خسوف پڑھ کر دعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 4,9,14,24,28 جنوری، یکم,5,6,11,20,25 فروری، یکم,2,5,10,20,24,28,29 مارچ، 2,7,16,20,25,29 اپریل، 4,14,18,22,24,27 مئی، یکم,10,14,18,23,28 جون، 2,8,12,13,16,20,25 جولائی، 12,16,21,21 اگست، 4,8,12,17,27,28 ستمبر، یکم,5,10,12,14,23,24,28 اکتوبر، 2,6,21,25,28,29,30 نومبر، 2,3,8,12,18,21,26,31 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 11,19,26 جنوری، 8,16,22 فروری، 8,15,22 مارچ، 4,5,12,18,24 اپریل، یکم ,2,9,15,16,29 مئی، 6,19,25 جون، 3,10,22,30,31 جولائی، 6,8,14,19,26,28 اگست، 2,22,29 ستمبر، 19,25,26 اکتوبر، 7,8,10,11,16,23 نومبر، 6,13,20 دسمبر۔

2022، جسکا مفرد نمبر **6** ستارہ زہرہ عالمی ہم آہنگی بین المذاہب کی آپس میں محبت اور روابط سے منسوب اور سب کی سب سے دوستی کا نمبر ہے اپنے تعلقات کو محفوظ و درخشاں بنانے سکون و سکھ کشادگی رزق شفاء یابی کے لئے کوئی سا درود شریف بلا ناغہ **222** مرتبہ پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کرکے اپنی فیملی دوستوں عزیزوں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اور آخر میں یوں دعا کریں "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ یَا عَزِیْز"

2022ء آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی یوں معلوم ہوتا ہے کہ موجودہ سال آپ کی زندگی کا بھرپور اور اہم سال دکھائی دیتا ہے آپ ہی کا برج حوت واحد برج ہے جو تکمیل کائنات کا مظہر ہے قدرت آپ پر کس قدر فیاض و مہربان ہے کہ آپ کا حاکم ستارہ مشتری **12** سال بعد **13** اپریل **2022** تا **21** اپریل **2023** یہاں آنے سے آپ کا مقدر سنوار دے گا ہر طرف سے خوش بختی اور خوشی آپ اپنی طرف آتی محسوس کریں گے آپ کا تعلق کسی بھی ملک شہر یا قصبے سے کیوں نہ ہو آپ اس پرآشوب دور میں کامیاب دنیاوی اور روحانی زندگی گزارنے کے ڈھنگ سے آشنا ہو سکیں گے انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنے خاندان دوست احباب اور بلا امتیاز و مذہب وطت آپ دوسروں کے کام آکر روحانی خوشی محسوس کریں گے آپ کے انصاف پسندانہ فیصلوں سے کئی ایک لوگوں کی زندگی بدل جائے گی آپ کی ذات کے اندر آپکو ہمت و حوصلہ ملے گا آپ کی سماجی سیاسی مذہبی حیثیت میں اضافہ ہوگا الغرض آپ کا جس بھی شعبہ زندگی سے تعلق ہے آپ کے ہاتھ سے کئی ایک صدقہ جاریہ کے کام انجام پائیں گے۔ آسمانی کونسل سے ایک اہم خبر **29** اپریل آپ کی ساڑھے سات سالہ شمسی ساڑھ ستی بھی شروع ہو جائے گی اس میں مزید اضافہ ستارہ زحل کے **17** جنوری **2023** تا **29** مارچ **2025** زحل کے بارھویں آنے سے مزید آزمائش طلب دور کی ابتداء ہو جائیگی۔ آپ کے اس سال کئے گئے صدقہ جاریہ کے کام آپ کو آئندہ آنے والے دنوں میں محفوظ رکھیں گے اب یا اس وقت سورۃ الرحمٰن میں ذکر کردہ مرجان **10,9** قراط یا اس سے بڑا مرجان چاندی کی انگشتری میں جڑوا کر دو نفل شکرانے کے ادا کرکے اپنے ہاتھ میں پہننا نیک ثابت ہوگا اس کے علاوہ ادارہ ہذا سے شرف زحل کا نقش ہدیۃً یا تحفۃً بھی منگوا کر فیض یاب ہو سکتے ہیں ستارہ زحل کی رجعت (الٹا) **05** جون تا **23** اکتوبر ہونے سے یہ ایام آزمائش اور مشکلات میں مبتلا کر سکتے ہیں ان ایام میں **60** سال یا اس سے زیادہ عمر کے مرد و زن کی بروز ہفتہ حسب توفیق ان کی مالی مدد کرنا بہترین صدقہ شمار کیا جاسکتا ہے۔

آپ کی شخصیت:۔ طالع کا حاکم ستارہ مشتری کلی طور سے آسمانی کونسل پر خیر و برکت کا ستارہ مانا جاتا ہے ابتدائے سال میں یکم تا **12** اپریل بارھویں نحس گھر ہونے کے سبب وہ فوائد عطا نہ کریگا جس کی آپ کو توقع ہو بلکہ برعکس جائز اور ناگہانی اخراجات اور دوسروں کی وجہ سے مشکلات پیش آسکتی ہیں آپ دوسروں کی امداد کرنے کی پوزیشن میں ہوں تو ضرور کریں کچھ مخلصین بھی آپ کی مادی روحانی اور ناگہانی آزمائش میں آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے روحانی ریاضت چلہ کشی صوم و صلوٰۃ کی پابندی پنجگانہ نماز کی ادائیگی کے ساتھ کچھ مرد و زن اپنی روحانی اور دنیاوی سکون کیلئے نماز شب کی پابندی بھی کرنا پسند کریں **12** سال کے بعد طالع کا حاکم ستارہ مشتری **13** اپریل تا **21** اپریل **2023** جیسے ہی طالع میں آئے گا گزشتہ پیدا شدہ تمام مشکلات و پریشانیاں دور کروادیگا

آپ جس شعبے سے بھی منسلک ہو گئے عزت و توقیر پائیں آپ کی سماجی سیاسی مذہبی حیثیت اور شخصیت میں اضافہ دوسرے آپ کی سحر انگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں 2022ء آپ کی زندگی کا ایک کامیاب ترین سال دکھائی دیتا ہے جب ہر طرف سے کامیابیاں عام ملیں اور رکاوٹیں و پریشانیاں بتدریج دور ہوتی رہیں فرمان امیر المومنینؑ ہے "عفت فقر کا زیور ہے اور شکر دولت مندی کی زینت ہے" ستارہ مشتری 29 جولائی تا 21 نومبر رجعت (الٹا) ہونے سے خوش بختیوں کا تسلسل و تواتر قدرے سست پڑ سکتا ہے شکر سے نعمتیں بڑھتی ہیں اپنے مالک کی جتنی شکر گزاری کریں گے اپنی نعمتوں میں اضافہ ہوتا ہوا پائیں گے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں نویں اپنے گھر ہی 15 مئی تک عروج یافتہ ہمراہ شرف یافتہ کیتو اور قمر در مقترب ہونے سے ذرائع آمدن میں عجیب و غریب طریقے سے اضافہ کروا سکتا ہے غیر متوقع دولت کسی انعام سے یا غیر قانونی ذرائع سے بھی ملنے کی پیشکش آ سکتی ہے یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کو کس طرح کی دولت درکار ہے ستارہ مریخ 26 فروری تا 07 اپریل شرف یافتہ، 27 جون تا 10 اگست عروج یافتہ رہنے سے ذاتی کوششوں سے روپے پیسہ کمانے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہو تاہم اخراجات بھی بلند رہیں طویل المعیاد یا جز وقتی سرمایہ کاری کرنی بھی ٹھیک رہے زحل مریخ سعد نظرات 29,28,27,26 جون، 28,27,26 ستمبر، 28,27,26 نومبر، یکم دسمبر بننے سے یہ بھی ایام اپنے پیشہ ورانہ ذرائع آمدن میں اضافے کے لئے کی گئی بھی نیک کوششیں بار آور ثابت ہوں مریخ زحل نحس نظرات 6,5,4,3 اپریل، 9,8,7,6 اگست بننے سے کسی لالچ میں آ کر اپنا قیمتی وقت اور پیسہ ضائع نہ کریں کاروباری معاہدے بھی ان دنوں سوچ بچار کے بعد کریں۔

عزیز و اقارب و اندرون ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کے گھر ایک اہم ستارہ راہو مقابل کیتو 19 مارچ تک شرف یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب پڑوسیوں بہن بھائیوں کی خدمت کے مواقع فراہم کرے آپ کسی کنجوسی یا درگزر جیسا عذر پیش کرنے کی بجائے ان کی ممکنہ حد تک خدمت کریں 2022ء چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی برجی تبدیلی گزشتہ سالوں کی بہ نسبت عزیز و اقارب سے تعلقات میں خوشگواری محسوس کریں اپنے قریبی احباب سے تجدید مراسم کیلئے وقتاً فوقتاً ان کے ہاں آنے جانے اور ان کا اپنے ہاں آنے سے خوشگواری کا احساس پائیں اندرون ملک کی ایک خوشگوار تفریح روحانی مطالعاتی سفر پیش آئیں مزید خوش بختیوں میں اضافہ 12 سال کے بعد ستارہ مشتری کا 13 اپریل سال بھر کیلئے طالع میں آنا دکھائی دیتا ہے ستارہ زہرہ 27 اپریل تا 23 مئی شرف یافتہ، 18 جون تا 13 جولائی، 18 اکتوبر تا 11 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب کی خدمت کرنے سے ان میں آپکی قائدانہ صلاحیت میں اضافہ خوش طبعی سماجی سیاسی مذہبی مصروفیات سے بھی عزت و توقیر بڑھے جدید علوم و فنون سیکھنے کا شوق بڑھے اندرون ملک کے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں زہرہ مشتری سعد نظرات 30 اپریل، یکم ,2 مئی، 30,29,28 جون، 19,18,17 اگست، 16,15,14 نومبر بننے سے ایک روحانی اور خوشگوار احساس دوسروں کی خدمت سے آپ محسوس کریں صاحب رائے ہونے سے آپ کو دوسروں کو بہترین مشوروں سے بھی نوازسکیں گے زہرہ مشتری نحس نظرات 26,25,24 جولائی، یکم ,2 اکتوبر، 10,9 دسمبر بننے سے ٹریفک حادثات کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں جلد بازی اور جذباتی پن میں کئے گئے فیصلے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

